کیا ووٹ مقدس امانت ہے؟

قرآن وسنت کی روشنی میں

تالیف:

فضلیه الشیخ حامد محمود حفظه الله

تسهیل:

شیخ محمد صالح حفظه الله

کیا ووٹ مقدس امانت ہے؟

قرآن وسنت کی روشنی میں

تالیف:

فضیلۃ الشیخ حامد محمود حفظہ اللہ

تسھیل:

شیخ محمد صالح حفظه الله

انٹرنیٹ ایڈیشن:

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

http://www.muwahideen.co.nr

http://tawhed.co.nr

فہرست

کتاب کانام: کیاووٹ ایک مقدس امانت ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں

مؤلف: فضیلۃ الشیخ حامد محمود حفظہ اللہ

تسہیل: الشیخ محمد صالح حفظہ اللہ

طباعت اول: ستمبر، ۲۰۱۱

تعداد: ۳۰۰۰

ناشر: ادارہ بیت الاسلام

نوٹ: اس کتاب کو عامۃ الناس کے لئے عام فہم اور آسان بنانے کے لئے کتاب کے متن کو تبدیل کئے بغیر بین القوسین {......} میں کچھ ہیڈ نگز اور مشکل الفاظ کے ساتھ آسان الفاظ اور بعض آیات کے تراجم بھی ڈال دیئے گئے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

سیاست سے لاتعلقی دین کا گمراہ کن تصور ہے

سیاست سے لاتعلقی دین کا گمراہ کن تصور ہے...... آسمان سے اوپر' زمین سے نیچے یا ملک سے باہر ہی کی بات کرنا دین انبیاء کی نمائندگی نہیں۔ جاہلیت کی تاریکی چار سو پھیلی ہو اور زندگی کا کوئی بھی گوشہ طاغوت کے پنجہ میں گرفتار ہو تو ورثہ نبوت یہ نہیں ہوا کرتا کہ اہل توحید معاشرے کی روش سے اتفاق واختلاف کے سلسلے میں "ذاتی رائے" رکھنے پر اکتفاء کرتے ہوں۔ طاغوت سروں پر مسلط ہو تو خاموشی ہی ایمان باللہ کے حق میں جرم ہو جایا کرتی ہے۔ پھر اگر باطل کے لئے تاویلات کی تلاش اور درمیانی راہیں نکالنے کا چلن ہو جائے اور روئے باطل کی پردہ پوشی حق سے کی جانے لگے تو یہ جرم ایسا ہے کہ آج تک صرف بنی اسرائیل کا امتیاز بن سکا ہے۔

شرک سے براءت کا عقیدہ ایسا نہیں کہ کوئی انسان یہ کہہ کر جان چھڑا لے کہ وہ بھی اسے اچھا نہیں سمجھتا یا دل سے قبول نہیں۔ طاغوت کوئی "پرہیزی" قسم کی چیز نہیں ہوا کرتی کہ صرف بے توجہی کا مستحق ہو۔[1]

[1] امام ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "ہر وہ چیز جو انسان سے حد بندگی پار کرادے "طاغوت" کہلاتی ہے چاہے معبود ہو یا پیشوا یا واجب اطاعت' اس بناء پر ہر قوم کا طاغوت وہ ہوگا جس سے وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو چھوڑ کر فیصلے کراتے ہوں' یا اس کی پرستش کرتے ہوں یا آسمانی بصیرت کے بغیر اس کے پیچھے چلتے ہوں یا ان امور میں اس کی اطاعت کرتے ہوں جنہیں وہ جانتے ہوں کہ یہ اللہ کی اطاعت نہیں"۔ (فتح المجید)

اس سے دشمنی وبراءت بھی کوئی نفلی عبادت نہیں جس کا کرلینا صرف درجات کی بلندی کا سبب ہو۔اس آسمان کی چھت تلے طاغوت اللہ کا سب سے بڑا دشمن ہے اور عرش عظیم کے مالک سے ایمان وفاداری کے ثبوت کے لئے بلند ترین آواز میں اللہ کے اس دشمن سے بغض وحقارت کا اظہار اور مسمار کر دینے کا عزم ہی ایمان کا حصہ 'نجات کا سبب اور انبیاء کا اہم ترین وبنیادی مشن ہے۔ ہمارا یہ رسالہ اس فرض کی جانب توجہ دلانے کی ایک ادنیٰ سی کاوش ہے 'کیا بعید کہ اللہ تعالیٰ اسے اہل توحید کے دل کی آواز بنادے۔

اس سلسلے میں ہم کچھ وضاحتیں کر دینا چاہتے ہیں۔

وہ لوگ تو اس رسالے کے مخاطب ہی نہیں جو اس نظام طاغوت کو بلاچوں وچرا اس تسلیم کر کے طاغوت کی بندگی کر رہے ہیں اور شاید انہیں اس پر فخر بھی ہو۔ ہمارے مخاطب صرف وہ لوگ ہیں جو بہر حال اپنے آپ کو مسلمان رکھنا چاہتے ہیں اور اسلام ہی پر مرنے کی آرزو دل میں رکھتے ہیں۔ ہماری بات صرف اس طبقہ سے ہو گی جس کی محفلوں میں بہر حال اللہ اور یوم آخرت کا ذکر ہوتا ہے اور جس میں دین کی اتنی رمق باقی ہے کہ اس جاہلی نظام کے ''ناقدین''{تنقید کرنے والوں} میں بہر کیف شامل ہوتا ہے۔

باقی وہ لوگ جن کیلئے عورت کی حکمرانی کفر کی حکمرانی سے زیادہ تکلیف دہ ہے 'ملک کا غم جنہیں دین سے زیادہ رہتا ہے اور قومی ترقی کی فکر جہنم کے عذاب سے زیادہ پریشان کرتی ہے یا جو محلے کے کونسلر سے خرابی تعلقات کے متحمل نہیں 'وہ اسلام پسند جو ''چھوٹا کفر'' اور ''کمتر برائی'' قبول کرنا ہی ہر مسئلہ کا حل سمجھتے ہیں اور وہ تھکے ہارے مسلمان جن کا وزن اس معاشرے میں صرف ووٹ کی حد تک ہی ہے اور وہ اسی کے ذریعے کمال کر دکھانا چاہتے ہیں...ان سب لوگوں کے لئے ہماری باتیں دل کو لگنے میں ناکام ہو جائیں تو ہماری توقع کے عین مطابق ہو گا۔شکست خوردہ انسانوں کی بھیڑ کو ایمانی مفہوم سمجھانا اور عزیمت کی راہ پر گامزن کرنا کبھی آسان نہیں رہا۔پستیوں میں بسنے والے بلندیوں کو سر کرنے کی بات کو ہلاکت اور تباہی کی دعوت قرار دیں تو یہ کبھی پہلے تعجب کی بات رہی ہے نہ اب۔

تصحیح معلومات کی خاطر ہم یہ بھی عرض کرنا چاہتے ہیں کہ انتخابات کی اس بھیڑ کے موقع پر ہم نے فرزندان توحید تک اس کے عقیدے کی آواز پہنچانے کی کوشش ضرور کی ہے مگر ہمارے رسالے کے اس موضوع کو وقتی اور مقامی نہ سمجھ لیا جائے جائے۔ایسے موقع پر حق بیان کرنا ناگزیر ضرور ہو جایا کرتا ہے مگر اس وجہ سے حق کو بھی ہنگامی سمجھ لینا بہت بڑی زیادتی ہو گی۔ حق پر ایمان اور باطل کا انکار الیکشن سے پہلے اور بعد یکساں فرض ہے اور اس کا ابلاغ کسی وقت ضروری تر ہو جائے تو اس سے اس فرض کی عالمگیر اور آفاقی حیثیت کم تر نہیں ہو جاتی۔

اس کے علاوہ ووٹ کے عنوان سے بھی کوئی ہر گز یہ نہ سمجھ لے کہ ہم خاص اس فعل کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑنا چاہتے ہیں اور اگر کوئی سیاست سے ویسے ہی لاتعلق ہے (ووٹروں کی اکثریت حق رائے دہی استعمال نہیں کرتی) تو یہ رسالہ اس سے متعلق نہیں! الیکشن سے عدم دلچسپی کا سبب اگر بصیرت ایمانی نہ ہو تو ایسے دنیا بیزاروں سے ہمیں کوئی سروکار نہیں۔

یہ رسالہ الیکشن کے ساتھ خاص نہیں

چونکہ یہ رسالہ الیکشن کے ساتھ خاص نہیں اس لئے کوئی صاحب اسے اخباری روزنامچہ نہ سمجھ لیں جو تاریخ اشاعت سے اگلے ہی روز اپنی افادیت کھو دیتا ہے اور یوں بڑے آرام سے ردی کی نذر ہو جاتا ہے ۔یہ رسالہ عقیدہ کی دعوت ہے اور اس دعوت کو لوگوں تک پہنچانے کے لئے الیکشن سے بعد کا وقت بھی اتنا ہی مناسب ہے جتنا اس سے پہلے. ہماری درخواست ہے کہ اس موضوع پر کوئی رائے قائم کرنے سے پہلے یہ رسالہ پڑھ لیا جائے اس کے بعد جو رائے قائم کرنا چاہیں آپ آزاد ہوں گے۔اس رسالے میں بعض شبہات کا بھی مختصر طور پر ازالہ کیا گیا ہے۔شبہات اور اعتراضات اور بھی ہو سکتے ہیں جو اگر ہم تک پہنچائے جائیں تو رسالہ کی آئندہ اشاعت میں مفید و ممد ہوں گے۔

ہمیں اعتراف ہے کہ جمہوریت ایسے طویل موضوع کا ایک مختصر رسالہ میں سماجانا ممکن ہی نہیں۔اسے پوری تفصیل کے ساتھ زیر بحث لانے کے لئے دراصل کئی ایک تصنیفات کی ضرورت ہے۔مگر انسانی

ہمت بہر حال محدود ہے۔اس سلسلے کی پہلی کتاب ''جمہوریت وقت کا طاغوت''تیاری کے مراحل سے گزر رہی ہے۔ہماری درخواست ہے کہ ہمارے موقف کی پوری وضاحت اور اس پر وارد شبہات کے مفصل جواب کے حصول کے لئے اس کتاب کا انتظار کیا جائے۔

حاملین دین کو عقیدہ وتحریک کے منہج سلف سے روشناس کرانے کے لئے اور اپنے گردوپیش کے بارے میں بصیرت پیدا کرنے کے لئے بہت کچھ لکھنے اور سمجھنے کی ضرورت ہے اور اس سلسلے میں معاشرے کے صالح عناصر میں تعارف وتعاون کی راہ نکل آنا اس دین کا تقاضا بھی ہے اور ہماری عین منشاء بھی۔

وہ بھائی جو اس رسالے کو مفید پاتے ہوئے پھیلانا چاہیں یا چھپا کر تقسیم کرنے کے خواشمند ہوں تو ہم ان کیلئے مزید خیر کی توفیق کیلئے دعا گو ہیں۔چھپانے کی صورت میں 'ویسے تو ہم سے مسودہ بھی دستیاب ہو گا 'تاہم سرورق پر مذکور ہمارا رابطہ کا ایڈریس ضرور دے دیا جائے کہ ہم اس بارے میں اعتراضات وتجاویز وغیرہ وصول کر سکیں۔

علاوہ ازیں'ایک تو کوئی صاحب اس میں کسی بھی قسم کی کمی بیشی کے قطعاً مجاز نہیں۔دوسرا'اس رسالہ کی مخالفت یا حمایت میں جیسا بھی رد عمل ہو ہم صرف اس موقف کے پابند ہوں گے جو ہماری مطبوعات میں پیش کیا جائے گا۔

﴿اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ﴾(یوسف:۴۰)

{"حکم دینے کا اختیار صرف اللہ کو ہے،(اسی لئے)اس نے حکم دیا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو"۔}

اسلام کی ابتداء نماز روزہ سے نہیں

اسلام کی ابتداء نماز روزہ سے نہیں اس بات سے ہوتی ہے کہ انسان غیر اللہ کی خدائی کا کھلم کھلا انکار کرے اور پھر اللہ کو تنہا معبود تسلیم کرتے ہوئے اس کی بندگی اور وفاداری کا دم بھرے۔ دین اسلام کا پہلا سبق یہی ہے۔ مگر اس ابتداء کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ مسلمان ہوتے وقت ایک بار یہ کاروائی عمل میں آجائے تو پھر باقی زندگی اسلام کے دیگر اعمال کرتے گزار دی جائے۔ اور اگر اسلام باپ دادا کی میراث میں پایا ہو تو یہ ایک بار کی شعوری گواہی بھی ضروری نہ رہے! اللہ کی وحدانیت کی یہ شہادت دراصل اسلام کی اساس ہے۔ اسی عمارت پر باقی عمارت کھڑی ہو تو وہ اسلام کی عمارت کہلائے گی۔ سو کسی فرد یا کسی تحریک کی نمازوں کو اس بات کی شہادت ہونا چاہیئے کہ خدائی {کا اختیار} غیر اللہ کو سزاوار نہیں۔ اس کے روزے زکوٰۃ اور حج انسانوں کی جباری کی نفی کرتے ہوئے اس بات کے گواہ ہوں کہ اطاعت وبندگی صرف عرش عظیم کے مالک کے لائق ہے۔ اس کی اذانیں اور مسجدیں اس بات کا مجسم اعلان ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی حاکم اور الہٰ نہیں۔ اس کی تکبیرات وتسبیحات اور اس کے ذکر واذکار غیر اللہ کی کبریائی کے خلاف اعلان جنگ بن جائیں۔ وہ دعوت دے تو دنیا سے یہ تسلیم کرانے کیلئے کہ رب العالمین کے قانون کے سوا ہر نظام اور ہر قانون پاؤں تلے روند دیئے جانے کے قابل ہے اور انسانوں کی جبیں نیاز کا ہر سجدہ خالق کائنات کا حق ہے۔ وہ جہاد کرے تو جابروں کو سدھانے اور دھرتی کو طاغوت سے پاک کرنے کرنے کے لئے۔ اس کا جینا بھی بت گرانے اور شرک مٹانے کی کوشش میں ہو اور اس کا مرنا بھی اللہ کا نام بلند کرنے کی خاطر ہو۔ غرض اس کی ساری زندگی لا الہ الا اللہ کے اس مفہوم کی شہادت ہو تو عبادت کہلاتی ہے۔

اللہ کی بڑائی کا یہ اقرار تب تک کارآمد نہیں جب تک اس کے شریکوں اور دنیا کے باطل خداؤں کو عدوات اور برأت کے پیغام نہ پہنچادیئے جائیں۔ اللہ پر ایمان بھی تب ہی معتبر ہوگا جب طاغوت سے کفر کرکے ساری زندگی اس سے دشمنی اور بیر رکھنے کا عہد کیا جائے۔ تب ہی اللہ سے دوستی ہوگی اور تب ہی وہ مضبوط آسمانی سہارا ہاتھ آئے گا جو نہ دنیا میں مرتے دم تک ساتھ چھوڑنے والا ہے اور نہ آخرت کی مشکل گھڑی میں۔

{فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا}

"اب جو کوئی طاغوت کا انکار کرکے اللہ پر ایمان لے آیا' اس نے ایک ایسا مضبوط سہارا تھام لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں"۔ (البقرہ:۲۵۶)

مالک الملک کی کبریائی کی یہ شہادت خالی نفلی عبادت یا صرف بلندی درجات کا سبب نہیں جس کا کرنا یا نہ کرنا آپ کی مرضی اور مزاج پر موقوف ہو! یہ کوئی سیاسی موقف بھی نہیں جو آپ کی تنظیمی پالیسی کا محتاج نظر ہو! یہ ایمان کا بنیادی مسئلہ ہے اور ہر انسان کا فرض اولین۔ یہ امیر پر بھی فرض ہے اور غریب پر بھی۔ ایک مزدور اور کسان سے بھی اس کا وہی تقاضا ہے جو ایک سرمایہ دار اور زمیندار سے ایک عالم اور دانشور بھی دنیا میں یہی شہادت دینے کے لئے پیدا ہوا ہے اور ایک عامی اور معمولی حیثیت کا آدمی بھی۔ ہر وہ مخلوق جو انسان کہلاتی ہے اور عقل کی نعمت سے محروم نہیں مرتے دم تک اس سے یہی شہادت مطلوب ہے۔ مرنے کے بعد بھی اس سے سوال کیا جائے گا تو یہی کہ اپنے رب اور اپنے دین کی بابت اس کی کیا شہادت رہی۔ اور کیوں نہ ہو' انسانوں کی تخلیق کا مقصود یہی ہے۔ بلکہ کائنات کی پیدائش کی غرض وغایت بھی یہی ہے اور دنیاوآخرت کی سب سے بڑی حقیقت بھی۔ یہ تو وہ شہادت ہے جو کائنات کا خالق خود دیتا ہے' اس کے فرشتے دیتے ہیں' زمین وآسمان کے اندر علم رکھنے والی ہر ہستی یہی گواہی دیتی ہے۔

{شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ }

''اللہ نے خود اس بات کی شہادت دی ہے کہ اس کے سوا کوئی الہ نہیں ہے اور فرشتے اور سب اہل علم بھی راستی اور انصاف کے ساتھ اس پر گواہ ہیں کہ اس زبردست حکیم کے سوا فی الواقع کوئی الہ نہیں ہے اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے''(آل عمران:۱۹-۱۸)

رسولوں کی بعثت کا مقصد

رسولوں کے پے درپے قافلے یہی شہادت دلوانے کیلئے مبعوث ہوتے رہے ہیں۔

{ وَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ }

''ہم نے تم سے پہلے جو رسول بھیجا ہے اس کو یہی وحی کی ہے کہ میرے سوا کوئی الہ نہیں پس تم میری ہی بندگی کرو۔'' (الانبیاء:۲۵)

آسمان وزمین اسی شہادت کے دم سے قائم ہیں۔چاند'سورج اور ستارے'درخت'پہاڑ اور سب مخلوقات تنہا اس کے سامنے سجدہ ریز اور اسی کی وحدانیت کا اعلان کرتے ہیں۔آسمانی کتابیں یہی شہادت دینے آتی ہیں۔قرآن کی بار بار کی تکرار کا موضوع یہی ایک ہے۔قوموں پر تباہی وبربادی اسی کے انکار سے آتی رہی۔حق وباطل کے معرکوں کا ہمیشہ یہی ایک عنوان رہا۔انبیاء کی معصوم اور پرامن تلواریں ہر بار اسی مسئلہ پر بے نیام ہوئیں۔جنت اور جہنم اسی تنازعہ کا فیصلہ کرنے کو وجود میں آئیں۔قبر اور محشر کے ہولناک اندھیروں میں روشنی اسی شہادت{ گواہی} کے بقدر نصیب ہوگی۔قیامت کو لگنے والے ترازو اسی کے بار سے جھکیں گے۔سب سے وزنی بات یہی ہے۔بہترین دعوت یہی لا الہ الا اللہ ہے۔افضل ترین ذکر یہی ہے۔عرش والے تک وسیلہ اور سفارش کا ذریعہ یہی ہے۔عروۃ وثقیٰ اور دنیا وآخرت کا مضبوط ترین سہارا اس کے سوا کچھ نہیں۔کفر واسلام میں فرق یہی ایک کلمہ ہے۔خوش نصیب ہے جو اس حقیقت کو پالے بدنصیب ہے جو اسے اپنے وجود کی شناخت نہ بنا سکے۔

لا الٰہ الا اللہ کے اصل مفہوم کے ساتھ ادائیگی کے نتائج

اسلام اس لا الٰہ الا اللہ سے شروع ہو تو یہی نماز جاہلیت کے لئے سوہان روح بن جایا کرتی ہے یہی اذان ایک شیاطین ہی کو کیا شیاطینِ انس تک کو تکلیف دینے لگتی ہے۔ یہ مسجدیں اور محرابیں دشمنان دین کے دل میں کانٹے کی طرح چبھتی ہیں۔ تب قرآن کی آیات مومنوں کو اپنے زندہ مفہومات بخشتی ہیں اور طاغوتوں کے لئے موت کا پیغام بنتی ہیں۔ پھر کسی دعوت کو جاہلیت سے اعتراف اور رجسٹریشن کی امید رہتی ہے نہ جہاد کو سرپرستی کی توقع۔ اسلام اس عقیدہ پر قائم ہو تو نہ طاغوت کی قومیت دریافت کرنے کی احتیاج رہتی ہے کہ آیا وہ پاکستان سے تعلق رکھنے کا شرف رکھتا ہے' ہندوستان کا باشندہ ہے یا انگلستان کا' نہ اس کا رنگ اور شجرہ پوچھا جاتا ہے کہ وہ گورا ہے یا کالا اور نہ اہل ایمان کو اس کی جنس جاننے سے دلچسپی رہتی ہے کہ اللہ کی خدائی میں شرکت کا دعویدار کوئی مرد ہے یا عورت! طاغوت میں یہ کالے گورے اور مذکر مونث کی تمیز وہی قوم کرتی ہے جس کے دین کی ابتدا لا الٰہ الا اللہ سے نہ ہوئی ہو یا پھر وہ ''الہ'' اور ''ربوبیت'' کا مطلب جاننے سے قاصر اور ''عبادت'' اور ''دین'' کے مفہومات سے ناآشنا ہو۔

دین اور الٰہ کا مفہوم درست کیجئے

قرآن تو اجتماعی زندگی میں ''دین'' اس نظام تمدن اور قانون کو کہتا ہے جو کسی قوم میں رائج ہو' جس پر اس کی سیاست ومعیشت اور تمدن استوار ہو اور جس پر اس کی عدالتوں میں فیصلے کئے جاتے ہوں۔ یہ نظام اگر اللہ کی کتاب اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی تعلیمات پر قائم ہو تو اس قوم کا ''اسلام'' ہے۔ اگر ایسا نہ ہو تو وہ ''دین الملک'' ہے یا دین الجمہور' اسلام نہیں۔ سورہ یوسف (آیت نمبر ۷۶) میں { مَا كَانَ لِيَأْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ } کہہ کر قرآن نے مصر کے قانون کو بادشاہ کا قانون قرار دیا ہے۔ چنانچہ دین صرف وہ نہیں ہوتا جو کسی قوم کے مذہب اور دھرم کی کتابوں کے اندر بند پڑا ہو بلکہ قرآن کی رو سے کسی ملک کا دین دراصل اس ملک کا قانون ہوتا ہے چاہے پرائیویٹ اور انفرادی زندگی میں ان کا دھرم اور عقیدہ کچھ بھی ہو۔

پھر الٰہ اور معبود وہ ہے جو انسانوں کیلئے زندگی کے ضابطے اور قانون بنائے۔ رب وہ ہے جس سے مخلوق کو جائز اور ناجائز کے پیمانے صادر ہوتے ہیں۔ سو قرآن کی زبان میں کسی قوم کے قانون ساز اس کے ارباب اور معبود کہلاتے ہیں۔

{اَمۡ لَهُمۡ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوۡا لَهُمۡ مِّنَ الدِّيۡنِ مَا لَمۡ يَاۡذَنۡۢ بِهِ اللّٰهُ}

''کیا ان کے وہ شریک ہیں جنہوں نے ان کے لئے شریعت سازی کرر کھی ہے جس کا اللہ نے حکم نہیں دیا''۔(الشوریٰ:۲۱)

{اِتَّخَذُوۡۤا اَحۡبَارَهُمۡ وَرُهۡبَانَهُمۡ اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَالۡمَسِيۡحَ ابۡنَ مَرۡيَمَ وَمَاۤ اُمِرُوۡۤا اِلَّا لِيَعۡبُدُوۡۤا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبۡحٰنَهٗ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ}

''انہوں نے اپنے احبار ورھبان کو اللہ کے سوا اپنا رب بنالیا ہے اور اسی طرح مسیح بن مریم کو بھی۔ حالانکہ ان کو معبود کے سوا کسی کی بندگی کا حکم نہیں دیا گیا تھا' وہ جس کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں' پاک ہے وہ ان مشرکانہ باتوں سے جو یہ لوگ کرتے ہیں''۔(التوبۃ:۳۱)

پھر عبادت اور بندگی یہ ہے کہ کسی کے قانون پر چلا جائے اور اس سے حلال وحرام کے ضابطے اور جائز وناجائز کے پیمانے لئے جائیں۔ سو اللہ کے قانون پر چلنا اللہ کی عبادت ہے اور غیر اللہ کے قانون پر چلنا غیر اللہ کی بندگی۔ مسند احمد اور ترمذی میں روایت ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے 'جو پہلے عیسائی تھے' بوقت قبول اسلام اس امر کا انکار کیا کہ ''اِتَّخَذُوۡۤا اَحۡبَارَهُمۡ وَ رُهۡبَانَهُمۡ اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ'' کہ رسول ﷺ نے ان کو یہ جواب دیا تھا:

((بلى انهم حرموا عليهم الحلال واحلوا لهم الحرام فاتبعوهم فذلك عبادتهم اياهم))

''کیوں نہیں! وہ ان پر حلال کو حرام کرتے اور حرام کو حلال کرتے تو وہ تسلیم کر لیتے تھے ۔یہ ان کی عبادت ہی تو ہے''۔(تفسیر ابن کثیر)

(وضاحت: دین'عبادت الہ اور رب کے یہ مفہومات انسانی زندگی کے سیاسی اور اجتماعی شعبوں کے ساتھ متعلق ہیں۔ رہے ان الفاظ کے قلبی اور یا انفرادی جوانب تو رسالہ کا موضوع نہ ہونے کے باعث وہ یہاں بیان نہیں ہوئے۔ اس سے یہ سمجھ لینا درست نہ ہو گا کہ ہم ان قرآنی اصطلاحات کو سیاست اور نظام تک محدود رکھتے ہیں۔ تاہم نظام اور سیاست "دین" میں بہر حال شامل ہے اور عبادت 'الہ اور رب کے مفہومات سے اس کا گہرا اور براہ راست تعلق ہے۔ مصنف)

کسی کے قانون کو تسلیم کرنا دراصل اس کی عبادت ہے

سو قرآن اور رسول ﷺ کا فیصلہ یہی ہے کہ کسی کا قانون تسلیم کرنا دراصل اس کی عبادت ہے اگرچہ اس کام کو عبادت اور بندگی کا نام نہ بھی دیا جائے' چاہے یہ کام کرنے والوں کو معلوم تک نہ ہو کہ بندگی اور عبادت یہی ہے' جیسا کہ عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ معلوم نہ تھا۔ قرآن کی رو سے یہ بھی ضروری نہیں کہ کوئی انسان خدا کہلا کر ہی خدائی کے مرتبے پر فائز ہوتا ہے جیسا کہ احبار ورھبان خدا نہ کہلاتے تھے مگر قرآن نے ان کو اربابا من دون اللہ کہا ہے۔ چنانچہ ہر وہ انسان جو انسانوں کے لئے قانون صادر کرنے کا حق رکھتا ہو وہ اللہ کا شریک ہے۔ زمین کے جھوٹے خداؤں میں ان کا باقاعدہ شمار ہو گا اگرچہ اس کا لقب فرعون نہ ہو اور اگرچہ وہ عوام کا نمائندہ یا عوام کا خدمت گار کہلاتا ہو۔

یہ عبادت اور الوہیت کے مفہوم درست نہ ہوئے تو بتوں کو پوجے جانے کے لئے صرف شکلیں بدلنی ہوں گی۔ دین کا مطلب واضح نہ ہوا تو گمراہیوں اور ضلالتوں کو صرف چولے تبدیل کرنے پڑیں گے۔

توحید کو ماننے والے کہاں ہیں؟

اب ہمیں ان پاک طینت {پاکیزہ صفات کے حامل} موحدین کی خدمت میں کچھ گزارشات کرنی ہیں جو اللہ کی وحدانیت کو اپنے وجود اور دعوت کی شناخت بنا کر نجات کے متلاشی ہیں۔ جو مہنگائی کی فکر سے بلند ہو کر یہ سوچنے پر آمادہ ہیں کہ بجٹ اور مزدوروں کی تنخواہ سے بڑھ کر بھی دنیا میں قوموں کے پریشان ہونے کی کوئی وجہ ہو سکتی ہے جو ایمان رکھتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام دنیا میں روٹی کے نرخ کم کروانے کے لئے مبعوث ہوئے تھے نہ سڑکیں اور گلیاں پکی کرانے کے لئے۔ جن کا یہ اعتقاد ہے کہ آسمانی صحیفے انسانوں کو نہ تو افراط زر سے ڈرانے کے لئے نازل ہوتے رہے ہیں اور نہ ہی قومی ترقی کی نوید دینے کے لئے 'بلکہ پیغمبران حق ہر زمانے کے انسانوں کو اپنے وقت اور اپنے ملک کے طاغوت سے کفر وعداوت کرانے اور اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ ایمان اور وابستگی استوار کرانے کے لئے آتے رہے ہیں اور یہ کہ آسمانی کتابوں کا اصل موضوع جہنم کا عذاب ہے یا آخرت کی نجات۔

ان خردمندوں سے یہ بات اجھل نہ ہوگی کہ ملک میں یہ خوف وہراس 'بے چینی اور بدامنی وبے یقینی کے بڑھتے ہوئے سایے اور مار دھاڑ 'قتل وغارت 'غبن اور خرد برد کا خوفناک طوفان اس قوم کی بدقسمتی کا سبب نہیں صرف ایک مظہر ہے۔ اس کی علت اس کے سوا کچھ نہیں کہ اس کا مالک اس سے ناراض ہے ۔اس قوم کی خوش بختی کی یہی ایک صورت ہے کہ یہ اللہ کے تمام شریکوں کا برسرعام انکار کر کے ہر اس بت کو پاش پاش کر دینے کے لئے اٹھ کھڑی ہو جو اللہ کے ماسوا اس ملک میں پوجا جاتا ہے اور اپنی معاشی ابتری کا حل تلاش کرنے سے پہلے کتاب اللہ سے اپنا وہ فرض دریافت کرے جس کا ادا کرنا مادی ترقی ایسے کسی معجزے کے ساتھ مشروط نہ ہو۔ محمد ﷺ کو ہادی تسلیم کر لینے کے بعد کوئی قوم جس کا شدت سے اپنے مسائل کا حل کفار کے ہاں تلاش کرے گی اسی قدر اس کی منزل قریب نظر آئے کے باوجود سراب بنتی چلی جائے گی۔

{ وَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِیْعَةٍ یَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً حَتّٰۤی اِذَا جَآءَهٗ لَمْ یَجِدْهُ شَیْـًٔا وَّ وَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ وَ اللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ }

"جنہوں نے کفر کیا ان کے اعمال کی مثال ایسی ہے جیسے دشت بے آب میں سراب' کہ پیاسا اس کو پانی سمجھے ہوئے تھا' مگر جب وہاں پہنچا تو کچھ نہ پایا' بلکہ وہاں اس نے اللہ کو موجود پایا 'جس نے اس کا پورا پورا حساب چکا دیا۔ اور اللہ کو حساب لیتے دیر نہیں لگتی"(النور:۳۹)

ہمارے مخاطب وہ حضرات ہیں

سو ہمارے مخاطب وہ حضرات ہیں جو یہ احساس رکھتے ہیں کہ "معاشی" اور "سیاسی" منزل یا "آزادی" ایسی اصطلاحیں امت محمد ﷺ کو زیب نہیں دیتیں۔ اس کی منزل ماسوا اس کے کچھ نہیں کہ الٰہی ہدایت کا دامن تھام کر یہ اندھیروں سے نکلے اور بھٹکی ہوئی انسانیت کو روشنی کی سمت لے کر چلے۔

{اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ }

"اللہ مومنوں کا حامی و کارساز ہے 'وہ ان کو تاریکیوں سے روشنی میں نکال لاتا ہے۔ اور جو لوگ کفر کی راہ اختیار کرتے ہیں 'ان کے حامی و کارساز طاغوت ہیں وہ انہیں روشنی سے تاریکیوں کی طرف کھینچ لے جاتے ہیں۔"(البقرۃ:۲۵۷)

قرآن کریم کھروں میں رکھ کر جو قوم خود اندھیروں کے تعاقب میں نکل کھڑی ہوتی ہو' بد بختی کے سوا اس کا کوئی انجام ہونا ہی نہیں چاہئے تب اس پر لٹیرے مسلط ہوں یا وہ خود ایک دوسرے کا گلا کاٹنے لگیں تو اس کا باعث قوم کی ناخواندگی یا سیاسی شعور کی کمی نہیں' یہ اللہ کے عذاب کی ایک صورت ہوا کرتی ہے۔

{ قُلۡ هُوَ الۡقَادِرُ عَلٰٓى اَنۡ يَّبۡعَثَ عَلَيۡكُمۡ عَذَابًا مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ اَوۡ مِنۡ تَحۡتِ اَرۡجُلِكُمۡ اَوۡ يَلۡبِسَكُمۡ شِيَعًا وَّ يُذِيۡقَ بَعۡضَكُمۡ بَاۡسَ بَعۡضٍ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ نُصَرِّفُ الۡاٰيٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَفۡقَهُوۡنَ }

"کہو وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر کوئی عذاب اوپر سے نازل کر دے' یا تمہارے قدموں کے نیچے سے برپا کر دے' یا تمہیں گروہوں میں تقسیم کر کے ایک گروہ کو دوسرے گروہ کی طاقت کا مزہ چکھوا دے' ہم کس طرح بار بار مختلف طریقوں سے اپنی نشانیاں ان کے سامنے پیش کر رہے ہیں شاید کہ یہ حقیقت کو سمجھ لیں۔" (الانعام:٦٥)

{ وَ مَنۡ اَعۡرَضَ عَنۡ ذِكۡرِىۡ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيۡشَةً ضَنۡكًا وَّ نَحۡشُرُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ اَعۡمٰى }

"اور جو میرے ذکر (درس نصیحت) سے منہ موڑے گا اس کیلئے دنیا میں تنگ زندگی ہوگی اور قیامت کے روز ہم اسے اندھا اٹھائیں گے۔" (طہٰ:١٢٤)

مخلصین سے ایک سوال

ان تمام مخلصین سے ہمیں دریافت کرنا ہے کہ آج کفر کو نیست و نابود کر دینے میں اصل رکاوٹ اس کے سوا کیا ہے کہ باطل کا قبیح چہرہ اسلام کے پردے سے ڈھانپ دیا گیا ہے؟ آج فرزندان توحید کے ہاتھوں میں تیشے اس لئے نہیں دکھائی دیتے کہ معبودان باطل کو اسلام کی قبائیں زیب تن کرا دی گئی ہیں۔ آج اللہ کے شریکوں تک نے کلمہ گوئی کی سند حاصل کر لی ہے اور باطل کا سرکاری نام حق رکھ دیا گیا ہے۔ چاہئے تو نہ تھا کہ آج باطل تہ تیغ ہونے سے اس لئے بچا رہتا ہے کہ کفر نے اسلام کا روپ دھار لیا ہے اور استعمار نے اپنی شکل تبدیل کر رکھی ہے۔ مگر کیا وجہ ہے کہ نصف صدی سے انہی ایوان ہائے شرک {پارلیمنٹ} کا طواف ہوتا ہے اور کسی کو یہ احساس نہیں کہ اللہ کے عذاب کو بر سر عام دعوت دی جا رہی ہے؟

کیا ہمارے دین میں واقعتاً کوئی ایسا رخنہ { کجی یا کھوٹ } ہے کہ کلمہ گوئی کے بعد ہر قسم کے شرک اور کفر کا کھلا پروانہ مل جاتا ہے ؟ کیا واقعی کفر کو اسلام بن جانے کے لئے صرف تبدیلی نام کی ضرورت ہوا کرتی ہے ؟ اور یوں نام اور شکلیں تبدیل ہو جائیں تو کفر اسلام بن جایا کرتا ہے 'حرام حلال ہو جاتا ہے اور طاغوت ''اولی الامر'' کہلانے لگتے ہیں ؟ اگر وہ سود کو انوسمنٹ کا نام دے دیا جائے 'جوئے کو انشورنس اور پرائز بانڈ کہہ لیا جائے، شراب کو جام حیات 'فاحشاؤں کو فنکار وآرٹسٹ اور غیر اللہ کی حاکمیت ایسے کھلے شرک کو اسلامی جمہوریت کا لقب دے دیا جائے تو کیا واقعی ہماری شریعت کے تقاضے بدل جاتے ہیں ؟

ہمارے دین نے تو تلبیس کی اس روش کی صرف مذمت ہی نہیں پیشین گوئی تک کرر کھی ہے۔

{ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا }

''یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں تجارت بھی تو آخر سود ہی جیسی چیز ہے 'حالانکہ اللہ نے تجارت کو حلال کیا اور سود کو حرام ''(البقرۃ:۲۷۵)

یہ عین سنت یہود ہے

غلاظت کو خوبصورت الفاظ دینا حق کو باطل سے ملانا' یہ عین سنت یہود ہے۔ انہی نے سود کو تجارت کا نام دے کر اور کاروبار سے تشبیہ دے کر داعی بر حق کو جھٹلانے کی کوشش کی تھی۔ انہی کی تاریخ اس فعل قبیح سے بھری ہوئی ہے۔

{ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ }

پھر ان ظالموں نے اس بات کو جو ان سے کہی گئی تھی، بدل ڈالی۔(البقرۃ:۵۹)

آج انہی یہود کے پیروکار اور شاگرد ہمیں یہ بتانے آتے ہیں کہ قرآنی شوریٰ کا تصور تو جمہوری پارلیمنٹ سے ملتا جلتا ہے! ہمیں یہ سبق پڑھائیں جاتے ہیں کہ ابراھام لنکن کا دیا ہوا ووٹ کا تصور بھی تو

ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر ہونے ہونے والی بیعت کی طرح کی چیز ہے! اسلام کے نام پر بننے والے جاہلی اداروں میں دن رات یہ تلقین ہوتی ہے کہ اسلامی حقوق و فرائض اور جمہوریت کی مادر پدر آزادیوں میں بس تھوڑاہی فرق ہے! یہ انما البیع مثل الربا صرف ایک جملہ نہیں جو قرآن نے نقل کر دیا ہے۔ مذہبی فریب کاری اور نقب زنی کی تاریخ میں ایک باقاعدہ مذہب چلا آیا ہے ۔اس امت میں بھی اس شیطانی مذہب کا چلن ہونا تھا۔ سو ہو گیا۔ خود رسول اکرم ﷺ نے اس کی پیشین گوئی یہ کہہ کر فرمائی۔

((عن ابي مالك رضی الله عنه انه سمع رسول الله ﷺ يقول : ليشربن ناس من امتي الخمر يسمونها بغير اسمها ،يعرف على رؤوسهم بالمعازف والمغنيات ، يخسف الله بهم الارض ويجعل منهم القردة والخنازير)

”میری امت میں ضرور ایسے لوگ ہوں گے جو شراب نوشی کریں گے مگر اسے نام کوئی اور دیں گے ان کی محفلوں میں راگ چلیں گے اور گلوکارائیں گائیں گی اللہ ان کو زمین میں غرق کرے گا اور ان میں سے بندر اور سور بنائے گا۔“ (ابن ماجۃ)

دوہرے پیمانے

اہل علم سے ایک سوال

اہل خرد کے سامنے ہم یہ سوال رکھنا چاہتے ہیں کہ کیا کفر وہی ہوتا ہے جو کسی ہندو عیسائی یا یہودی کے ہاتھوں سرزد ہوتا ہو؟ اور اگر اللہ کی وہی بغاوت 'وہی کفر اور وہی شرک "کلمہ" کی رسم ادا کر لینے کے بعد ہوتا رہے تو الٰہی اصولوں کو تبدیل ہو جانا پڑتا ہے؟ کیا کفر کی گالی کھانے کیلئے استعمار کا بنفس نفیس یہاں موجود ہونا ضروری ہے؟ یہ کافر استعمار خود موجود نہ ہو تو پھر اس کے جانشین خواہ اسی کے دین اور اسی کے قانون کے رکھوالے ہوں 'بس مقامی نسل ہونے کے ناطے ان کا یہ حق ہو جاتا ہے کہ استعمار کے خلاف اٹھے ہوئے ہاتھ جہاں تھے وہیں رکے رکے رہ جائیں! طاغوت کے منصب پر کوئی اپنا بیٹھ جائے تو کیا ہاتھ جہاں تھے وہیں رکے کے رکے رہ جائیں! طاغوت کے منصب پر کوئی اپنا بیٹھ جائے تو کیا شرعاً خیر سگالی فرض ہو جاتی ہے؟ تب تبدیلی لانے کی ہر اسکیم پر سرکاری منظوری کی شرط بھی عائد ہو جاتی ہے؟ اگر ایسا ہے تو ماننا پڑے گا کہ ہمارے دین میں واقعی کوئی ایسا رخنہ موجود ہے اور اس میں نقب لگانے کی واقعی اتنی گنجائش ہے کہ وہ کام جو کفار مغرب کے ٹینک اور توپیں نہ کر سکیں وہ یہاں کے "ظل اللہ"[1] {ہونے کے جھوٹے دعویدار} بیٹھے بٹھائے ازروئے شریعت کر لیا کریں! سو کیا فرزندان اسلام کو اپنی شرعی رعایا بنا رکھنے کے لئے شیاطین مغرب کو صرف اتنی تکلیف کرنی پڑے گی کہ ان ملکوں کی حکمران آسامیوں پر مقامی بھرتی کر لی جائے؟ تب ہمارے دین میں اس کفر سے برسرپیکار ہونے کے لئے کوئی دلیل باقی نہ رہے اور علماء یہ فتویٰ دینے لگیں کہ اب کلمہ خیر اور دعا کے سوا کوئی چارہ نہیں اور اس باطل نظام کو عداوت کے پیغام دینا شریعت کے خلاف ورزی اور پیغمبر کی حکم عدولی ہے؟

[1] {یہ ایک شرعی اصطلاح ہے جو کہ اللہ کے نازل کردہ کلام کے مطابق حکمرانی کرنے والے کے لئے استعمال کی جاتی ہے}

حق اور باطل کے اصل پیمانے چھپ گئے

یہ دوہرے پیمانے کا رکھنے کا سبب کیا یہ تو نہیں کہ آج حق اور باطل کے اصل پیمانے چھپ گئے ہوں ؟حق وہ ہے جو اخباروں میں چھپے اور باطل وہ ہے جو ہمارے دانشوروں کو برا لگے ! شرک وتوحید کا فرق لوگوں کے عرف{معاشرے میں رائج}اصطلاحات کو دیکھ کر کیا جاتا ہو اور کفر واسلام کا تعین شناختی کارڈوں سے ہوتا ہو۔نہ کفر کی تعریف اللہ کی کتاب سے لی جاتی ہو اور نہ اسلام کی تعریف اس کے رسول سے پوچھی جاتی ہو۔یہیں پر بس نہیں بلکہ وہی کفر جو مغرب کے نامہ سیاہ میں بھیانک نظر آتا ہو وہ ''فرزندان اسلام'' کے ہاں پہنچے تو عین اسلام کہلائے !ایک ہی بت کی پوجا یورپ میں کفر ہو اور یہاں درجات کی بلندی کا سبب ! وہی جرم جس سے اقوام مغرب کو دوزخ کی وعید ملتی ہو وہ اس قوم کو رحمت کی نوید دے جایا کرے۔

{ اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ}
''کیا تمہارے کفر کرنے والے ان سے بہتر ہیں یا تمہارے لئے آسمانی صحیفوں میں کوئی براءت نامہ لکھ دیا گیا ہے ؟''(القمر:۴۳)

((عن ابی سعید الخدری رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ ﷺ قال :لتتبعن سنن من قبلکم حذو القذة بالقذة، حتی لو دخلوا حجر ضب لدخلتموہ، قالوا: یارسول اللہ، الیھود والنصاری ؟ قال :فمن ؟))
''ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جن راہوں پر تم سے پہلے چلے ،ضرور تم بھی ان کے قدم بقدم چلوگے ۔حتیٰ کہ اگر ان میں کوئی ضب (ایک جانور) کے بل میں گھسا ہو گا تو تم میں بھی ایسا کرنیوالے ضرور ہوں گے عرض کی گئی اے اللہ کے رسول!کیایہود ونصاریٰ (کی راہیں)مراد ہیں؟فرمایا تو اور کن کی؟ (بخاری۔مسلم)

((وَعَنْ ثَوْبَانَ رضی الله عنه أن رَسُوْل اللهِ ﷺ قَالَ : وَلَا تَقُومُ السَّاعَة حَتَّى تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي بِالْمُشْرِكِينَ وَحَتَّى تَعْبُدَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِي الْأَوْثَانَ))

”حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہeنے فرمایا:اور قیامت تب تک نہ آئے گی جب تک میری امت کے کچھ قبائل مشرکین سے نہ جاملیں اور جب تک میری امت کے کچھ قبائل بت نہ پوجنے لگیں“۔(رواہ ابو داود وھو صحیح انظر عون المعبود)

پاک سر زمین کا نظام

لاالٰہ الااللہ وہ کلمہ توحید ہے جو شرک سے براءت کا اعلان کرتے وقت ادا کیا جاتا ہے۔اس کا مدعا ومقصود ہم پیچھے بیان کر آئے ہیں۔اہل علم کے ہاں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک انسان اپنی باقی ماندہ زندگی شرک سے تائب اور توحید پر کاربند رہنے کی شہادت دے۔

مگر مرجئہ[1](ایک گمراہ فرقہ)کا مذہب پھیل جانے کے باعث آج کلمہ کی ایک نرالی شکل دریافت ہوئی ہے۔{جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ}اس کلمہ کے بھی الفاظ تو وہی ہیں مگر یہ پڑھا اس وقت جاتا ہے جب شرک کرنے کا ارادہ ہو! اس کو ادا کئے بغیر انسان شرک وکفر کرلے تو جہنمی اور واجب القتل قرار دیا جائے مگر یہ ایک ایسا منتر ہے جسے پڑھ لینے کے بعد نہ تو شرک نقصان دے نہ کفر کرلینے سے کوئی فرق پڑے اور نہ انسان کے طاغوت بن جانے سے کوئی فتویٰ وجود میں آئے۔اس کی مجرب افادیت کے پیش نظر اب یہ جلی حروف میں ان مزارات کے ماتھے پر لکھ دیا جاتا ہے جس کے اندر انسانوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ کسی قبر پر رکوع وسجود کرتے سرعام دیکھے جاسکتے ہیں۔گویا یہ کلمہ جو ہر شرک کے لئے موت کا پیغام تھا اسی شرک کے لیے اب یہ بہترین تریاق ہے!

---

[1]{مرجئہ گروہ سے مراد:''مرجئہ''وہ تھے کہ جنہوں نے کہا کہ جو شخص بھی کلمہ پڑھ لے پھر اس کے بعد چاہے اس سے جو بھی افعال کفر وارتداد کا ظہور ہو بس دل میں اس کو اچھا نہ جانے،وہ دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوگا۔چناچہ ان کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دار کرتے ہوئے کہا تھا:

((وعن انس بن مالك قال قال رسول الله ﷺ صنفان من امتی لایردان علی الحوض ولا یدخلان الجنة،القدریة والمرجئة)) (الطبرانی فی الاوسط رجاله رجال هرون بن موسی الفروی وهو ثقة،مجمع الزوائدج:۷ص:۲۰۷)

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:میری امت کے دو گروہ حوضِ کوثر پر نہ آسکیں گے اور نہ جنت میں داخل ہوسکیں گے،قدریہ اور مرجئہ''۔}

{ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلاً غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ }
پھر ان ظالموں نے اس بات کو جو ان سے کہی گئی تھی، بدل ڈالی۔(البقرۃ:۵۹)

حاکم اعلیٰ اور شرک

دستور پاکستان کی پیشانی پر اس کلمہ کا ترجمہ یوں لکھا گیا ہے کہ "اللہ تعالیٰ حاکم اعلیٰ ہے" مراد یہ ہے کہ کلمہ پڑھ لیا گیا اب آگے ہر قسم کے شرک کا راستہ صاف ہے چنانچہ دستور کے اسی دیباچہ میں جہاں اللہ کو حاکم اعلیٰ کہا گیا ہے تھوڑا آگے چل کر وہیں یہ بھی لکھا ہے کہ:

"پاکستان کا سیاسی ڈھانچہ جمہوری طرز کا ہو گا"

یہ شرک ضرور ہے مگر چونکہ کلمہ پڑھ کر کیا گیا ہے اس لیے پریشانی کی کوئی بات نہیں! یہ بھی دیکھتے چلیں کہ حاکم اعلیٰ کے اس لفظ کی دستوری تفسیر کیا ہے؟ دستور اس کا جواب یہ دیتا ہے کہ حاکم اعلیٰ ایک بے ضرر سا "اعزازی عہدہ" ہے جو نہ تو کسی کو جیل بھجوا سکتا ہے اور نہ ہی جیل سے چھڑا سکتا ہے۔ اس کی اتاری ہوئی آیت نہ تو کسی چور کا ہاتھ کٹوا سکتی ہے۔ اور نہ سود کو ناجائز اور قابل مواخذہ قرار دے سکتی ہے اس کا فرمان بہترین اخلاقی اپیل تو ہے مگر قانوناً نہ جوئے کو روک سکتی ہے اور نہ فحش فلموں کو۔ انسانی زندگی میں جائز وناجائز اور قانونی وغیر قانونی قرار دینا یہ ایک باقاعدہ اختیار ہے جو اس آئین میں "حاکم اعلیٰ" کو بہر حال حاصل نہیں اور نہ ہی یہ بات طے کرنا اس کے رسول کا کام ہے! اللہ اور اس کے رسول کو مذہب کے شعبے میں تو جائز وناجائز کے تعین کا پورا حق حاصل ہے مگر قانون کے شعبے میں حلال وحرام کا تعین "حاکم اعلیٰ" کے رسول کا کام نہیں بلکہ دیباچہ دستور کی رو سے یہ حق اسکی مخلوق کے نمائندوں کو سزاوار ہے۔ شق کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

Where in the state shall exerciase its powers and authority through the chosen reperesentative of the people.

بلکہ آئین کا آرٹیکل 4 یہ کہتا ہے کہ جرم اور سزا کا تعین صرف اور صرف ملک میں رائج قانون کرے گا یہ حق اللہ اور اس کے رسول کو نہیں کہ جرم وسزا کا تعین وہ کریں۔ اللہ اور اس کے رسول نے اگر کچھ کہنا ہی ہے تو وہ عوامی نمائندوں سے کہیں۔ صرف وہی اس بات کے مجاز ہیں کہ ''اگر وہ چاہیں ''تو'' اللہ اور اس کے رسول کی بات کو قانون کا درجہ دیں'' نہ مانیں تو اور رسول کی بات کی وہی حیثیت ہو گی جو کسی بھی انسان کی کسی بھی قانونی تجویز یا مطالبہ کی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ حاکم اعلیٰ والی شق دستور کے دیباچہ میں ہے ضرور مگر اسے لے کر ایوان ہائے عدل میں چلے جانے کی کہیں گنجائش نہیں۔ سب سے پہلے یہ آئین اس بات کی اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ تجربہ کرنے پر مصر ہوں تو بڑے شوق سے ایسا کر دیکھئے آپ کو یہی جواب ملے گا کہ عدالتوں کو اس سے غرض نہیں کہ قرآن میں کیا آیا ہے یا حدیث میں کیا لکھا ہے قرآن کی دلالت چاہے جتنی بھی قطعی اور واضح ہو اور حدیث کیسی بھی متواتر ہو آپ گھر بیٹھ کر اس کی تلاوت کریں مسجد میں جا کر لوگوں کو سنائیں مگر عدالت میں لا کر نہ اس کا تقدس پامال کریں اور نہ ججوں اور وکیلوں کا وقت برباد کریں کیونکہ آئینی لحاظ سے اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں۔

ملک میں رائج قانون قرآن کی محکم آیات سے نہیں

کون نہیں جانتا کہ ملک میں رائج قانون قرآن کی محکم آیات سے نہیں بلکہ انگریزی قانون کی کالی کتابوں سے لیا جاتا ہے؟ ایسا بھی نہیں کہ یہ بات آئین پاکستان سے متصادم ہو اور سب کی سب عدالتیں اس حاکم اعلیٰ والی آئینی شق کے خلاف چل رہی ہوں جیسا کہ فریب دیا جاتا ہے کہ دستور تو اسلامی ہے گڑبڑ صرف اس کے نافذ کرنے والے کرتے ہیں۔ اس کے برعکس دستور کی دفعہ (1)268 کی عین یہی منشا ہے کہ قانون کتاب اللہ کی بجائے انگریزی دور کے صحیفوں سے لیا جائے گا۔ جتنا بھی فریب دیا جاتا رہے مگر اس بات سے کون لاعلم ہے کہ عدلیہ 'مقننہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اور افراد اسی قانون پر عملدرآمد کا حلف اٹھاتے اور اسی سے وفاداری کا عہد کرتے ہیں۔ قانون دان آپ کو یہی بتائیں گے کہ دستور پاکستان 'اللہ کے حاکم اعلیٰ ہونے کا یہ مطلب کہیں نہیں لیتا کہ اس کی اتاری ہوئی آیات کو قانون کا درجہ حاصل ہے۔ یہ ویسا ہی ہے کہ اللہ ''الٰہ'' تو ہے مگر اس کو بندگی کرانے کا حق نہیں! چنانچہ

دستور میں مذکور یہ ”حاکمیت اعلیٰ“کسی قانونی اطاعت اور آئینی فرمانبرداری کو مستلزم{لازمی } نہیں{کرتی ہے}۔نہ یہ حاکم اعلیٰ والی شق غیر اللہ کے قانون کو باطل اور غیر اللہ کی بندگی کو حرام {کرتی ہے}۔سو ملکی آئین میں اللہ حاکم اعلیٰ ضرور ہے مگر سیاست اور قانون کے ایوانوں میں امر و نہی اور تحلیل وتحریم{حلال وحرام} کا اختیار اسے نہیں بلکہ اس ملک کے قانون ساز خداؤں{ارکانِ پارلیمنٹ} کو ہے۔رہاحاکم اعلیٰ تو اس کا حکم نہ تو پولیس کے لئے ہے نہ فوج کے لئے ٗنہ عدالتیں اس کے قانون اور اس کے نازل کردہ حلال وحرام پر فیصلے دینے کی دستوراًپابند ہیں نہ شعبہ ہائے زندگی کو چلانے کے والے سرکاری اداروں پر اس کی آیات اور اس کے رسول کے فرمان کے سامنے سمعناواطعنا کہنے کی کوئی آئینی پابندی ہے اور نہ تعلیمی اور نشریاتی شعبوں میں شرک والحاد کے سبق دینے پر کوئی قدغن ۔اس تمام تر شرک اور بغاوت کی کھلی آئینی چھٹی کے باوجود اللہ تعالیٰ اس آئین کی رو سے ”حاکم اعلیٰ “ہے!

پاکستان میں حاکم اعلیٰ کی آسامی

اللہ کی حاکمیت کا یہ نسخہ بھی کیاخوب ہے جو سیاست کے ایوانوں کو شریعت محمدی کی غیر مشروط اطاعت اختیار کئے بغیر ہی اسلام کی سند دے دیتاہے۔شیطان نے سمجھا دیاہو گا کہ اگر برطانیہ کا بادشاہ امر و نہی کے ہر قانونی اختیار سے تہی دست ہونے کے باوجود تاج پہننے کا مجاز اور قانوناًواجب اطاعت نہ ہونے کے باوجود تخت شاہی پر متمکن ہے تو پاکستان میں حاکم اعلیٰ کی آسامی پر لفظوں کا کھیل کیوں ممکن نہیں! یہ بات آپ کو ناگوار گزرے تو ذرادستور پاکستان کی قانون ساز مخلوقات کے آئینی اختیارات کا ایک نظر جائزہ لیجئے اور پھر فرمایئے برطانیہ میں بادشاہ اور پاکستان میں حاکم اعلیٰ کے اعزازی عہدے میں کیا فرق ہے؟

{سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ }

{اس(اللہ) کی ذات بہت پاکیزہ اور برتر ہے ہر اس چیز سے جسے(یہ)لوگ اس کا شریک بنا رہے ہیں(الزمر:٦٧)}

بنابریں یہ بات کسی خوش فہمی سے زیادہ نہیں کہ ملکی آئین نے اللہ کو" حاکم اعلیٰ" کہہ کر ایک بار زبان سے کلمہ ادا کر دیا ہے اور اب معاملہ صرف عملی کوتاہی تک محدود ہے۔ کلمہ کے مطلب سے تو ادنیٰ ترین واقفیت رکھنے والے بھی بتاسکتے ہیں کہ حکم وآئین کے باب میں اللہ کو حاکم اعلیٰ کہہ دینے سے کام نہیں چلتا اس سے پہلے غیر اللہ کی حاکمیت اور قانون سازی ایسے اختیار کی دوٹوک اور صاف صاف نفی ضروری ہے۔ اس کے بعد ہی اللہ تعالیٰ کو حاکم ماننے کی بات معتبر ہوسکتی ہے۔ آج تاریخ کا چہرہ مسخ نہ کر دیا گیا ہوتا تو یہ بات محتاج وضاحت نہ تھی کہ پرانی قومیں بھی اللہ کو معبود اعلیٰ کہنے سے انکاری نہ تھیں مسئلہ تو ہمیشہ چھوٹے چھوٹے خداؤں کا رہا جن کا دعویٰ تھا کہ خداوند اعلیٰ نے انہیں کچھ اختیارات سونپ رکھے ہیں۔ خود انبیاء کا جھگڑا ان بیچ کے خداؤں سے تھا سو غیر اللہ کی بندگی اور اطاعت کی نفی پہلے ہو تب کلمہ ادا ہوتا ہے ورنہ حاکم اعلیٰ کا تصور تو کبھی باعث نزاع نہیں رہا۔

{ ءَ اَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ }

"کیا بہت سے متفرق رب بہتر ہیں یا وہ ایک اللہ جو سب پر غالب ہے؟ اس کو چھوڑ کر تم جن کی بندگی کر رہے ہو وہ اس کے سوا کچھ نہیں ہیں کہ بس چند نام ہیں جو تم نے اور تمہارے آباؤ اجداد نے رکھ لئے ہیں' اللہ نے ان کیلئے کوئی سند نازل نہیں کی۔ فرماں روائی کا اقتدار اللہ کے سوا کسی کے لئے نہیں ہے۔ اس کا حکم ہے کہ خود اس کے سوا تم کسی کی بندگی نہ کرو ۔ یہی (دین قیم) ٹھیٹھ سیدھا طریق زندگی ہے' مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔" (یوسف:۴۰)

کلمہ شہادت کا جزواول: غیر اللہ کے حق تشریع و قانون سازی سے انکار

یہ تو رہی غیر اللہ کے حق تشریع و قانون سازی کے انکار اور نفی کی بات جو کہ کلمہ شہادت کا جزواول ہونے کے ناطے ناگزیر ہے پھر جہاں تک اللہ کی حاکمیت کے اثبات کا تعلق ہے تو وہ اسی صورت میں

قابل اعتبار ہے کہ اس کا فرمایا مستند اور اس کا کہا قانون تسلیم ہو۔ قانون دانوں سے پوچھئے آپ کا دستور اس دوسری بات سے بھی انکاری ہے۔

اگر اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت کو دستوراً نا قابل ترمیم تعطیل اور نا قابل تنسیخ قانون اور ہر آئین سے بالاتر آئین نہ مانا جائے تو اس کی حاکمیت کا دعویٰ 'کلمہ گوئی کی شرط تک پوری نہیں کرتا۔ اس کی شریعت کو غیر مشروط اور اٹل قانون مانے بغیر اسے حاکم اعلیٰ کا خطاب دینا ایک لغو بات ہے... اللہ کو رب ماننا مگر اس کے نازل شدہ حکم کو حتمی قانون کا درجہ نہ دینا' شعبہ سیاست کا محمد ﷺ کی لائی ہوئی ہدایت کا دستوری طور پر پابند نہ ہونا مگر مذہبی طور پر آپ کو رسول کہنا وہ بدترین مذاق ہے جو اس سیکولر ایوان میں پورے دستوری اہتمام کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ یہ تو ایسا ہی ہے کہ آپ کسی کو جج کہیں مگر اسے فیصلہ کرنے کا حق دینے پر تیار نہ ہوں دنیا میں آپ کسی سے یہ مذاق کرنے کے روادار نہیں تو پھر مالک الملک کے سامنے کس برتہ (بل بوتے) پر یہ جرات کرلی جاتی ہے؟

{فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا}

''نہیں اے محمد (ﷺ)! تمہارے رب کی قسم یہ کبھی مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ اپنے باہمی اختلافات میں یہ تم کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں پھر جو تم فیصلہ کرو اس پر اپنے دلوں میں بھی کوئی تنگی (تک) محسوس نہ کریں بلکہ سر بسر تسلیم کرلیں''۔(النساء:٦٥)

کتاب وسنت کے مطابق قانون سازی!

جہاں تک آئین کی مشہور زمانہ دفعہ (A 227) کا تعلق ہے جسکا حوالہ جمہوری اسلام پسند حضرات اکثر دیا کرتے ہیں یعنی:

"موجودہ قوانین کو کتاب وسنت کی تعلیمات کی مطابقت میں لایا جائے گا اور کوئی قانون ان تعلیمات کے خلاف نہ بنایا جائے گا"۔

تو اگر آپ یہ سمجھ رہے ہیں کہ اس دفعہ کے آجانے کے بعد اسلام اب اس ملک میں دھرم نہیں رہا بلکہ دین کی حیثیت اختیار کر گیا ہے اور انسانوں کے بنائے ہوئے خلاف اسلام قوانین اب یہاں کوڑی کے نہیں رہے تو یہ آپ کی غلط فہمی ہے دستور میں ایسا سمجھنے کی کوئی گنجائش نہیں۔اور اگر آپ یہ رائے رکھنے پر بضد ہیں تو قرآن کا کوئی بھی ایسا ثابت اور قطعی حکم ایوانہائے عدل میں پیش کر دیکھئے جو وقت کے رائج قانون سے متصادم ہو آپ کو یہی جواب ملے گا کہ آپ صرف اپنی من پسند دفعات دیکھنے کے عادی ہیں پورا دستور نہیں پڑھتے ورنہ دستور میں جابجا قانون ساز مجالس کا ذکر دیکھتے تو قطعاً اس خوش فہمی کا شکار نہ ہوتے۔اور نہیں تو صرف دفعہ (1)268 دیکھ رکھی ہوتی تب بھی یہ شکایت نہ ہو سکتی تھی ذرا اس دفعہ کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں اور پھر دیکھئے کہ دفعہ (A 227) کا کیا مطلب رہ جاتا۔

Except as provide by this Artical, all existing laws shall, subject to the constitution, continue in force, so far as applicable and with the necessary adaptation, until altered, repealed or amended by the appropriate Lagislature.

ترجمہ: بجز جیسا کہ اس آرٹیکل میں قرار دیا گیا ہے تمام موجودہ قوانین اس دستور کے تابع جس حد تک قابل اطلاق ہوں اور ضروری تطبیق کے ساتھ اس وقت تک بدستور نافذ رہیں گے جب تک مناسب مقننہ انہیں تبدیل یا منسوخ نہ کردے یا ان میں ترمیم نہ کردے۔ (ترجمہ از حکومت پاکستان وزارت عدل وپارلیمانی امور شعبہ عدل ص۱۶۷)

دوسری بات یہ ہے کہ 227(1) کا یہ کہنا کہ کتاب وسنت کی تعلیمات کے خلاف کوئی قانون صادر نہ ہو گا ایک خوش کن اور امید افزا بات ضرور ہے مگر اس سے متصل بعد کی شق پڑھیں تو اس کا سارا مزہ کرکرا ہو جاتا ہے چنانچہ آرٹیکل 227(1) میں مذکور اس خوشنما بات کی عملی تفسیر صرف اور صرف آرٹیکل 228 تا 230(4) کی صورت میں کی جاسکتی ہے، اب ذرا 230(4) کو پڑھئے تو معلوم ہو گا کہ کسی قانون کے خلاف اسلام ہونے کا فتویٰ اسلامی نظریاتی کونسل کی مہر لگ کر بھی آجائے تو ایسا قانون پاس کرتے وقت پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلیوں کو نظریاتی کونسل کی یہ رپورٹ مد نظر رکھنی ہو گی۔ غور فرمایئے ۔۔۔ صرف مد نظر رکھنی ہو گی! یعنی وہ اسے مانے یا نہ مانے اس میں وہ پوری طرح آزاد ہے...

جبکہ 230(3) کی رو سے اسمبلیاں نظریاتی کونسل کے فتویٰ کا انتظار کئے بغیر بھی یہ قانون پاس کر سکتی ہیں۔ پاس ہو جانے کے بعد یہ قانون اگر نظریاتی کونسل کی نظر میں خلاف اسلام نکل آئے تو اس صورت میں صدر یا گورنر کو صرف اتنی زحمت کرنی ہو گی کہ اس قانون پر نظر ثانی کرلیں۔ ملاحظہ فرمایئے ۔۔۔ نظر ثانی کرلیں! یعنی نظر ثانی کے بعد بھی اس خلاف اسلام قانون کا برقرار رہنا ٹھہر جائے تو اکی پوری آزادی ہے۔ اب بتایئے 227(1) سے جو امید افزا بات چلی تھی وہ 230(4) تک پہنچ کر کیا سے کیا ہو گئی؟

تیسری بات یہ کہ دستور میں جو 227(1) کو لغو اور بے معنی کرنے کے جابجا انتظامات کئے گئے ہیں خود جمہوری اسلام پسند بھی اس سے ناواقف نہیں۔ ورنہ جہاں ملک کی اعلیٰ عدالتیں صدر مملکت تک کے خلاف آئین اقدامات کالعدم قرار دے دیتی ہیں وہاں ہمارے اسلام پسند بھی تو آئے روز پاس ہونے والے خلاف اسلام قوانین کو 227(1) کا حوالہ دے کر چیلنج کر سکتے تھے کہ کتاب وسنت کی تعلیمات کے خلاف قانون صادر ہونا آئین کی خلاف ورزی ہے مگر کیا وجہ ہے کہ جمہوری اسلام پسند حضرات ان "اسلامی دفعات" کے سب حوالے ان پڑھ عوام کے سامنے تو خوب دیتے ہیں مگر کسی کو یہ ہمت نہیں پڑتی کہ ان حوالوں کو لے کر عدالتوں میں جائے اور خلاف اسلام قوانین کو کالعدم کرالائے؟ اب بھی

اگر کسی کو یہ زعم ہے تو وہ اس آئینی خلاف ورزی کو چیلنج کر سکتا ہے سنا ہے عدالتیں آج کل آئین کی بالا دستی قائم کرنے پر تلی ہوئی ہیں!

چوتھی بات یہ ہے کہ اگر یہ فرض کر لیا بھی جائے کہ اس شق سے خلاف اسلام قانون کا راستہ بند ہو گیا ہے تو کیا خلاف اسلام دستور یا دستوری ترمیم کی بابت بھی کوئی ایسا بندوبست موجود ہے؟ چلئے قانون کی حد تک تو یہ مذاق کر لیا گیا آئین پر تو از راہ مذاق بھی خلاف اسلام ہونے کی صورت میں کوئی پابندی نہیں۔ اب جب یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ نظام پاکستان 'پارلیمنٹ کو دو تہائی اکثریت سے کسی بھی بالا تر سند کے بغیر ائین میں اضافہ یا ترمیم کا مطلق العنان اختیار تفویض کرتا ہے (اور سب قوانین ایسے اختیار کے استعمال کی صورت میں بیک جنبش قلم تبدیل بھی ہو سکتے ہیں اور منسوخ بھی) تو اس حقیقت سے کون قانون دان انکار کر سکتا ہے کہ پاکستان کے چھوٹے خدا دو تہائی اکثریت سے حاکم اعلیٰ ہی کو معزول کرنے کا پورا پورا اختیار رکھتے ہیں؟ اس بات کو جھٹلانا ممکن نہیں کہ آئین کے آرٹیکل 238 کی رو سے پارلیمنٹ کو آئین میں اضافہ وترمیم کا جو مطلق العنان اختیار حاصل ہے۔ حاکم اعلیٰ کی معزولی بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ یوں اخلاقاً وہ اس اختیار کو نہ برتے تو یہ اس کی مہربانی ورنہ اسے اس کا دستوری طور پر پورا حق حاصل ہے اسلامی قوانین پر خوش ہونے والے یہ تو بتائیں کہ ہندومت اسلام کب سے بنا ہے کہ دیوتاؤں کے تیور بدلنے پر آئیں تو برائے نام منصب سے بھی مہادیوتا کی چھٹی کروادیں؟

شرعی عدالت کاڈھونگ

دستور میں وفاقی شرعی عدالت کو یہ اختیار دیا گیاہے کہ وہ خلاف اسلام قوانین کا جائزہ لے اور ان کو اسلام کے مطابق تبدیل کرنے کے لئے دستوری طریق کار اپنائے!

قانون سے واقف لوگ جانتے ہیں کہ قانونی زبان میں کوئی چیز ایک ہاتھ سے دیکر دوسرے ہاتھ سے لے لینا ایک آسان کام ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں دستور اپنی اس بڑھک کو کس انداز سے واپس لیتا ہے۔

1- آرٹیکل (203(C کی روسے مندرجہ ذیل قوانین وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ اختیار سے ویسے ہی باہر ہیں۔ لہٰذا ان مقدس صحیفوں کی طرف شرعی عدالت آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھ سکتی:

(۱) آئین پاکستان (جو کہ مخلوق کے اختیارات کی مستند دستاویز ہے)

(۲) مسلم عائلی قوانین

(۳) عدالتی طریقہ ہائے کار

(۴) مالیاتی قوانین (جن میں سود، لاٹری اور پرائز بانڈ حلال سب حلال ہیں)

(۵) ٹیکس وفیس قوانین، اور

(۶) بینکاری وبیمہ انشورنس کے طریق ہائے کار

اسلام پسندوں کے کیاہاتھ آیا؟

بتایئے! شرعی عدالت کے پاس کیا بچاہے جسے غیر اسلامی قرار دے کر اس نظام کی کلمہ گوئی کا بھرم رکھ سکے؟ یہ تو ایسے ہی ہے کہ کوئی کہے کہ میں کلمہ تو پڑھتا ہوں مگر فلاں فلاں شعبے میرے ہاں اللہ اور اس کے رسول کی شریعت سے مستثنیٰ ہوں گے اور ان تمام شعبوں میں وہ غیر اللہ کی ہدایت پر چلنے کا مجاز ہو گا!

2-اس کے بعد بھی اگر نظام شرک کے مفادات پر زد پڑنے کی کوئی گنجائش رہ گئی ہو تو اس کا سدباب کرنے کے لئے آئین کہتا ہے کہ آرٹیکل (2)D 203 کی priviso اور آرٹیکل F 203 کی روسے شرعی عدالت کا ہر فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جاسکتا ہے جہاں وہ تبدیل بھی ہو سکتا ہے اور منسوخ بھی ۔اس بات کے بے شمار عملی مظاہرے آئے روز دیکھنے میں آتے ہیں ۔نواز شریف دور میں سود کے خلاف شرعی عدالت کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا واقعہ اب بھی اکثر لوگوں کو یاد ہو گا ......بتایئے اسلام پسندوں کے ہاتھ آیاتو کیا؟

اگر سود کے خلاف شرعی عدالت کا فیصلہ واقعی اللہ تعالیٰ کے حکم پر مبنی تھا اور کون نہیں جانتا کہ اللہ نے سود کو حرام کرر کھا ہے تو اللہ تعالیٰ کے حکم کو چیلنج کرنا کیاواضح ترین شرک اور ارتداد نہیں؟ مگر کیا یہ کفر صرف نواز شریف کے نامہ سیاہ تک محدود ہے جس نے اللہ کا یہ حکم چیلنج کیا تھایافساد کی اصل جڑوہ آئین ہے جو ایک طرف اسے چیلنج کرنے کا اختیار دیتا ہے اور دوسری طرف سپریم کورٹ کو یہ حکم منسوخ کرنے کا۔اس بات پر اگر نواز شریف دشمن اسلام ٹھہرتا ہے تو اس نظام اور دستور کے لئے آپ کیا تجویز کرتے ہیں جو اللہ کے خلاف اس طرح کی ہر بغاوت میں سند کے طور پر کام آتا ہے؟

کیا آپ اللہ کے شریک منتخب کرنے کے لئے تیار ہیں؟

حاکمیت اور حق تشریع (قانون سازی) لازم وملزوم ہیں

یہ تو تھی مختصر وضاحت ان دفعات کی جو پاکستان کی جمہوریت کو اسلامی ثابت کرنے کے لئے سند کے طور پر پیش کی جاتی ہیں۔ انہی کے بل بوتے پر یہ فرمادیا جاتا ہے کہ جمہوریت شرک تو ہے مگر وہ مغربی جمہوریت ہے جو کہ حاکمیت اور فرمانروائی کا حق جمہور یا نمائندگان جمہور کو تفویض کرتی ہے جبکہ ہماری جمہوریت کلمہ پڑھ چکی ہے اور اس میں اللہ تعالیٰ کو ''حاکم اعلیٰ''تسلیم کرلیا گیا ہے۔ دلیل کے طور پر ان دفعات کا حوالہ دیا جاتا ہے جن پر ہم نے گزشتہ صفحات میں بحث کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ حاکمیت اور حق تشریع (قانون سازی) لازم وملزوم ہیں۔ حاکم آپ اللہ کو مانیں مگر قانون غیر اللہ کا ہو' شرک یہی ہے۔ جب تک یہ فرق باقی ہے شرک بھی باقی رہے گا' تاآنکہ مذہب کے حلال وحرام خودبخود قانون کے حلال وحرام تصور نہ ہونے لگیں۔ مذہب کے حلال وحرام جب تک قانون کے حلال وحرام کا درجہ پانے کے لئے کسی انسان کی مرضی اور منشا کے محتاج رہیں گے تب تک نہ ایسا ''مذہب'' دین اسلام کہلاسکے گا اور نہ ہی دنیا وآخرت میں ایسا ''کلمہ'' کوئی کام دے گا۔

اس بات میں یہ بات بتانا مقصود ہے کہ وہ انسان جس کی مرضی پر اللہ کی شریعت کو قانون کا درجہ دینا یا نہ دینا دستوراً موقوف ہو وہ اللہ کا ہم سر کہلاتا ہے پچھلے صفحات کی بحث سے تو یہ واضح ہوجانا چاہیے کہ پاکستان کے سیاسی شعبے میں اللہ کی ہمسر وہ ہستیاں ہیں جو قانون سازی کا حق رکھتی ہیں۔ اب ہم آپ کو ان ہستیوں کے خدائی اختیارات کی کچھ تفصیل بتاتے ہیں۔

مطلق اختیارات اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے درمیان فرق

ذیل میں آپ جو حقائق پڑھیں گے وہ صرف اور صرف ان اختیارات سے متعلق ہیں جو آئین کی رو سے فی الواقع ثابت ہیں۔ رہا اختیارات کا ناجائز استعمال اور آئین کی حدود سے تجاوزات کا معاملہ تو وہ ہر نظام

میں ناپسندیدہ ہونے کے باوجود ممکن ہے۔ نظام اسلامی ہو تو بھی فسق وفجور کا امکان ختم نہیں ہو جاتا اور اگر مشرکانہ ہو تب بھی انسانوں کی غیر آئینی دست برد اور لاقانونیت سے محفوظ نہیں ہوتا۔

چونکہ اختیارات کے ناجائز استعمال کی وجہ سے نہ اسلامی نظام غیر اسلامی ہو جاتا ہے (خوارج کے مذہب کے برعکس) اور نہ غیر اسلامی نظام کا حکم بدل کر کچھ اور بنتا ہے اس لئے اختیارات کی بدعنوانی سرے سے ہمارا موضوع نہیں۔ ہم صرف ان خدائی اختیارات کی نشان دہی کریں گے جو قانونی بے قاعدگی کے زمرے میں بہر طور نہیں آتے بلکہ آئینی اور دستوری طور پر ان کو باقاعدہ تسلیم کیا جاتا ہے اور جب یہ دستور تسلیم کیا جاتا ہے تو اس شرک کو عملی کوتاہی کا نام دینا سوائے جہالت یا فریب کاری کے اور کچھ نہیں۔

اب جہاں قانون سازی (legislation) ان کے مطلق اختیارات (absolute powers) کا تعلق ہے تو پاکستان کا جمہوری دستور ان سے بھرا پڑا ہے۔ اس کے لئے کوئی ایک دفعہ نہیں بلکہ دستوری ابواب تک مختص ہیں خصوصاً:

- (Legislative procedure) قانون سازی کا پروسیجر (آرٹیکل 70 تا 77)
- (Financial procedure) مالیاتی پروسیجر
- (President's and Governors Ordinance) صدر اور گورنروں کے آرڈیننس (آرٹیکل 141 تا 144)
- (Amendment of Constitution) دستور کی ترمیم سازی (آرٹیکل 238 تا 239)
- (Powers of President) صدر کے اختیارات (آرٹیکل 267)
- (Concurrent list, legislative list) مقننہ کے دائرہ اختیارات میں آنے والے امور (Forth Schedual)

یہ وضاحت کرنا بھی ضروری ہے کہ ان طاغوتوں کو جن امور میں قانون سازی کا حق حاصل ہے آئین کے Forth Schedual میں ‘Legislative lists خاص کر Concurrent list کی رو سے ان میں صرف By Laws ہی نہیں (جن کا نام لے کر مسلمانوں کو گمراہ کیا جاتا ہے کہ کیا ٹریفک کے قوانین بھی قرآن وحدیث سے لیے جائیں گے) بلکہ زندگی موت کے تمام معاملات پر مشتمل تعزیراتی‘مالیاتی‘سیاسی‘اقتصادی‘سماجی‘تہذیبی‘تعلیمی اور بین الاقوامی قوانین سمیت سب ہی نظام آتے ہیں اور یہ قانون سازی بلکہ دستور سازی اللہ کے نازل کردہ احکامات کی کسی بالاتر سند کی براہ راست پابند نہیں کہ آپ مقننہ (یعنی قانون ساز اسمبلیاں) سے استفسار کرسکیں کہ یہ حکم آپ نے کس آیت یا حدیث سے لیا ہے؟ اگر قانون دان پورے دستور میں کسی ایسی بالاتر سند کی نشان دہی کرسکیں تو ہمارے علم میں اضافہ ہوگا۔

ملکی دستور میں عوامی نمائندوں کے یہ اختیارات دیکھ کر آپ بخوبی اندازہ کرسکتے ہیں کہ پاکستان کی پارلیمنٹ کو بعینہ وہی اختیارات حاصل ہیں وجو دنیا کی کسی بھی جمہوریت میں پارلیمنٹ کے لئے مختص ہوا کرتے ہیں۔ دستور کے ان تمام مذکورہ ابواب اور دفعات کی تفصیل تو یہاں ممکن نہیں البتہ اس کے صرف ایک باب (legislative procedure) قانون سازی کا پروسیجر ہے (آرٹیکل 70 تا 77) عملی اطلاق کی مختصر وضاحت کی جاتی ہے۔

شریعت کے نفاذ کو پارلیمنٹ سے مشروط کرنا......واضح ترین کفر

فرض کیجئے کسی اسلام پسند ممبر پارلیمنٹ نے پارلیمنٹ میں کوئی بل پیش کیا مثال کے طور پر وہ اس بل کے ذریعے سود کو قانوناً ناجائز قرار دلوانا چاہتا ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں آئین کے Legislative Procedure کی رو سے اس بل کو کفر کے کتنے مراحل سے گزرنا ہوگا۔ قانون دانوں کو اس سے ہرگز انکار نہ ہوگا۔

(۱)

{پہلا کفر......} پہلا کفر تو یہ ہے کہ جو قانون چودہ سو سال پہلے نازل ہوا تھا اور اللہ کی طرف سے محمد ﷺ پر نازل ہوناہی اس کے قانون کی دلیل تھا' اور اس کے نازل ہونے سے اگلے لمحے اسے بطور قانون ماننے میں تھوڑی سے پس و پیش بھی ایسا واضح ترین کفر تھی کہ اس میں شک کرنے والا بھی کافر ہوتا اور عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار بھی کسی آئینی پروسیجر کا انتظار کئے بغیر بجلی کی سی تیزی سے چل جاتی اس قانون کو پاکستان کا نظام سرے سے قانون ہی تسلیم نہیں کرتا۔ ظاہر ہے کہ اگر اسے قانون مانتا ہوتو بل کس چیز کا پیش کیا جائے؟ اب ذرا ان ''اسلام پسندوں'' کے بارے میں بھی عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کی رائے معلوم کریں جو اللہ کے حکم کو ایک ایسے بل کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں جو ابھی تو نہیں تب قانون بنے گا جب پارلیمنٹ منظور کرے گی۔

(۲)

{دوسرا کفر......} چلئے قرآن کی آیت کی یہ حیثیت تو نہیں کہ اسے قانون تصور کیا جائے اور یوں اس کا بل کی صورت میں ہی ایوان سرکار میں پیش ہونا ٹھہر گیا ہے تو کم از کم اتنی مہربانی تو ہو کہ اسے ایوان کے منتخب رکن کی تحریک کے بغیر ہی دربار میں حاضری کی اجازت مرحمت فرمائی جائے۔ سو اگر منتخب رکن کے علاوہ دیگر کوئی آدمی اللہ کے حکم کو ایک بل کی سی ذلت سے ہی پیش کرنا چاہے تو آئین کی نظر میں یہ کفر صرف منتخب ممبر ہی کر سکتا ہے۔ ان کے ہاں اللہ کے حکم کی یہ حیثیت کہاں کہ وہ ممبر کی سفارش کے بغیر ایوان میں گھسا چلا آئے' آخر ایوان کے تقدس کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں! اب جب یہی ممبر بازار حسن کا ایک مطالبہ بھی بل کی صورت میں پیش کر سکتا ہے اور اللہ کے حکم کا بل بھی' تو بتایئے شریعت کی کیا الگ خصوصیت رہی؟

(۳)

{تیسرا کفر......} سود کی حرمت کو قانون کی سند دلانے کیلئے جو یہ بل پیش ہوا ہے اگر ہاؤس کے ضابطہ کار (Procedure) کے مطابق ہے اور خلاف آئین بھی نہیں ہے 'تو ایوان میں بحث کے لئے منظور ہو جائے گا۔ اور اگر یہ بل دستور یا ایوان کے ضابطہ کار کے مطابق نہ ہو تو یہ بل کے درجے کو بھی نہیں پہنچ سکے گا۔ نتیجۃً اس پر بحث تک نہ ہو گی کیونکہ اس صورت میں ایوان اس پر بات تک کرنا پسند نہیں کرتا (سابقہ بینظیر دور میں ایک ''غیرت مند اسلام پسند'' نے جب عورت کی حکمرانی کے خلاف تحریک پیش کی تھی تو اسے یہ جواب ملا تھا کہ زبان بند رکھو 'یہ تحریک آئین کے خلاف ہے) بتائیے کفر نام ہے جس کا وہ کیا ہوتا ہے؟

اس سلسلے میں ''زیادۃ فی الکفر'' کی دو باتیں خاص طور پر ملاحظہ ہوں۔

الف: کیا فرماتے ہیں علماء دین دستور اور ایوان کے ضابطہ کار نامی اس چیز کے بارے میں کہ قرآن اور حدیث کو جس کے مطابق ہونا ضروری ہو؟ اور اگر اللہ یا اس کے رسول ﷺ نے ان کے مطابق نہ ہونے کی جرات کرلی تو ان کی بات سننے تک کے قابل نہیں اور خلاف ضابطہ قرار دیدی جائے گی؟ تف ہے تمہارے آئین پر 'تمہارے ایوان پر 'اس کے تقدس پر اور اس کے ضابطہ کار پر اف لکم ولما تعبدون من دون اللہ۔

ب: اگر قرآن اور حدیث کی قسمت اچھی نکل آئی اور اسے دستور اور ایوان کے ضابطہ کار Procedure کے مطابق ثابت کر دیا گیا (ایسا ثابت کرنے والے کا ایمان بھی ملاحظہ فرمائیں) اور پھر اسپیکر یا چیئر مین نے یہ رولنگ دینے کی مہربانی بھی کر دی تو ذرا سوچئے کیا ہو گا؟ شریعت بحث کے لئے منظور ہو جائے گی 'جبکہ ابھی شریعت کے امتحان اور بھی ہیں! یہ امتحان کلیر کر کے شریعت یہ دیکھے جانے کے قابل ہو جائیگی کہ آیا یہ قانون بننے کی اہلیت رکھتی ہے یا نہیں؟ بتایئے اس ایوان کے کفر میں شک کرنے والے کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں اور اگر اس ایوان میں بیٹھنے والے ''اسلام پسند'' یہ ذلت کی گٹھڑیاں اسلام کے نام پر وصول کرتے ہیں اور عرش سے اترے ہوئے دین کو اس گھٹیا ایوان میں اپنے

ساتھ ذلت کی بھیک منگواتے ہیں'تو ان کے لئے آپ کے ایمان کی غیرت کیا سزا تجویز کرتی ہے؟ یہ آپ کا بھی امتحان ہے!

(۴)

{چوتھا کفر......} اب اس ایوان میں بحث شروع ہو جائے گی۔ اس بات پر کہ زمین وآسمان کے مالک کی بات کو قانون کا رتبہ دیا جائے یا نہ! ایوان کے تقدس کے سلسلے میں یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہو گی کہ آئین کے Legislative Procedure میں کہیں بھی کوئی اشارہ تک نہیں کہ کوئی "اسلامی" بل پیش ہو تو صرف کلمہ گو ممبران ہی اس پر رائے زنی کرنے کے مجاز ہوں گے۔ اس لئے جب یہ بحث شروع ہو جائیگی تو ویسے تو "مسلمان" ممبران کی بھی بھانت بھانت کی کفریہ بولیاں سننے کو ملیں تاہم اللہ کے نام پر دراز اس کاسہ گدائی میں خیرات کے چند ٹکے ڈالنے کے مسئلے پر جے سالک بھی اظہار خیال فرمائے گا 'بہرام ڈی آواری بھی "دلائل" دے گا اور ہندو' قادیانی ودیگر اقلیتی کافر بھی لاف زنی کر سکیں گے۔ یہ بحث ارکان کی نوک جھونک' پھبتیوں' چٹکلوں اور بیت بازی کے ساتھ مہینہ بھر چلتی رہے یا اس سے زیادہ طول پکڑ جائے کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ بہر حال قوم کو ہر روز ایوان کی کاروائی کی جھلکیاں اخبار میں پڑھنے کو ملتی رہیں گی۔ کہئے جناب کیا یہ "خوض فی آیات اللہ" {اللہ کی آیات میں جھگڑا کرنا نہیں ہے؟} (ملاحظہ ہو سورۃ المعارج ۴۲' سورۃ الزخرف ۸۳' سورۃ الانعام ۶۸)[1]

---

[1] { فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتّٰى يُلٰقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ }

"اب آپ انہیں اسی بحث مباحثہ اور کھیل میں چھوڑ دیجئے، یہاں تک کہ انہیں اُس (عذاب کے) دن سے سابقہ پڑجائے جس کا وعدہ ان سے کیا گیا ہے"۔ (سورۃ المعارج ۴۲ / سورۃ الزخرف ۸۳)

{ وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ } (سورۃ الانعام ۶۸)

"اور جب آپ انہیں دیکھیں جو ہماری آیات میں جھگڑا کر رہے ہیں تو ان لوگوں سے کنارہ کش ہو جائیں، یہاں تک کہ وہ کسی اور بات میں لگ جائیں اور اگر آپ کو شیطان بھلا دے تو یاد آنے کے بعد پھر ایسے ظالم لوگوں کے ساتھ مت بیٹھیں"}

(۵)

{پانچواں کفر......} ''معزز ارکان'' اللہ کے حکم کے بارے میں اپنی اپنی ''ناقص رائے'' کے اظہار خیال سے فارغ ہو چکیں تو ایوان مین رائے شماری Voting کا مرحلہ درپیش ہو گا۔ شریعت کے لئے یہ وقت سب سے کٹھن ہے۔ اس کی آبرو رہ جانے کے لئے ضروری ہے کہ ارکان کی نصف سے اوپر تعداد اسے قانون کے ضابطوں (Acts) میں کہیں داخلہ دلا دیں۔ لیکن اگر میجورٹی} اکثریت{ کی نظر میں شریعت Qualify نہ کر سکی تو اسے سر نیچا کر کے ایوان سے نکلنا ہو گا اور مسجد ہی میں قیام کرنا ہو گا۔

{اَلاَ لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِیْنَ، الَّذِیْنَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ یَبْغُوْنَھَا عِوَجًا وھُمْ بِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ کٰفِرُوْن، اُولٰٓئِکَ لَمْ یَکُوْنُوْا مُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ}

''سنو خدا کی لعنت ہے ظالموں پر...! ان ظالموں پر جو خدا کے راستے سے لوگوں کو روکتے ہیں اس کے راستے کو ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں' اور آخرت سے انکار کرتے ہیں۔ وہ زمین میں اللہ کو بے بس کرنے والے نہ تھے''۔(ھود:۱۸)

((عن جابر رضی الله عنه ،قال لعن الله رسول الله ﷺ آكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه وقال هم سواء))

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت کی سود کھانے والے پر' کھلانے والے پر' سودی کھاتہ لکھنے والے پر اور سودی معاملہ کے دونوں گواہوں پر اور فرمایا یہ سب ایک برابر ہیں''۔(صحیح مسلم)

اس میں جو کفر ہے وہ تو بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔ تاہم کفر در کفر یہ ہے کہ ارکان کی رائے شماری جو کہ بحث کے بعد ہو گی تو اگر یہ فرض کر بھی لیا جائے کہ وہ اللہ کے حکم سے جاہل تھے......اگرچہ سود کی

حرمت ضروریات دین میں سے ہے اور اس میں لاعلمی ویسے ہی عذر نہیں... تو بھی اب بحث کے بعد اور خصوصاً نظریاتی کونسل کی مہر لگنے فتویٰ کے بعد ایوان لاعلم نہ رہا کہ قرآن میں یہ حکم کس وعید کے ساتھ آیا ہے۔اس کے بعد بھی ایوان کو اس ووٹ کا حق ہونا اس نظام کا واضح ترین کفر ہے اور اللہ سے کھلی کھلی بغاوت کا اعلان۔کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ تاریخ میں آج تک صرف فرعون نے ہی انا ربکم الاعلیٰ کہا تھا؟اگر ارکان کی سادہ اکثریت کا ایک اشارہ اللہ کے ثابت ومعلوم حکم کو مسترد کر دینے کا واضح ترین انداز میں مجاز ہے'اور کون نہیں جانتا کہ ایسا ہے... تو بتایئے ربکم الاعلیٰ کون ہے'اللہ یا ایوان سیاست کے خدا؟

(مولانا مودودی کہتے ہیں:

فرعون کا اصلی دعویٰ فوق الفطری خدائی کا نہیں بلکہ سیاسی خدائی کا تھا۔وہ ربوبیت کے تیسرے یعنی خبر گیری کرنا'اصلاح حال کرنا'دیکھ بھال اور کفالت کرنا'چوتھے یعنی فوقیت 'بالادستی'سرداری'حکم چلانا'تصرف کرنا اور پانچویں یعنی مالک'آقا کے معنی کے لحاظ سے کہتا تھا کہ میں سرزمین مصر اور اس کے باشندوں کا رب اعلیٰ(Over Lord)ہوں اس ملک اور اس کے تمام وسائل وذرائع کا مالک میں ہوں۔یہاں کی حاکمیت مطلقہ کا حق مجھ ہی کو پہنچتا ہے۔یہاں کے تمدن واجتماع کی اساس میری ہی مرکزی شخصیت ہے۔یہاں قانون میرے سوا کسی اور کا نہ چلے گا۔" (قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں ص ۸۲'۸۳)۔مصنف)

(۶)

{چھٹا کفر......} لیجئے شریعت کی آبرو رہ گئی اور ایوان نے بل پاس کر دیا۔مبارک ہو بس اب تھوڑی سی "پیچیدگی" باقی ہے بل تو پاس ہو گیا مگر (آرٹیکل ۷۰ کی رو سے) قانون تو یہ تب بنے گا جب دوسرا ایوان بھی اسے پاس کر دے گا۔اتنی خواری کے بعد شریعت کا ابھی آدھا کام ہوا ہے'سو حاکم اعلیٰ کے نام سے جو درخواست آئی تھی'اس کی فائل پہلے ایوان نے دوسرے ایوان کو ریفر کر دی۔اللہ خیر کرے دیکھئے اب کیا بنتا ہے!

(۷)

{ساتواں کفر......} اگر دوسرے ایوان کے خداؤں کی منظوری حاصل کرنے میں شریعت فیل ہو جاتی ہے...چاہے تو صاف مسترد کر دی جائے اور چاہے تو نہ مسترد کی جائے اور نہ پاس کی جائے...تو موخر الذکر صورت میں ۹۰ روز تک اللہ کا عذاب ہی آئے تو آئے اور کچھ نہیں ہو سکے گا۔ قصہ کوتاہ دوسرا ایوان بھی حکم اللہ کے ساتھ وہی سلوک کرنے کا مجاز ہے اور یوں بھی وہ اتنا ہی "مقدس" ہے۔

(۸)

{آٹھواں کفر......} نامراد واپس آنے کے بعد یہ بل پھر پہلے ایوان کی نظر ثانی کا حاجت مند ہو گا اب یہ ایوان اس پر کوئی اقدام نہ کرے تو یہ بل خود بخود اپنی موت آپ مر جائے گا اور......شریعت کا کام نہ بن سکے گا۔ تاہم اگر پہلے ایوان کی ابھی تک رائے نہ بدلی ہو اور وہ شریعت کے اس حکم کو قانون بنانے میں کوئی مضائقہ محسوس نہیں کرتا تو اس کی فائل دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس میں بحث کے لئے صدر مملکت کو بھیج سکتا ہے۔ جس کے موصول ہونے پر صدر دونوں ایوانوں کا مشترکہ اجلاس طلب کرے گا جس پر پھر سے بحث شروع ہو گی اور ایک بار پھر "خوض فی آیات اللہ" کا مظاہرہ شروع ہو گا۔ یہ شریعت کی آخری اپیل ہو گی جس کے

بعد بات نہ بننے کی صورت میں یہ فائل ہمیشہ کیلئے خارج کر دی جائے گی۔ اب جب ہر شخص جانتا ہے کہ دونوں ایوانوں کا یہ جوائنٹ سیشن اس ملک کی آخری اتھارٹی ہے قانون اور حرف آخر وہی ہے جو یہ ایوان صادر کر دیں...کیا کوئی ماہر قانون اسے جھٹلا سکتا ہے...کہ آئینی طور پر اس کے انکار کو دنیا کی کوئی طاقت اقرار میں نہیں بدل سکتی؟ بتایئے انسانوں کی زبان میں Sovereign اس کے علاوہ اور کیا ہوا کرتا ہے؟ اور یہ نہیں تو "ربکم الاعلیٰ" کون سا آئینی عہدہ ہے؟

(۹)

{نواں کفر......} ایک صورت یہ بھی ہوسکتی ہے کہ آئین کی دفعہ ۷۰ اور ۷۱ کی رو سے بل پیش ہونے کے بعد پہلے ایوان میں یا پھر دوسرے ایوان میں 'یا دونوں کے مشترکہ اجلاس میں کہیں بھی اور کسی ایک مرحلہ میں اس بل میں ترمیم کر دی جائے اور ہر ایوان کے ہر سیشن اور پھر مشترکہ سیشن میں ترمیمات در ترمیمات کر دی جائیں اور اس طرح جب دودھ میں پانی ڈال ڈال کر لسی کی مطلوبہ کثافت حاصل کر لی جائے تو ان تمام ترمیمات کے ساتھ ایوان کی دیوی اسلام پر مہربان ہو جائے اور زہے نصیب جو بل پاس ہو جائے تو اس طریقہ سے بھی اسلام آجائے گا۔ ان ترمیمات کی نوعیت بھی ہو سکتی ہے مثلاً سود کے بارے میں کوئی Amount مقرر کر دی جائے کہ اس سے کم پر ممنوع اور اس سے زائد پر ممانعت نہ ہوگی یا خاص مدوں پر سود ہوگا دوسری اس سے مستثنیٰ ہوگی یا گورنمنٹ اور پرائیویٹ سیکٹروں کی تقسیم عمل میں آجائے یا خاص معاملات میں خاص نسبت سے زیادہ سے زیادہ کی ممانعت ہو جائے غرض ہزار صورتیں ہو سکتی ہیں۔ غور طلب بات یہ ہے کہ یہ بل خواہ مسترد ہو یا ترمیمات کے ساتھ پاس ہو جائے یہ اسلام پسند ارکان اسے قانون ماننے کے بہر صورت پابند ہوں گے۔ کیونکہ آئین میں ان کی رکنیت اس وقت سے شمار ہوتی ہے جب وہ حلف اٹھا کر Solemnly قسم کھاتا ہے کہ وہ پاکستان کے آئین اور مجالس قانون ساز سے صادر شدہ قانون کا نہ صرف احترام کرے گا بلکہ "To the best of his ability" اس کی اطاعت اور اس وفاداری نبھائے گا۔

(۱۰)

{دسواں کفر......} اگرچہ اس Legislative Procedure میں اور بے شمار مراحل نکل سکتے ہیں کہ ہر مرحلہ میں "زیادۃ فی الکفر" ہوتا ہی چلا جائے قصہ کوتاہ ہم اس امکان کو دیکھتے ہیں جہاں اس اسلام پسندوں کے تخیل کی پرواز ختم ہو جاتی ہے۔ لیجئے ایوانوں نے بل پاس کر ہی دیا۔ اب یہ قبولیت کی آخری منزل پانے کے لئے ایوان صدر کی سمت بلند ہو جائے گا۔ { تلک عشرۃ کاملۃ "یہ ہو گئے پورے دس" }

اس کے ایک حکم پر جس کی منظوری میں اتنا عرصہ لگ گیا دین کے باقی احکام کی منظورتی قیاس کر لیجئے اور اس میں جتنی صدیاں درکار ہوں گی اس وقت تک کیا ویسے ہی قیامت نہ آجائے گی کہ فرشتے خود ہی ان کی کھالیں ادھیڑ کے اللہ کا حکم ان پر نافذ کر دیں!

قابل غور دو اہم نقاط

وہ لوگ جن کا اللہ اور یوم آخرت پر ایمان ہے اور اللہ کی عظمت' کبریائی' بے پرواہی' جبروت وملکوت السموات والارض پر غیر متزلزل ایمان کو نجات کی واحد امید سمجھتے ہیں' ان کیلئے اس سلسلے میں صرف دو نقاط کا ذکر ہی کافی ہے۔

(الف)......اختیارات کی دست درازی ملاحظہ ہو جس میں اللہ کے ایک حکم کو نافذ ہونے کے لئے آزمائشوں کی سینکڑوں بھٹیوں سے گزرنا اور اصول وضوابط کے اتنے مراحل طے کرنا ہوتے ہیں۔ کوڑی کے انسانوں کی یہ مجال کب سے ہوگئی کہ مالک الملک کے حکم کو منظور کرتے پھریں! وہ اسلام جو آسمانوں سے نازل ہوا ہے اسے منظور نہیں کیا جاتا بلکہ اس کے سامنے سر تسلیم خم کیا جاتا ہے پھر اسی اسلام میں 'منظوری دینے کی بات تو بڑی جرات ہے' جو سر یوں خم نہ ہو اسے تن پر رہنے نہیں دیا جاتا، بلکہ اس سے بھی پہلے' جو اسلام اللہ کے ہاں معتبر ہے اس میں داخل ہی اس وقت ہوا جاتا ہے جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے سامنے اپنے اور پارلیمنٹ سمیت تمام مخلوقات کے ہر قسم کے اختیار کی واضح ترین نفی نہ کر دی جائے اور اگر کوئی اس انداز سے اللہ کے دین میں داخل نہیں ہوا ہے تو......اگرچہ وہ اس کا نام اسلام رکھتا پھرے......اللہ کے دین میں نہیں کسی شیطان کے دین میں داخل ہوا ہے۔ پھر اگر کوئی اسلام لانے کے بعد بھی مخلوق کے کسی ایسے معمولی سے معمولی اختیار کا اقرار کر لیتا ہے تو وہ اسی وقت شیطان کے دین میں چلا جاتا ہے۔

{ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلالا مُبِينًا }

”کسی مومن کیلئے...چاہے وہ مرد ہو یا عورت......یہ ناممکن ہے کہ اللہ اور اس کا رسول کوئی بات کر دے پھر ان کے لئے کسی بھی اختیار کی گنجائش رہ جائے“ ۔ (الاحزاب:۳۶)

کجا یہ کہ ایسے بے شمار کافر ترین اختیارات کو” آئین “بنادیا جائے، ہر ممبر سے اس پر حلفاً قسم لی جائے اور اس کی اطاعت 'پابندی اور وفاداری کو پاکستان کی دھرتی پر بسنے والے ہر شہری کا فرض اولین قرار دے دیا جائے اور اس کے خلاف کسی بھی قسم کی بغاوت سنگین ترین جرم قرار پائے۔اللہ کی مخلوق کو اسکی شریعت کی منظوری کے اختیار ایسا جرم تو آسمان تک لرزا دینے کو کافی ہے۔یہاں تک کہ کوئی انسان اللہ کی اطاعت بجالاتے ہوئے دل میں کوئی تنگی پاتا ہو تو اسے اس آیت پر ٹھہرنا چاہئے جس میں اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے ایمان کی نفی کرتا ہے۔

{فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا}

”نہیں اے محمد (ﷺ)!تمہارے رب کی قسم 'یہ کبھی مومن نہیں ہوسکتے جب تک اپنے باہمی اختلافات میں یہ تم کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں 'پھر جو کچھ تم فیصلہ کرو اس پر اپنے دلوں میں بھی کوئی تنگی (تک) نہ محسوس کریں بلکہ سر بسر تسلیم کرلیں“ ۔(النساء:۶۵)

علمائے سلف نے جو نواقض اسلام بیان کئے ہیں (شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہابؒ نے انہیں ترتیب سے بیان کیا ہے)ان کے بموجب آدمی یہ اعتقاد رکھنے سے مرتد ہوجاتا ہے کہ کوئی بھی انسان رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کے کسی بھی حکم کی اطاعت وفرمانبرداری نہ کرنے کا مجاز ہے۔یہ تو ایک اختیار کی بات ہے بتایئے ایسے سینکڑوں اختیارات پر مبنی آئین کے احترام سے اسلام کیسے باقی رہ جائے گا؟

(ب)...... Legislative Procedure ہی کی رو سے پارلیمنٹ مذکورہ طریق کار کے مطابق کسی بھی قانون کو تبدیل کرسکتی ہے۔کوئی قانون دان اس بات کا انکار نہیں کرسکتا کہ ان قابل تبدیل وترمیم

قوانین میں ''اسلامی'' قوانین بھی آتے ہیں اس لئے پارلیمنٹ نے جو یہ ابھی ''اسلامی'' قانون منظور کیا ہے یہ قابل تنسیخ ہے' چاہے ایسا عمل میں آئے یانہ آئے پارلیمنٹ کا یہ حق بہر حال محفوظ رہتا ہے۔اب پارلیمنٹ نے جو قانون پاس کیا ہے وہ اگر شریعت ہے تو بتایئے نبی آخر الزمان کی تاقیامت شریعت کو منسوخ کرنے کا آئینی حق رکھنے ولا کون ہوتا ہے؟اور اس کے لئے یہ تسلیم کر لینے کے بعد شریعت میں کیا حکم ہے؟

دین اور نظام مملکت کی تقسیم......سیکولرازم

سیکولزازم اس پوری دنیامیں رائج خبیث ترین کفر ہے۔ ہمارے ہاں اسے عموماً کمیونزم کا ہم معنی وہم وزن خیال کر کے یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ یہ کوئی خدا کا منکر نظریہ ہو گا جبکہ یہ دنیا کا ایک ایسا انوکھا کفر ہے جو مذہب کا انکار کرنے کی بجائے نہ صرف اسے انسان کی ضرورت تسلیم کرتا ہے بلکہ اس کے احترام کا بھی بھرپور طور پر قائل ہے۔ دین کے اس احترام کی خاطر...... کہ یہ لوگوں کے لئے بوجھ نہ بن جائے' تصادم کا سبب بھی نہ بنے اور دنیاداری میں پڑ کر بے آبرو بھی نہ ہو...... صرف اتنی جسارت کرتا ہے کہ دین کا مناسب مقام متعین ہو جائے جو ویسے تو مسجد گرجایا مندر رہے تاہم سوسائٹی میں بھی اسے ایک پرائیویٹ مسئلہ کے طور پر قبول کر لیا جاتا ہے۔ یوں سیکولرازم دین کو بڑے احترام سے انفرادی زندگی کی نکیل ڈال دیتا ہے۔ چنانچہ سیکولرازم کسی بھی ملک میں رائج دھرم کے تہواروں' رسم ورواج اور شادی بیاہ ایسے طور طریقوں کا آئینی طور پر بھرپور احترام کیا جاتا ہے یہاں تک کہ اکثریتی مذہب کو بعض اوقات اگر یہ حق بھی دے دیا جائے کہ صدر یا وزیر اعظم اکثریتی مذہب سے ہو گا او قاف' عبادت خانوں کی تعمیر و تدبیر اور اس کی روحانی کتابوں کی طباعت کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے' اخباروں میں دینی صفحہ اور ریڈیو' ٹی وی پر روحانی پروگرام ''بصیرت'' وغیرہ کا بڑی عقیدت سے اہتمام ہوتا ہو مگر نظام مملکت اور کاروبار حیات میں دین کا دخل نہ ہو تو سمجھ لیجئے وہاں سیکولرازم کا راج ہے۔ نتیجۃً اس نظام میں اللہ کو اجتماعی نظام زندگی سے باہر باہر الہ اور معبود مانا جاتا ہے رہا ریاست اور اسٹیبلشمنٹ کے میدان میں تو ''لھم شرکاء شرعوا لھم من الدین ما لم یاذن بہ اللہ''۔

اچھے بھلوں کے لئے ابھی تک یہ معمہ ہے کہ پاکستان میں دین کو سیاست سے کیسے بے دخل کیا جاسکتا ہے۔ نہ جانے اتنی سادہ بات سمجھنی مشکل کیوں ہو گئی کہ جب آئین و نظام سازی عملاً حق پارلیمنٹ کا تسلیم کر لیا جائے تو پھر مساجد اور تقریبات کو سجانے کے سوا معاشرے میں دین کا کوئی مصرف ہی نہیں رہتا۔ رہا نظام و قانون کا معاملہ تو جب اصولاً یہ طے ہو جائے کہ قانون وہ کہلائے گا جو پارلیمنٹ پاس کرے' تو پھر قانون کا رتبہ پانے کے لئے شریعت کا نہ تو اللہ رب العالمین کی طرف سے نازل ہونا کافی ہوا' نہ جبریل

کالے کر آنا اور نہ محمد ﷺ کا ابلاغ وبیان فرمانا نہ قرآن میں بیان ہونا اور نہ بخاری اور مسلم میں روایت ہونا۔ یہ سب کچھ سر آنکھوں پر ہونے کے باوجود پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر قانون کے درجے کو نہیں پہنچتا۔ پھر جب یہ حق پارلیمنٹ کا تسلیم کر لیا جائے تو وہ قرآن کی ایک آیت کو بھی قانون کا ویسا ہی درجہ عطا کر سکتی ہے جیسا فلم انڈسٹری کی ایک فاحشہ کے مطالبے کو۔

یوں پارلیمنٹ کا حکم نازل ہونے سے پہلے بھی اور بعد میں بھی اس کی اور قرآن کی قانونی پوزیشن اس نظام میں ایک سی ہوتی ہے۔ قانون دان ''تکلف'' سے کام نہ لیں تو اس سے انکار نہیں کر سکتے۔ اسی کفر کو امر کرنے کے لئے آئین کے بنیادی حقوق کا باب سیکولرازم کے اس مشہور ومعروف عقیدے کا ہو بہو عکاس ہے کہ کسی انسان پر اگر کوئی پابندی ہو سکتی ہے تو وہ قانون کے دائرہ میں رہتے ہوئے ہے' اس کے باہر ہر انسان کو ہر معاملے میں آزادی کی ضمانت اس کا بنیادی حق ہے۔ اس بنا پر حقوق وفرائض (آپ بے تکلف ہونا چاہیں تو کہہ سکتے ہیں حلال وحرام) قانون کی نظر میں وہ ہونگے جو آئین اور قانون کو د مقرر کرے۔ پھر آئین کا آرٹیکل 4 سیکولرازم کے اس بنیادی فلسفے کا لفظ بہ لفظ ترجمہ ہے کہ جرم اور سزا کا تعین صرف اس ملک میں رائج قانون کرے گا' یوں اللہ اور رسول جو بھی کہتے رہیں جرم صرف وہ ہوگا جسے مروجہ قانون جرم کہتا ہو اور سزا بھی صرف وہی اور اتنی ہی روا ہو گی جو یہ قانون مقرر کریگا......

مزید وضاحت کے لئے چند مثالیں:

(ا) ہر محلے اور گلی کے اندر آپ نے ہندومت اور سفلہ پن کی تعلیم دینے والی پاکستانی اور انڈین فلموں کے اڈے تو ضرور دیکھ رکھے ہوں گے۔ ان میں غیر قانونی فلمیں جانے دیجئے' صرف ایسی فلمیں نکال لیجئے جو غلیظ اور برہنہ تو ضرور ہوں مگر سنسر قوانین سے جواز کی باقاعدہ سند یافتہ ہوں۔ ''سادہ لوحی'' میں آکر اگر آپ ہلاکت اور عذاب کو دعوت دینے والے اس گھناؤنے جرم کو پاکستان کی کسی عدالت میں چیلنج کرنا چاہیں تو آپ کو کیا جواب ملے گا؟ یہی نا کہ دین میں یہ جرم ضرور ہو گا مگر قانون کی نظر میں جرم نہیں! پھر دین اور نظام وقانون جدا جدا ہوئے نا! بتایئے اور کافری کیا ہے؟...... جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی'

(۲) پاکستان میں کسی جگہ اگر کوئی بااثر مذہبی آدمی غلاظت سے لتھڑی ہوئی ان لچر فلموں کو بزور بند کرانے کی کوشش کرے تو آپ کو کیا معلوم ہے کہ آئین کے آرٹیکل ۴ کی نظر میں اس نے پاپ کیاہے؟اس کا پاپ یہ ہے کہ جس چیز سے آئین اور قانون نے منع نہیں کیاویڈیو سنٹر مالکان کو اس ''جائز ''کام سے منع کر کے اورWrongful Confinementکا مرتکب ہو کے اس نے قانون کا''تقدس ''پامال کیاہے؟سنسر قوانین کی روسے'ایک''جائز اور قانونی حق''کے استعمال میں رکاوٹ بنے تو قانون کے آرٹیکل ۴ ہی کے بموجب''معزز''شہریوں کو ہراساں کرنے اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے جرم مین قانون اسے مجرموں کے کٹہرے میں کھڑا کریگا۔کون نہیں جانتا کہ ان معاملات میں قرآن کی آیات نہیں' قانون کی دفعات معتبر ہیں؟ذراسوچ کے بتایئے کہ توپاکستان میں قرآن کامسجد کے علاوہ کیا مناسب مقام رہ جاتاہے؟

(۳) پاکستان کے نظام میں شراب حرام ہے مگر سود حلال! اس کی وجہ؟ ہر دین کے حلال وحرام اپنے ہوتے ہیں۔جی ہاں قرآن مجید نے قانون اور نظام کو دین قرار دیاہے۔بادشاہ مصر کے قانون کو اللہ نے دین الملک (بادشاہ مصر کا دین) کہاہے''ما کان لیا خذ اخاہ فی دین الملك ''یوسف علیہ السلام بادشاہ کے دین (قانون) کی روسے بھائی کو اپنے پاس نہ رکھ سکتے تھے۔سو پاکستان کے دین الملک کے حلال وحرام اگر کبھی اسلام کے حلال وحرام سے متفق یامختلف ہو جائیں تو یہ محض اتفاق ہو گا۔دراصل کسی بھی نظام یادین کی تفصیلات اور جزئیات کی اپنی کوئی بھی حیثیت نہیں ہوتی کہ اس بنیاد پر ہم اس سے اپنے دین کی موافقت یامخالفت تلاش کرتے پھریں یااس میں کچھ جزئیات کو نکالنے یاکچھ کو شامل کرانے پر ضد کریں۔دنیاکا ہر نظام کچھ نہ کچھ جزئیات میں کسی دوسرے نظام سے متفق ہواہی کرتاہے۔اصل میں نظام اور دین کے اندر دیکھایہ جاتاہے کہ چلتی کس کی ہے اور قانوناًیہ حیثیت کس کی ہے کہ روک دے تو رکناپڑے اور حکم یااشارہ بھی کرے تو اسے قانون ماناجائے۔اگر پاکستان میں ایسا اختیار صرف اللہ کاہے اوراس میں ذرہ برابر بھی کوئی اس کا شریک نہیں تو یہاں اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں لیکن اگر یہ حق صرف اس کا نہیں تو اس میں جو اللہ کے ساتھ شریک ہوتاہے وہ اس نظام کا معبود ہے اور اس

آسمان تلے بدترین مخلوق ان معبودوں کی آسامیوں کے لئے آپ داڑھی والوں کا انتخاب کریں یا ٹخنوں سے اونچی شلوار والوں کا اس سے کوئی بھی فرق نہیں پڑتا۔

دین اللہ یا دین الملک

ہر آدمی، قبل اسے موت اچک لے اور فرشتے سوال کرلیں کہ بتا تیرا دین کیا تھا، اچھی طرح سمجھ لے کہ وہ جس نظام کے سائے میں زندگی بسر کر رہا ہے وہ اللہ کا دین ہے یا دین الملک۔

{اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَ قَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَ يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا}

''اے نبی! تم نے دیکھا نہیں ان لوگوں کو جو دعویٰ کرتے ہیں ہم ایمان لائے ہیں اس کتاب پر جو تمہاری طرف نازل کی گئی ہے اور ان کتابوں پر جو ان سے پہلے نازل کی گئی ہیں مگر چاہتے یہ ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ کرانے کے لئے طاغوت کی طرف رجوع کریں حالانکہ انہیں طاغوت سے کفر کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ شیطان انہیں بھٹکا کر راہ راست سے بہت دور لے جانا چاہتا ہے''۔(النسآء:٦٠)

مجالس شرک کی رکنیت حرام تو ہے مگر یہ حرام کی وہ قسم ہے جو شرک کہلاتی ہے۔ حتیٰ کہ شرک کا بھی یہ عام سا درجہ نہیں بلکہ شرک کی وہ قسم ہے جو اللہ کی ہمسری کہلاتا ہے۔ انسانوں کیلئے تشریع اور قانون سازی کا اختیار صرف اللہ وحدہ لاشریک کا حق ہے۔ جو شخص اس میں اللہ کا شریک بنتا ہے شریعت کی زبان میں وہ عام مشرک نہیں بلکہ وہ طاغوت کہلاتا ہے۔ بقول مولانا مودودی رحمہ اللہ:

''طاغوت لغت کے اعتبار سے ہر اس شخص کو کہا جائے گا جو اپنے جائز حق سے تجاوز کر گیا ہو قرآن کی اصطلاح میں طاغوت سے مراد وہ بندہ ہے جو بندگی کی حد سے تجاوز کرکے خود آقائی و خداوندی کا دم بھرے اور خدا کے بندوں سے اپنی بندگی کرائے۔ خدا کے مقابلے

میں ایک بندے کی سرکشی کے تین مرتبے ہیں۔ پہلا مرتبہ یہ ہے کہ بندہ اصولاً اس کی فرمانبرداری ہی کو حق مانے، مگر عملاً اس کے احکام کے خلاف ورزی کرے اس کا نام فسق ہے۔ دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ وہ اس کی فرمانبرداری سے اصولاً منحرف ہو کر یا تو خود مختار بن جائے یا اس کے سوا کسی اور کی بندگی کرنے لگے۔ یہ کفر ہے۔ تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ وہ مالک سے باغی ہو کر اس ملک اور اس کی رعیت میں خود اپنا حکم چلانے لگے اس آخری مرتبے پر جو بندہ پہنچ جائے اسی کا نام طاغوت ہے اور کوئی شخص صحیح معنوں میں اللہ کا مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اس طاغوت کا منکر نہ ہو"

یہ واضح ہو جانا بھی ضروری ہے کہ پارلیمنٹ جو اس ملک کا سب سے بڑا طاغوت ہے وہ اسلام آباد کی کسی بلڈنگ کا نام نہیں بلکہ انسانوں کے ایک مجموعہ سے عبارت ہے۔ یہ سب انسان اس دھرتی کے طاغوت ہیں۔ دھرتی پر سب سے بھاری بوجھ یہی ہیں۔ دین (اطاعت وبندگی اور وفاداری) اللہ کیلئے خالص نہیں ہو سکتا جب تک ان سے صاف صاف کفر نہ کر دیا جائے، چاہے مشرکین کو یہ بات کتنی بھی ناگوار گزرے اور ملت ابراھیم پہ چلنے والوں کے اس واشگاف اعلان سے دنیا کے بتکدوں میں جو بھی رد عمل ہو۔

{ وَ مَنۡ یَّرۡغَبُ عَنۡ مِّلَّۃِ اِبۡرٰہٖمَ اِلَّا مَنۡ سَفِہَ نَفۡسَہٗ }

''کون ہے'' جو ابراہیمؑ کی راہ سے علیحدگی اختیار کرے؟ جس نے خود اپنے آپ کو حماقت میں مبتلا کر لیا ہو' (اس کے سوا کون یہ حرکت کر سکتا ہے؟) (البقرۃ:۱۳۰)

طاغوت سے کفر' ایمان کی شرطِ اولین

{فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىَ لاَ انفِصَامَ لَهَا}

"اب جو کوئی طاغوت کا انکار کر کے اللہ پر ایمان لے آیا اس نے ایک ایسا مضبوط سہارا تھام لیا جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں"(البقرۃ:۲۵۶)

{وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولاً أَنِ اعْبُدُواْ اللّهَ وَاجْتَنِبُواْ الطَّاغُوت}

" ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھجا ہے کہ ایک اللہ کی عبادت اور تعمیل حکم بجالاؤ اور طاغوت سے دور رہو"(النحل:۳۶)

{وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَن يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَى فَبَشِّرْ عِبَادِ}

" جو لوگ طاغوت کی پرستش سے دور رہے اور اللہ کے لیے ہی جبینِ نیاز پیش کرتے رہے انہی کے لیے (جنت کی) خوشخبری ہے۔تو اے نبی(ﷺ)!میرے (ان) بندوں کو خوشخبری سنادو۔" (الزمر:۱۷)

{أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُواْ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُواْ إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُواْ أَن يَكْفُرُواْ بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلاَلاً بَعِيداً}

" اے نبی(ﷺ)!تم نے دیکھا نہیں ان لوگوں کو جو دعوی کرتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں اس کتاب پر جو تمھاری طرف نازل کی گئی ہے اور ان کتابوں پر جو ان سے پہلے نازل کی گئی ہیں مگر چاہتے یہ ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ کرانے کے لیے طاغوت کی طرف رجوع

کریں حالانکہ انہیں طاغوت سے کفر کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ شیطان انہیں بھٹکا کر راہِ راست سے بہت دور لے جانا چاہتا ہے۔'' (النساء:٦٠)

{أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُواْ نَصِيباً مِّنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ وَيَقُولُونَ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ هَؤُلاء أَهْدَى مِنَ الَّذِينَ آمَنُواْ سَبِيلاً، أُوْلَـئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللّهُ وَمَن يَلْعَنِ اللّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ نَصِيراً، أَمْ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَإِذاً لاَّ يُؤْتُونَ النَّاسَ نَقِيراً}

''کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں کتاب کے علم میں سے کچھ حصہ دیا گیا ہے اور ان کا حال یہ ہے کہ جبت اور طاغوت کو مانتے ہیں اور کافروں کے متعلق کہتے ہیں کہ ایمان لانے والوں سے تو یہی زیادہ صحیح راستے پر ہیں۔ ایسے ہی لوگ ہیں جن اللہ نے لعنت کی ہے اور جس پر اللہ لعنت کر دے پھر تم اس کا کوئی مدد گار نہیں پاؤ گے۔ کیا حکومت میں ان کا کوئی حصہ ہے اگر ایسا ہوتا تو یہ دوسروں کو ایک پھوٹی کوڑی بھی نہ دیتے۔'' (النساء:۵۱ تا۵۳)

{اللّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُواْ يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوُرِ وَالَّذِينَ كَفَرُواْ أَوْلِيَآؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ}

'' جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کا حامی مدد گار اللہ ہے اور وہ ان کو تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے اور جو لوگ کفر کی راہ اختیار کرتے ہیں ان کے حامی و مدد گار طاغوت ہیں اور وہ انہیں روشنی سے تاریکیوں کی طرف کھینچ لے جاتے ہیں یہ آگ میں جانے والے لوگ ہیں جہاں یہ ہمیشہ رہیں گے۔''(البقرۃ:۲۵۷)

طاغوت کی تعریف

امام جوھری رحمہ اللہ : '' ضلالت و گمراہی کا ہر سرغنہ طاغوت ہے۔''

امام طبری رحمہ اللہ : ''حدِّبندگی سے سرکشی پہ آمادہ ہر شخص طاغوت ہے۔''

امام ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''ہر وہ چیز جو انسان سے حدِّ بندگی پار کرادے ،طاغوت ہوتی ہے۔چاہے معبود ہو یا پیشوا یا واجبِ اطاعت' اس بناپر ہر قوم کا طاغوت وہ ہو گا جس سے وہ اللہ اور اس کے رسولe کو چھوڑ کر فیصلے کراتے ہوں' یا اس کی پرستش کرتے ہوں یا آسمانی بصیرت کے بغیر اس کے پیچھے چلتے ہوں یا ان امور میں اس کی اطاعت کرتے ہوں جنہیں وہ جانتے ہوں کہ یہ اللہ کی اطاعت نہیں ہے۔'' (فتح المجید:صفحہ ۱۸)

امام محمد بن عبد الوہاب رحمہ اللہ کے بقول:

''یادرکھیے لفظ طاغوت میں عمومیت پائی جاتی ہے چنانچہ ہر وہ شخص جو اللہ کے علاوہ پوجا جاتا ہے اور وہ اپنی اس عبادت پر راضی ہے؛چاہے وہ معبود بن کے ہو،پیشوا بن کے ہو، یا اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت سے بے نیاز ،واجبِ اطاعت بن کے ہو؛'طاغوت' ہوتا ہے۔یوں تو طواغیت بہت سارے ہیں مگر ان کے سرغنے پانچ ہیں:

پہلا {طاغوت}:

شیطان ہے جو غیر اللہ کی عبادت کی دعوت دیتاہے۔اس کی دلیل قرآن کی یہ آیت ہے؛

{ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِي آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ }

''اے اولادِ آدم !کیا ہم نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا وہ تمھارا کھلا دشمن ہے''۔ (یسین:٦٠)

دوسرا {طاغوت}:

وہ ظالم حکمران جو اللہ کے احکام و قوانین کی جگہ اور احکام لاتا ہے اس کی دلیل یہ آیت ہے:

{أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُواْ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُواْ إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُواْ أَن يَكْفُرُواْ بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلاَلاً بَعِيداً }

''اے نبی (ﷺ)! تم نے دیکھا نہیں ان لوگوں کو جو دعوی کرتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں اس کتاب پر جو تمھاری طرف نازل کی گئی ہے اور ان کتابوں پر جو ان سے پہلے نازل کی گئی ہیں مگر چاہتے یہ ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ کرانے کے لیے طاغوت کی طرف رجوع کریں حالانکہ انہیں طاغوت سے کفر کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ شیطان انہیں بھٹکا کر راہِ راست سے بہت دور لے جانا چاہتا ہے۔'' (النساء:٦٠)

تیسرا {طاغوت}:

جو اللہ کے اتارے ہوئی دین کے ماسوا قانون کے مطابق فیصلے کرتا ہے۔ اس کی دلیل یہ آیت ہے:

{ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ }

''جو اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ کافر ہیں۔'' (المائدہ:۴۴)

(اس کے بعد امام صاحب چوتھا اور پانچواں طاغوت ذکر کرتے ہیں جو بالترتیب علمِ غیب کا مدعی اور اپنی پرستش کرانے والا ہو) پھر فرماتے ہیں:

'' یہ جان لینا ضروری ہے کہ انسان اس وقت تک اللہ کے ساتھ ایمان نہیں لا سکتا جب تک طاغوت کے ساتھ کفر نہ کرلے۔ اس کی دلیل قرآن کی یہ آیت ہے:

{ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لاَ انفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ }

”جس نے طاغوت سے کفر کیا اور اللہ پر ایمان لایا تو اس نے مضبوط کڑے کو تھام لیا جو کبھی ٹوٹنے کا نہیں اور اللہ سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے“(البقرہ:۲۵۶)(الجامع الفرید: صفحہ ۲۵۶۔۲۵۷)

مفتی اعظم سعودی عرب شیخ ابن باز رحمہ اللہ:

مفتی اعظم سعودی عرب شیخ ابن باز رحمہ اللہ امام محمد بن عبد الوہاب رحمہ اللہ کی کتاب التوحید کی شرح میں تعلیقاً لکھتے ہیں:

”سلف کے کلام کا جو خلاصہ بنتا ہے وہ یہ کہ ہر وہ چیز؛ جو بندے کو صرف اللہ کی عبادت، دین کو ایک اللہ کے لیے خالص کر دینے اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرنے سے پھیر دے یا اس میں آڑے آئے، ”طاغوت“ ہوتی ہے چاہے تو وہ جنات کا شیطان ہو چاہے انسانوں کا چاہے شجر و حجر وغیرہ، اس کے ضمن میں بلاشک وشبہ اسلام کے احکام چھوڑ کر ان دیگر قوانین کا نفاذ بھی آتا ہے جن کو انسان اپنے مابین مقرر کر لیتے ہیں اور ان کا اطلاق زندگی موت کے مسائل، مالی معاملات اور انسانی شرم گاہوں کی حلت و حرمت تک پر ہوتا ہے اور حدود کا قیام اور سود، زنا و شراب ایسے محرمات کی تحریم کا بطلان ہوتا ہے کیونکہ یہ قوانین (ان میں سے جسے چاہیں) حلال کر کے نافذ کرنے اور کروانے والوں کے لیے قانونی چھتری فراہم کرتے ہیں۔ خود یہ قوانین طاغوت ہیں، ان کے بنانے والے طاغوت ہیں اور ان کو ترویج دینے والے طاغوت ہیں، یہی حکم عقل انسانی کی طبع زاد ہر کتاب کا ہوگا جو رسول برحق ﷺ کے آوردہ حق سے بندوں کو پھیرنے کا سبب بنے چاہے وہ قصداً ہو یا بغیر قصد کے، اور اسے مقرر کرنے والا طاغوت ہوگا۔“(فتح المجید: صفحہ ۳۸۷)

بقول سید قطب رحمہ اللہ :

"طاغوت ہر وہ سلطنت ہے جس نے اپنے وجود کے لیے اللہ کی سلطنت سے پروانہ نہ لے رکھا ہو اور نہ اس کے حکم پر قائم ہو نیز ہر وہ قانون طاغوت ہے جو اللہ کی شریعت سے نہ لیا گیا ہو اور ہر وہ سرکشی جو حق سے تجاوز کر جائے طاغوت کہلاتی ہے۔ پھر جو سرکشی اللہ کے حقِّ الوہیت و حاکمیت پر ہو وہ تو طاغوت کی بدترین اور سنگین ترین شکل ہوئی اور "لفظاً" و "معناً" وہی طاغوت کے اطلاق کی سب سے زیادہ مستحق بھی" (فی ظلال القرآن عربی: ۱/ ۲۹۲)

مولانا مودودی رحمہ اللہ کی زبان میں:

"طاغوت لغت کے اعتبار سے ہر اس شخص کو کہا جائے گا جو اپنے جائز حق سے تجاوز کر گیا ہو قرآن کی اصطلاح میں طاغوت سے مراد وہ بندہ ہے جو بندگی کی حد سے تجاوز کر کے خود آقائی و خداوندی کا دم بھرے اور خدا کے بندوں سے اپنی بندگی کرائے۔ خدا کے مقابلے میں ایک بندے کی سرکشی کے تین مرتبے ہیں پہلا مرتبہ یہ ہے کہ بندہ اصولاً اس کی فرمانبرداری ہی کو حق مانے، مگر عملاً اس کے احکام کے خلاف ورزی کرے اس کا نام فسق ہے۔ دوسرا مرتبہ یہ ہے کہ وہ اس کی فرمانبرداری سے اصولاً منحرف ہو کر یا تو خود مختار بن جائے یا اس کے سوا کسی اور کی بندگی کرنے لگے۔ یہ کفر ہے۔ تیسرا مرتبہ یہ ہے کہ وہ مالک سے باغی ہو کر اس ملک اور اس کی رعیت میں خود اپنا حکم چلانے لگے اس آخری مرتبے پر جو بندہ پہنچ جائے اسی کا نام طاغوت ہے اور کوئی شخص صحیح معنوں میں اللہ کا مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اس طاغوت کا منکر نہ ہو" (تفہیم القرآن: ۱/ ۱۹۶)

دوسری جگہ مولانامودودی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"یہاں صریح طور پر "طاغوت" سے مراد وہ حاکم ہے جو قانونِ الٰہی کے سوا، کسی دوسرے قانون کے مطابق فیصلہ کرتا ہو اور وہ نظامِ عدالت ہے جو نہ تو اللہ کے اقتدارِ اعلیٰ کا مطیع ہو اور نہ اللہ کی کتاب کو آخری سند مانتا ہو۔ لہذا یہ آیت اس معنی میں بالکل صاف ہے کہ جو عدالت طاغوت کی حیثیت رکھتی ہو اس کے پاس اپنے معاملات فیصلے کے لیے لے جانا ایمان کے منافی ہے اور خدا اور اس کی کتاب پر ایمان لانے کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ آدمی ایسی عدالت کو جائز عدالت تسلیم کرنے سے انکار کر دے۔ قرآن کی رو سے اللہ پر ایمان اور طاغوت سے کفر دونوں لازم وملزوم ہیں اور خدا اور طاغوت دونوں کے آگے بیک وقت جھکنا عین منافقت ہے۔" (تفہیم القرآن: ۱/۳۶۶)

بعض شبہات کا ازالہ

(۱)طاغوت کیا صرف غیر اسلامی قانون پاس کرنے والے ارکان ہیں؟

طاغوت صرف وہی ارکان نہیں جو غیر اسلامی قوانین پاس کرتے ہیں۔طاغوت کی تعریف سے لاعلمی کی بناپر غلط فہمی ذہنوں میں پرورش پاگئی ہے کہ غیر اسلامی قانون سازی میں شریک نہ ہونے والے ارکان ،یاکسی قانونی بل کے پاس ہونے کے وقت ایوان سے غیر حاضر رہنے والے ارکان طاغوت کی تعریف میں نہیں آتے۔

اولاً:......یہ ارکان ویسے ہی ممبران پارلیمنٹ کا خطاب نہیں پاتے بلکہ ملک کے دستور اور رائج قانون کے تحفظ اور احترام کا حلف بھی اٹھاتے ہیں(اس حلف کی عبارت آئندہ صفحات میں دی جارہی ہے)بنابریں ایوان کے کوئی سے بھی اکاون فیصد ارکان ایک فیصلہ کردیں تو اس دستور کے بموجب جس کا یہ حلف اٹھاتے ہیں وہ فیصلہ صرف اکاون فیصد کا نہیں پورے ایوان کا تصور ہوتا ہے۔چنانچہ ایک غیر اسلامی قانون کے حق میں یا مخالفت میں ووٹ دینے کا کوئی اثر پڑ سکتا ہے تو وہ اس قانون کے پاس ہونے سے پہلے پہلے ،بعد میں تو اس بات کا کوئی مطلب ہی نہیں کہ کس ممبر نے ووٹ دیا تھا اور کس نے نہیں۔ایک بار اکثریت رائے سے کوئی قانون پاس ہو گیا تو وہ پورے ایوان کی نمائندگی کرتا ہے اور ملک کا باقاعدہ قانون شمار ہوتا ہے جس کے احترام اور تحفظ کی ہر ممبر نے پیشگی قسم کھا رکھی ہے۔اب کوئی ممبر موچی دروازہ میں کھڑا ہو کر کچھ بھی کہے مگر اپنے حلف کی رو سے اصولاً اور فی الواقع سبھی اس کے احترام کے پابند ہوتے ہیں اور سبھی اس کے محافظ۔

ثانیاً:......یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ طاغوت ہونے کے لئے یہ قطعاً ضروری نہیں کہ وہ قانون سازی میں عملی طور پر شریک ہو اور تا آنکہ ایسا نہ ہو تو اس کا طاغوت ہونا معلق رہے۔شرک ایک اقرار واعتقاد کا نام ہے سو ایک انسان الٰہی اختیارات رکھ کر ہی طاغوت بن جاتا ہے انہیں بروئے کار لانا تو بہت بعد کی بات ہے ،پھر اس سے اللہ کی بندگی میں لوٹنے کے لئے بھی شرط یہ نہیں ہے کہ وہ ایسے اختیارات

کا استعمال ترک کردے' جیسا کہ تمام اسلام پسند کرلیا کرتے ہیں' بلکہ خدائی اختیار سے خود کو دستبردار کرنا' اس جیسے دوسرے ارباب اختیار کا صاف انکار کرنا اور اپنے ماضی پہ نادم ہو کہ توبہ واستغفار کرنا ضروری ہے۔

(۲) ارکان پارلیمنٹ کی انفرادی حیثیت

بعض لوگ ارکان پارلیمنٹ کو اجتماعی حیثیت میں تو طاغوت تسلیم کرتے ہیں مگر کسی رکن کو انفرادی حیثیت میں یہ لقب دینا گوارا نہیں کرتے۔

فقہ اسلامی کا ایک معروف اصول ہے کہ جرم کا کوئی واقعہ ایک آدمی کے ہاتھوں سرزد ہو یا متعدد اشخاص کے تعاون سے رونما ہو' شرعاً ان سب کا ایک ہی حکم ہو گا۔ تعدد اشخاص کی صورت میں فرداً فرداً ایسے تمام لوگوں پر وہ فرد جرم عائد ہو گی جو انفرادی جرم کی صورت میں اکیلے آدمی پر عائد ہوتی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شریعت کا یہ اصول یوں بیان فرمایا تھا۔

''واللہ لو تمالأ علیه أهل صنعاء لقتلهم جمیعا''

''یہ (قتل کا جرم) اگر سب اہل صنعا نے مل کر کیا ہو تا تو میں ان سب پر ہی قصاص کا حکم لاگو کرتا''۔ (التشریع الجنائی لعبد القادر عودة ۲ : ۴۰)

لہٰذا یہ کوئی دلیل نہیں کہ خدائی اختیارات چرا کر متعدد انسانوں میں تقسیم کر دیئے جائیں تو انفرادی حیثیت میں سبھی اس کے شرعی حکم کی زد میں آنے سے بچ رہیں گے۔

(۳) دستور کے اسلامی حصہ کو ہی مانا جائے تو!

دستور کی شرکیات اور انسانوں کے خدائی اختیارات کی توجیہ مشکل ہو جائے تو بعض دیندار حضرات کی طرف سے یہ جواب ملتا ہے کہ ''ہم دستور کے صرف اسلامی حصہ کو مانتے ہیں' باقی اس کے غیر اسلامی حصہ کو ہم بھی تسلیم نہیں کرتے''۔

اولاً اس چیز کو کیا کہتے ہیں جو آپ کے بقول اسلامی اور غیر اسلامی کا ملغوبہ ہے؟ ذرا واضح الفاظ میں 'اس اسلامی حصہ کی اگر کچھ حقیقت فرض بھی کرلی جائے تو بھی یہ کہا جائے گا کہ یہ دستور غیر اللہ کے حق کے ساتھ اللہ کا حق تسلیم کرتا ہے......بتایئے شرک کیا ہوتا ہے؟ ثانیاً کسی سے دریافت کرلیجئے کہ آئین جو نظام پاکستان کی مستند کتاب ہے کہاں سے شروع ہوتا ہے اور کہاں پر ختم ہوتا ہے کون نہیں جانتا کہ جس طرح یہ نظام ایک اکائی ہے اسی طرح اس نظام کا ترجمان دستور بھی ایک اکائی ہے۔ اس میں جس کا جو حصہ رکھ دیا گیا ہے اور اختیارات کی جو نسبت وتناسب بیان کردی گئی ہے وہ اسے ایک کل ماننے کے بعد ہی سمجھ میں آسکتی ہے۔ کوئی عقل مند بھی اس کے ایک حصہ کو الگ کرکے اس کی تفسیر کرنے کی اجازت نہ دے گا 'کجا یہ کہ آپ اسی کو معتبر مانیں اور باقی کو دل سے نہ مان کر جان چھڑا لیں۔

ہر شخص جانتا ہے کہ پانی ہائیڈروجن اور آکسیجن کا مرکب ہے۔ اب اگر کوئی صرف ہائیڈروجن کو پانی ماننے لگے تو آپ اس کا کیا بگاڑ لیں گے؟ کوئی اگر اس ضد پر آجائے کہ دوسرے جو بھی چاہیں مطلب لیتے رہیں مگر وہ سرمایہ داری نظام کو صرف ''شخصی ملکیت'' کے سنہری اصول کی بنا پر قبول کرتا ہے اور اس کے باقی امور سے متفق نہیں 'کمیونزم کو ''اجتماعی مفاد کی ترجیح'' کے اصول کی بنا پر گلے لگاتا ہے اس کے باقی کفریہ نظریات کو ''ذاتی طور'' پر تسلیم نہیں کرتا 'بدھ مت اس لئے اچھا ہے کہ اس میں رقت قلب اور خدا ترسی کے اسلام ایسے سبق ملتے ہیں اس کے غیر اسلامی عقائد سے وہ اتفاق نہیں کرتا 'عیسائیت کو صرف عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان کی حد تک قبول کرتا ہے تثلیث کا وہ قائل نہیں......اور یوں دنیا بھر کے ادیان اور نظام ہائے باطل کی جمع تفریق کا عالمی فلسفہ پیش کردے تو آپ اس کے لئے کیا علاج تجویز کریں گے۔ اور جب شرک کہتے ہی اللہ کے ساتھ غیر اللہ کو کم یا زیادہ ملانے کو ہیں تو اس فلسفہ کے اطلاق کے بعد کون سا شرک رد کئے جانے کے قابل رہ جائے گا؟ شرک مٹانے کا یہ نسخہ کیمیا اگر انبیاء کے ہاتھ لگتا تو ان کا کام حد درجہ آسان ہو جاتا آپ دیکھتے نہیں کہ باطل نظام کے صرف مثبت یا اسلام سے مشترک ''اسلامی پہلوؤں'' کی نیت کرکے اسے قبول کرنے اور یوں اس میں شرکت کرنے کا یہ فلسفہ انتہائی ''واقعیت پسندی'' کے باوجود انبیاء کی دعوت کا صاف انکار ہے؟ کیا کوئی نبی بھی ایسا گزرا ہے جس کی قوم اللہ کو نہیں پوجتی تھی اور اس کا مختص حصہ موجودہ دور کی آئینی ضمانتوں سے کہیں زیادہ

عقیدت کے ساتھ پیش نہیں کرتی تھی؟ پھر ان مثبت پہلوؤں کی نیت کر کے کیوں نہ انبیاء نے نظام وقت کی اقتدا اختیار کی اور منفی پہلوؤں کا مثبت انداز سے خاتمہ کرنے کی پر امن اور بتدریج جدوجہد کرتے رہے۔ انبیاء کے پاس ان نکتہ سنج مفکرین کے اس اعتراض کا کیا جواب ہو گا کہ انہوں نے مثبت پہلوؤں سے چشم پوشی کر کے صرف منفی پہلوؤں کو اچھالنے اور یوں تنقید برائے تنقید کا ناپختہ انداز اپنانے میں جذباتیت کا مظاہرہ کیا' حالانکہ مل بیٹھ کر افہام و تفہیم کی راہیں نکالنے کا دروازہ بند نہ تھا اور یوں بھی اگر وہ اس درمیانی راہ پر قدم رکھ دیتے' خواہ وہ کیسی ہی کڑی شروط پر ہوتی' تو اپنے زور دار کردار کے بل بوتے پر قوم سے اپنی صلاحیتوں کو لوہا جلد منوا لیتے۔ آخر لٹیروں اور قوم کا خون چوسنے والوں سے جان بخشی کی فکر کس دور میں نہیں رہی یوں میدان بہر حال انبیاء کے ہاتھ ہی رہتا' ویسے بھی جس نصرت الٰہی کی امید ہر الیکشن پر آج کے گناہگاروں کا آخری سہارا ہے انبیاء اس سے مایوسی کا کفر نہ کرتے تھے۔

الغرض چند اشخاص کا اس طرح دستور سے اپنا مطلب نکالنا کیا دنیا کو بے وقوف بنانے کی کوشش نہیں ؟اگر دنیا کے معروف امور میں ہر آدمی کی اپنی مراد معتبر ہونے لگے تو اس وقت انسان جو زبانیں بول رہے ہیں وہ ہرگز اس مخلوق کے لائق نہ رہیں۔

ثالثاً ان سب باتوں کے بعد بھی کاش کہ صرف اتنا ہو کہ یہ دستور کے صرف ''اسلامی'' حصہ ہی کو لیتے اور کافر حصہ کو مسترد کرنے پر تلے رہتے' جو نوشتہ دیوار کا انکار تو ہوتا مگر ایک گونا اخلاص کا بھرم شاید رہ جاتا۔ ذرا ان سے پوچھئے جب انتخاب کی دیوی انہیں محفل طاغوت کا ممبر بناتی ہے تو پانچ سال کی رکنیت کیلئے جو حلف اٹھایا جاتا ہے کیا یہاں سے شروع نہیں ہوتا۔

I.....................do solemnly swear that I will bear faith and allegiance to Pakistan that, as a member of National Asembly (or Senat). I will perform my functions honestly , to the best of my ability , faithfully , in accordance with the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and the law and the rule of the Assembly (or

Senate), and always in the interest of the Sovereignty , integrity solidarity , well-being and prosperity of Pakistan

اور یہاں ختم نہیں ہوتا؟

And that I will preserve , protect and defend the Constitution of the islamic Republic of Pakistan. (1)(Third Schdual of Constitution)

"بجز جیسا کہ اس آرٹیکل میں قرار دیا گیا ہے 'تمام موجودہ قوانین 'اس دستور کے تابع 'جس حد تک قابل اطلاق ہوں اور ضروری تطبیق کے ساتھ اس وقت تک بدستور نافذ رہیں گے جب تک کہ مناسب مقننہ انہیں تبدیل یا منسوخ نہ کردے یا ان میں ترمیم نہ کردے"۔ (ترجمہ از: حکومت پاکستان وزارت عدل وپارلیمانی امور 'شعبہ عدل ص۱۶۷)

اگر ان کے اس "ذاتی مطلب" لینے کے فلسفے کا اعتبار کر لیا جائے تو بھی ان سے دریافت کیجئے کہ جب یہ آئین کی اطاعت واحترام اور تحفظ ووفاداری کا ہاتھ اٹھا کر حلفیہ قسم کھاتے ہوئے خشوع وخضوع کے ساتھ اعلان کرتے ہیں تو کیا آدھے دستور کا حلف اٹھاتے ہیں یا پورے کا!؟

ممبران اسمبلی کے حلف کی بابت غور طلب بات یہ ہے کہ کچھ لوگ اس نظام وآئین اور قانون کے تحفظ کی حلفیہ قسمیں بھی کھاتے ہیں اور بیک وقت اس کو نیست ونابود کرنے کی بڑھکیں بھی لگاتے ہیں۔یہ بالکل ایسا ہی ہے کہ آپ دعویٰ تو کریں ایک عمارت کو مسمار کرنے کا مگر اس کے قریب پھٹکنے سے بھی پہلے اس کی ایک ایک اینٹ کی سلامتی کا حلفیہ اسٹامپ لکھ دیں۔

{ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ }

"یہ لوگ اللہ کو اور اہل ایمان کو دھوکہ دے رہے ہیں حقیقت میں یہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں مگر وہ اس کا شعور نہیں رکھتے"۔(البقرۃ:۹)

(۴) پارلیمنٹ کا اختیار اسلام کے حق میں ہو جائے تو!

کہا جاتا ہے کہ اس نظام میں شرکت کے لئے کیا یہی دلیل کافی نہیں کہ پارلیمنٹ سب کچھ کرنے میں آزاد ہے۔ اگر وہ انگریز کے قانون کو سند جواز دے سکتی ہے تو اپنا یہ حق اسلام کیلئے بھی تو استعمال کر سکتی ہے ۔ خصوصاً اگر دو تہائی اکثریت حاصل کر لی جائے تو دستور تک بدل سکتا ہے!

اولاً: پارلیمنٹ کا سب کچھ کرنے میں آزاد ہونا اس کی رکنیت کے جواز کی نہیں حرمت کی دلیل ہے۔ یہ پارلیمنٹ ایک طرف تو رب العالمین کی شریعت کو قانون کی سند دینے یا نہ دینے میں پوری طرح آزاد ہے مگر دوسری طرف کروڑوں انسانوں کیلئے ہر حال میں واجب اطاعت ۔اب جو مجلس رب العالمین کی ہمسری کرتی ہو اس میں شمولیت کا خیال کسی مسلمان کے دل میں آجانا ہی حیرت کی بات ہے۔

ثانیاً: رہا یہ کہ دو تہائی اکثریت کے ذریعے نفاذ اسلام کا امکان ہونے کی بنا پر پارلیمنٹ طاغوت نہیں رہتی تو یہ اگر کوئی اصول ہے تو پھر دنیا کے کسی ملک کی پارلیمنٹ طاغوت رہے گی؟ اگر اآپ امریکی کانگریس میں دو تہائی اکثریت حاصل کر لیں تو کیا وہاں اسلام نہ لے آئیں گے ؟ مسئلہ تو دراصل ان خدائی اختیارات کا ہے جو اس وقت اسے فی الواقع حاصل ہیں ۔رہے امکانات اور احتمالات تو اس بنیاد پر شریعت کے احکام لاگو نہیں ہوتے۔

ثالثاً: کسی شراب سازوں کی یونین میں اکثریت حاصل کر کے اگر آپ اس کے قوانین تبدیل کرنے کی پوزیشن میں ہوں تو کیا شراب سازوں کی مجلس میں شرکت بھی دین کا تقاضا ہو گی؟

''علماء'' سے دریافت کیجئے 'بعید نہیں کوئی دن یہ فتویٰ بھی نکل آئے!

رابعاً: شریعت کا نفاذ دین میں مطلوب ضرور ہے مگر شرک کے راستے سے نہیں۔ شرک سے بچنا اور طاغوت سے کفر کرنا شریعت کے نفاذ سے کہیں بڑا فرض ہے۔ آج تک کسی نبی نے بھی شریعت کے نفاذ

کی خاطر طاغوت کی ہم نشینی اختیار نہیں کی۔اس لئے شریعت کا نفاذ'شرک کرنے کے لئے ایک لمحہ حجت نہیں بن سکتا۔

خامساً: مقصد نیک ہو تو بھی اللہ کی نافرمانی کا ذریعہ اختیار کرنا کسی صورت جائز نہیں۔ورنہ حج کرنے کیلئے سود لینا بھی جائز ہو جائے گا اور خیرات کرنے کے لئے رشوت ستانی بھی! The End Justifies the means کا میکیاویلی فلسفہ اسلام میں نہیں' یہ شیاطین مغرب کی ایجاد ہے۔اسلام کے اندر تو آپ مقاصد کے تعین میں بھی شریعت کے پابند ہیں اور جائز ذرائع کے اختیار بھی۔

(۵)پارلیمنٹ کا اختیار خیر وشر کی آزمائش میں آتا ہے؟

ایک شبہ پیش کیا جاتا ہے کہ یہ حق تو خود اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو دیا ہے کہ چاہیں تو حق راستہ قبول کریں اور چاہیں تو باطل'پھر یہ اختیارات پارلیمنٹ کو دینا کفر کیسا؟ہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس حق کا ناجائز استعمال غلط ہے۔

اولاً: اللہ تعالیٰ کو خیر وشر میں سے کوئی ایک راستہ قبول کر لینے کا اختیار دینا ایک تکوینی امر ہے جو اللہ تعالیٰ ہی سے متعلق ہے مگر جہاں تک انسان کا تعلق ہے تو وہ اسلام میں داخل ہی اپنے ہر قسم کے اختیارات کو ختم کر کے ہوتا ہے چنانچہ انسان کا ایسے اختیار کو باقی رکھنا ہی کفر ہے اسے استعمال کرنا تو بہت دور کی بات ہے۔

{وَ مَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ}

”کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملہ کا فیصلہ کر دے تو پھر اسے اپنے اس معاملے میں خود فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل رہے۔“ (الاحزاب:۳۶)

ثانیاً: ہر انسان کو ذاتی حیثیت میں کفر واسلام کا انتخاب کرنے حق ضرور ہے کہ وہ چاہے تو مومن بنے اور چاہے کافر مگر کسی انسان کو قانون سازی کے ذریعے کروڑوں انسانوں کا رخ زندگی متعین کرنے کا دستوری حق ہونا ایک بالکل مختلف چیز ہے۔ ان دونوں کو آپس میں ملانا گمراہ کن سوچ ہے جس کے ڈانڈے جہمیت (ایک گمراہ فرقہ) جیسے انداز فکر سے جاملتے ہیں۔

(۶) بہت سے موجودہ قوانین بھی اسلام سے ملتے جلتے ہیں

سیکولرازم کی وضاحت میں ہم نے یہی بیان کرنے کی کوشش کی ہے کہ کافر نظام میں تمام احکام اور قوانین کا الٰہی شریعت سے سو فیصد برعکس اور متصادم ہونا ضروری نہیں بلکہ شریعت کا پارلیمنٹ کی دہلیز سے اجازت نامہ حاصل کرنے کی شرط ہی اس کے طاغوت ہونے کے لئے کافی ہے۔

جب پارلیمنٹ یا انگریزی قانون کی اسلامی حکم کو شرف قبولیت بخش کے اسے قانون کے مرتبے پر فائز کرے تو اس کے اگلے لمحے اس کی جو اطاعت واجب ہو جائے گی وہ اللہ کی شریعت کی نہیں پارلیمنٹ اور اس کے قانون کی اطاعت ہو گی۔ بھلا بتایئے اگر پارلیمنٹ مزدوروں کے کسی مطالبے کی منظوری میں قانون پاس کر دے تو اس کے بعد قانون کے سامنے جو سر جھکیں گے وہ مزدوروں کی اطاعت شمار ہو گی یا پارلیمنٹ کی؟ اسلام میں اصل مسئلہ ''اتھارٹی'' کا ہے۔ ذرا سوچئے یہ قوانین تو پھر بھی انسانوں کے ناقص دماغوں کی پیداوار ہیں اگر کوئی آج کے دور میں اصلی تورات یا انجیل کے احکام کو بھی قانونی حیثیت دیدے تو اس کے کفر میں کیا شک ہے جبکہ وہ اللہ کے احکام پر مبنی ہیں اور انگریزی قوانین کی بہ نسبت اسلام سے کہیں زیادہ مماثلت رکھتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ محمد ﷺ کی پیروی کرائے بغیر ماننے والا نہیں ۔ یہاں تو موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام آجائیں تو ان کو بھی پیروی اور صرف پیروی کئے بنا چارہ نہیں، پھر پارلیمنٹ کیا چیز ہے جس کے قوانین اسلام سے ''ملتے جلتے'' ہونے کی بنا پر امت مسلمہ پر تو لاگو کئے جائیں مگر خود اسے مالک الملک کے سامنے ناک رگڑنے سے مستثنیٰ رکھا جائے۔

{فَلاَ وَ رَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لاَ يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَ يُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا}

''نہیں اے محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم)! تمہارے رب کی قسم' یہ کبھی مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے باہمی اختلافات میں یہ تم کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں' پھر جو کچھ تم فیصلہ کرو اس پر اپنے دلوں میں بھی کوئی تنگی (تک) نہ محسوس کریں بلکہ سر بسر تسلیم کر لیں''۔(النساء:۶۵)

(۷) مصلحت کا تقاضا!

بقول سید قطب رحمہ اللہ:

''آج مصلحت ایسا بت بن گیا ہے جو نصوص کے ہوتے ہوئے تو کیا شرک و جہنم کی وعیدوں کے باوجود حلال و حرام کا تعین کرتا ہے''۔

پارلیمنٹ کی ممبری کو ''مصلحت'' کا تقاضا قرار دینے والے حضرات ذرا مصلحت کی ان دو شرطوں پر غور فرمالیں جو فقہائے اسلام کے نزدیک مصلحت کا اعتبار کرنے کے لئے شرعاً عائد ہوتی ہیں۔

پہلی شرط، مصلحت' مقاصد شریعت کی ترتیب میں آتی ہو:

امام شاطبی ''الموفقات'' کے جز اول میں فرماتے ہیں کہ

'' جان ومال اور عقل ونسل کی حفاظت مقاصد دین میں شامل ہے مگر حفظ دین سب سے پہلے اور مقدم ہے''۔ دیگر فقہاء بھی مصلحت کی اس شرط پر متفق ہیں کہ ہو وہ مقاصد شریعت کے ترتیب کے تابع ہو جو کہ حفظ دین سے شروع ہوتے ہیں اور دین کے بعد ہی جان' مال' عقل اور نسل کی حفاظت کی نوبت آتی ہے۔ آج تک کسی فقیہ نے اس بات سے اختلاف نہیں کیا کہ حفظ دین سب سے بڑی مصلحت ہے۔ پھر دین میں ہر آدمی جانتا ہے کہ عقیدہ اہم ترین ہے اور عقائد میں عقیدہ توحید سب سے پہلے ہے۔ اس لحاظ سے علمی بنیاد پر مصلحت کو لیا جائے تو یہ ایک شرعی دلیل ہے اور اس کا تقاضا ہے کہ رسول اکرم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے چھوڑے

ہوئے دین کو خالص اور شفاف عقیدہ کی تروتازگی قائم رکھنے کے لئے اگر جان ومال ٗچودھراہٹ یا تعلقات واثرورسوخ کی قربانی دینی پڑے تو ایسی قربانی سے نہ صرف دریغ نہ کیا جائے بلکہ اسے انبیاء صالحین کی سنت سمجھ کے اپنی انتہائی کوشی سمجھا جائے ٗکہ یہ رتبہ بلند ہر ایک کو نہیں ملا کرتا اور اللہ ہر ایک سے ایسی قربانی قبول بھی نہیں فرماتا۔

{اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ}

"اللہ تعالیٰ تقویٰ والوں کا ہی عمل قبول کرتا ہے"۔(المائدۃ:۲۷)

آج اس باطل نظام میں امیدوار یا ووٹر کی حیثیت سے شرکت فرمانے والے دیندار حضرات آخر اپنی جان ومال یا پھر بد عقیدہ وبے عمل اکثریت کے قومی مفاد کی مصلحت سے زیادہ کیا دلیل رکھتے ہیں ؟بتایئے یہ مصلحت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کی والدہ سمیہ رضی اللہ عنہا کی خاک پا کے سامنے کیا حیثیت رکھتی ہے جنہیں دواونٹوں سے باندھ کر مخالف سمت میں چروانا قبول کر لینا ہی محمد ﷺ کے ہاں مصلحت تھی ؟آخر کفار کا آپ ﷺ سے ذرا نرمی اختیار کر لینے کے سوا اور کیا مطالبہ تھا۔جس کے بدلے سمیہ و یاسر رضی اللہ عنہما کی جان ومال ایسی مصلحتیں تو کیا بادشاہت بھی قدموں میں ڈھیر ہوتی تھی ۔ووٹ دے کر بڑے کفر کا راستہ روکنے والے اور ایک ایک سیٹ کی ذخاطر ذلت کی خاک چھاننے والے اس حقیقت کو کیسے قبول کرتے ہوں گے کہ خاتم المرسلین ذرا نرم رویہ اختیار کرنے کے عوض جان بخشی یا چند سیٹیں نہیں پوری بادشاہت کی پیشکش ٹھکرانے پر بضد ہیں؟ایک ایک دو دو سیٹوں کے بل پر دین کے پرچم گاڑنے والے کیا نہیں سوچتے کہ کیوں بلال رضی اللہ عنہ وصہیب رضی اللہ عنہ نے ماریں کھاتے ہوئے ٗرسول اکرم ﷺ کو مشورہ دیا کہ یہ قومی مفاد بھی ہے اور اسلامائزیشن کا راستہ بھی آپ کیوں ہمیں مروانے پر ہی تلے ہوئے ہیں ؟مصالح ومفاسد کا تقفہ کوئی بلال رضی اللہ عنہ سے لے جو تپتی ریت پر چیختے ہوئے کفار سے گویا ہیں "تمہیں جلانے ستانے کے لئے مجھے کوئی اس سے بھی سخت بات آتی ہو تو میں وہ کہنے سے بھی گریز نہ کروں "ایمانی عزت اور احساس برتری وبے نیازی جاہلیت کی خاک چھاننے سے کہاں نصیب ہوا کرتی ہے۔

دوسری شرط، مصالح مرسلہ:

مصلحت کے لئے دوسری شرط یہ ہے کہ وہ مصالح مرسلہ میں آنی چاہئے...یعنی نہ تو وہ ظاہر شریعت کی کسی نص سے متصادم ہو۔ {لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ } (الحجرات:۱)}" (اے ایمان والو!) اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو"{۔ کا یہی مطلب ہے مثلاً سود کے مال کو صدقہ کرنے میں بظاہر مصلحت ہے مگر شریعت اسے مصلحت نہیں مانتی۔ مصلحت کا تقاضا مفسدت (فساد) ہے 'اب اگر کوئی جاہل نصوص سے متعارض چیز کو مصلحت مانتا ہے تو نصوص کا مفسدت (فساد) ہونا خود بخود لازم آجائے گا معاذاللہ۔ دیکھ لیجئے ایسا اعتقاد کتنی بڑی گمراہی کا موجب ہے۔ پھر جب نصوص سے متعارض چیز کو مصلحت جاننا ظلم عظیم ہے تو عقیدہ توحید ہی سے متصادم امر کو مصلحت قرار دینے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ یہ نظام اگر باطل ہے اور پارلیمنٹ اس کا سب سے بڑا طاغوت تو اس کی رکنیت اختیار کر کے اللہ کی ہمسری کرنا یا دونوں کے ذریعے اللہ کے ہمسر بھرتی کرنا مصلحت کب سے ہو گیا؟

مصلحت کی بابت ایک اور اصولی امر بھی جان لیجئے کہ اہل ایمان کے نزدیک نصوص کی مطابقت ہی مصلحت ہوتی ہے 'جبکہ خلاف نصوص مصالح سے حجت پکڑنا منافقین کا مسلک ہے۔ چنانچہ یہود و نصاری سے دوستی رکھنے کی حرمت کے مقابلے میں منافقین کی دلیل قرآن نے یوں نقل کی ہے۔

> {فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآىِٕرَةٌ}
>
> "تم دیکھتے ہو کہ جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری ہے وہ انہی (یہود و نصاری کی دوستی) میں دوڑ دھوپ کرتے پھرتے ہیں۔ کہتے ہیں ہمیں ڈر ہے کہ کہیں ہم مصیبت کے چکر میں نہ پھنس جائیں"۔ (المائدہ:۵۲)

یہ فلسفہ بھی منافقین کا ہے کہ مقصد صالح ہو تو اس کے لئے جو کام بھی کیا جائے گا وہ مصلحت ہو گا اسی لئے وہ کہا کرتے تھے کہ:

{إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ} (البقرۃ:۱۱)

اور یہ بھی کہ:

{إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنٰى}
"ہمارا مقصد تو نیک ہی تھا"۔(التوبۃ:۱۰۷)

اس بناپر اہل ایمان کے ہاں صرف نیک نیتی معتبر نہیں ہوتی 'کیونکہ اس سے اہل نفاق اوراہل بدعت کے لئے جو دروازہ کھلتا ہے وہ پورے دین پر تباہی لانے کے لئے کافی ہے 'بلکہ حق سے مطابقت اور عقیدہ وایمان کی متابعت بھی عمل صالح کے لئے شرط ہے۔اعمال صالح کی ان دوشرطوں پر پوری امت کا اجماع ہے اب مصلحت اگر عمل صالح کے علاوہ کوئی چیز ہوتی ہے تو پھر ہمیں اس پر کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔

ووٹ کی شرعی حیثیت

جو حضرات پاکستان کے نظام میں مجلس طاغوت کی رکنیت پر ہی مصر ہیں ان کے ساتھ تو ووٹ کے مسئلے پر بات کرنا ایک لایعنی امر ہے۔ رہی ان لوگوں کی بات جو اس نظام کو باطل اور اس کے قانون سازوں کو طاغوت تسلیم کرتے ہیں مگر ان طاغوتوں کو منتخب کرنے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے 'بشرطیکہ نیت انتخاب طاغوت کی بجائے کچھ اور کرلی جائے 'تو اس باب میں ہم ان حضرات ہی کے موقف پر گفتگو کریں گے۔

حقیقت یہ ہے کہ اسمبلیوں میں ''اچھے لوگ'' یا ''کمتر برائی'' بھرتی کرنے کا اصول جہاں ووٹ دینے کے لئے وجہ جواز بنتا ہے وہاں ووٹ لینے کے لئے اور الیکشن لڑنے کے لئے بھی بن سکتا ہے مگر کچھ لوگ مصر ہیں کہ اسے ووٹ دینے تک ہی محدود رکھا جائے چنانچہ ضرورت اور ''مجبوری'' کو دلیل بنا کر جب یہ حضرات مصلحت کا دروازہ کھولتے ہیں تو دوسرا فریق بھی اسی میں گزر جاتا ہے۔ پھر جس طرح ووٹ دے کر کفر کا زور توڑنے والے حضرات اپنے ووٹ کا ''ذاتی مطلب'' لیتے ہیں اسی طرح ووٹ لے کر اسلام کی خدمت کرنے والا فریق بھی اپنی ممبری کی ''ذاتی تشریح'' کرنے کا مجاز ہونا چاہیے مگر نہ جانے ان دونوں فریقوں میں اختلاف کیوں ہو جاتا ہے جبکہ ان دونوں کے دلائل میں اصولی اور جوہری طور پر کوئی فرق نہیں۔

بنابریں ووٹ کا حکم جاننے سے پہلے ووٹ کا مطلب جاننا ضروری ہے ایک جمہوری نظام میں ووٹ کی حیثیت اور اہمیت نہ سمجھنے سے ہی ووٹ کا ''ذاتی مطلب'' لینے کی نوبت آتی ہے۔

ووٹ کی تعریف:

نمائندگان جمہور کی حاکمیت کا نظام جب قرون اولیٰ سے نہیں آیا تو ووٹ کی تعریف قرآن وحدیث سے تو نہیں ملے گی۔ اب ایک پارلیمانی نظام میں 'جو کہ پاکستان میں رائج ہے 'ووٹ کی حیثیت واہمیت

اور جمہوری عمل میں ووٹروں کے کردار کے تعین کیلئے وہی مصادر مستند ہوسکتے ہیں جو اس نظام کو بنانے اور چلانے والوں کے ہاں معروف ہیں۔

انسائیکلوپیڈیا آف سوشل سائنسیز کے مطابق

Voting is the process whereby an idividual member of a group registers his opinion and thus participates in the determination of the consensus among the group with the regard to either the choice of an official or the decision upon a proposal. As such it is the procedure implied an all elections as well as in all parlimentry or direct legislation, under a dictatorial form of government,the individual may be called upon to express his opinion as to the choices already made by the dictator, various devices, however, render this procedure an empty formality. finds its principal share and its predomenant importance under democratic governments under conditions of minimum freedom of choice and suffrage.

ووٹ کے بارے میں ذرا مولانا مودودی کی رائے:

ووٹ کے بارے میں ذرا مولانا مودودی کی رائے بھی ملاحظہ فرمائیں:

”ووٹ دینے کے معنی یہ ہیں کہ ہم اپنی رائے سے کسی ایسے شخص کو منتخب کرتے ہیں جس کا کام موجودہ دستور کے تحت وہ قانون سازی کرنا ہے جو عقیدہ توحید کے سراسر منافی ہے ۔اگر علمائے کرام میں سے کوئی صاحب اس چیز کو حلال اور جائز سمجھتے ہیں تو ان سے دلیل دریافت کیجئے“ ۔ (تحریک آزادی ہند اور مسلمان حصہ دوم ص ۲۳۴)

اگر کوئی صاحب ووٹ کا مطلب سمجھنے کی بابت مغرب کی محتاجی کے روادار نہیں تو بھی یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ اس نظام باطل میں کوئی انسان یا انسانوں کا گروہ طاغوتی مناصب پر ازخود اپنا تقرر نہیں کرتا۔ سوال یہ ہے کہ وہ کون سا عمل ہے جو ایک انسان کو عام حیثیت سے بلند کرکے خدائی کے مرتبہ پر فائز کر دیتا ہے؟ وہ کون سی فارمیلٹی ہے جو معبودوں کی خالی آسامیاں پر کر دیا کرتی ہے؟ وہ کیا چیز ہے جو طاغوت کو زندگی اور وجود بخشتی ہے اگر یہ نہ ہو تو طاغوت کو اپنی ولادت کے لئے کوئی اور "ناجائز" طریقہ اپنانا پڑے گا؟ وہ کون سا عمل ہے جو الوہیت کے کچھ خصائص آسمان سے اتار کے پانچ سال کیلئے زمین پر ایوان پارلیمنٹ میں محبوس کر دیتا ہے؟ کس بل بوتے پر کچھ انسانوں میں مالک الملک کے حق حاکمیت کو پانچ سال تک غضب کئے رکھنے کی آئینی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے؟

ان سوالات کا جواب تو کچھ بھی مشکل نہیں مسئلہ ان کے بارے میں سوچنے کی زحمت کا ہے کہ کسے اللہ کی عظمت ووقار اور اس کی ہیبت وجلال نے ان سوالات کے بارے میں پریشان کیا ہے؟ کس کی جبین نیاز کے سجدوں میں ایسی تڑپ ہے کہ وہ اپنے مالک کی اس بغاوت پر تکلیف محسوس کرنا تو کچھ بھی نہیں دنیا کو الٹ دینے کے لئے تیار ہو جائے؟ کس کے دل میں اپنے سجدوں اور ریاضتوں کے یکتا وتنہا مالک کے لئے اتنی غیرت موجود ہے کہ ان سوالوں پر اس کا خون کھول اٹھے؟ کسے جہنم کا اتنا خوف لاحق ہے کہ وہ معاشرے میں رائج اس شرک اور ہلاکت کے راستے کو ذرا اس نظر سے بھی دیکھ لے؟ عقیدہ توحید کا حقیقی شعور رکھنے والے جانتے ہیں کہ انبیاء کے منہج میں صرف سوال اٹھانا اور ان زندہ ترین سوالوں کے سامنے انسانی ضمیر کو لا کھڑا کرنا ہی دقت طلب مسئلہ رہا ہے پھر ہلاکت سے نجات کی تلاش شروع ہو جائے تو جواب انسان کے اندر ہی موجود ہوتا ہے

{ بَلِ الْإِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۔ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ }

"بلکہ انسان کا نفس خود اپنے آپ پر حجت ہے۔ اگرچہ کتنے ہی بہانے پیش کرے"۔ (القیمۃ:۱۴۔۱۵)

ایک شیطانی ماحول ہے کہ ذہنوں میں ایسے سوالات کو ہمیشہ سلاتا ہے' سو کتنے ہوں گے جو قبر سے پہلے ایسے ناگزیر سوالات کو وقت نہ دے سکیں گے؟

وہ لوگ جو طاغوت سے ازلی اور ابدی جنگ ان کے ایمان کا حصہ اور زندگی کا سرمایہ ہے اور پاکستان میں بستے ہوئے ان سے یہ بات بھی اوجھل نہیں کہ طاغوت نہ تو کوئی خلائی مخلوق ہے اور نہ بیرون ملک پائی جانے والی سوغات' بلکہ ان کے سروں پر چھائی ایک زندہ اور بھیانک حقیقت ہے وہ ان سبھی سوالات کا جواب اس ملک کے بالغ انسانوں کے ''حق رائے دہی'' کے علاوہ اور کیا دے سکتے ہیں؟اس اہم ترین مسئلہ کے بارے میں اگر سوال بھی واضح ہو جائے اور جواب بھی تو اس کے حکم کے بارے میں ویسے ہی کچھ کہنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

ووٹ کا حکم' طاغوت سے قربت کا ہر راستہ جہنم کو جاتا ہے

عموماً اس نظام کے طاغوت ہونے کا مقدمہ اولی تو بڑی آسانی سے مان لیا جاتا ہے مگر جب اس سے لازم آنے والے امور اور احکام پہ بات ہوتی ہے تو پھر یہ کہہ کر سرے سے پہلے مقدمہ کو ہی مشکوک کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ '' ٹھیک ہے طاغوت تو ہے مگر ایسا بھی نہیں کہ سچ مچ کی ٹھن جائے''۔اس بنا پر ہماری گزارش ہے کہ اس سے پہلے اس ملک کے دو ابواب کو اچھی طرح پڑھ لیاجائے پھر اگر آپ اس بات پر متفق ہو جائیں کہ اس ملک پر جھوٹ موٹ کا طاغوت سوار نہیں بلکہ ویسا ہی ہے جیسا ہوا کرتا ہے تو ہماری آئندہ گزارشات انشاءاللہ فائدہ مند ہو سکیں گی۔

طاغوت کو جان لینے اور پھر اسے ووٹ اور مینڈیٹ دینے کا مطلب سمجھ لینے کے بعد اس کا شریعت میں حکم پوچھنا کوئی معنی ہی نہیں رکھتا۔اگر آپ یہ علم ہی نہیں بلکہ ایمان بھی رکھتے ہیں کہ یہ نظام باطل ہے اور اس کے کارساز اللہ کے شریک' جو کہ ننگی فلموں اور طوائف کے کوٹھوں سے ہزار ہا گنا بڑھ کے اللہ کے غضب اور اس کے عذاب کو دعوت دینے والا ہے تو پھر ایسے طاغوت کی پانچ سالہ تقریب ولادت {انتخابات} میں شرکت جرم کیوں نہ ہو گی؟ جہنم اور ہلاکت کے لئے جب یہ دروازہ ہے تو اسے

کھولنے کے لئے زور مارتی خلقت کا ساتھ دینا اور جب وہ کھل جائے روگزرنے والوں کے جرم سے لاتعلقی کا اظہار کرنا یا یہ کہنا کہ میں نہ بھی کھولتا تو وہ کھل ہی جاتا' کون سی ایمانی منطق ہے؟ آئندہ صفحات میں ہم اس فعل کی قباحت کے دلائل ذکر کریں گے۔ شدید اختصار کی وجہ سے تفصیل کسی اور موقع پر اٹھار کھتے ہیں۔

باطل کی ہمنوائی

عموماً یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ ووٹ اچھے یا برے نظام کا اختیار ہوتا ہے۔ حالانکہ سبھی امیدوار اسی ایک نظام کے تحت اور اسی کے دائرے میں انتخاب لڑتے ہیں کامیاب ہونے کے بعد اسی نظام کی متعین کی ہوئی حدود سے سرمو انحراف نہیں کر سکتے۔ اس نظام کا متعین کیا ہوا کردار ان کا واضح ترین مقصد ہوتا ہے۔ اسمبلی میں پہنچنے کے بعد اسی آئین اور قانون کے تحفظ کی قسم کھاتے ہیں اور اللہ کے دین کو قانون کا درجہ بھی عطا کر دیں، پھر بھی "طاغوت" ہی رہیں گے۔ غرض پچھلے ابواب میں ان کا جو کفر ہم نے بیان کیا ہے وہ سارا کفر پانچ سال تک کرتے رہنے کے لئے یہ نظام ملک کے ہر بالغ انسان کی ایک پرچی کا محتاج ہوتا ہے۔ کہنے کو تو ایک پرچی ہے مگر کسی کو اس کے بارے میں اختلاف نہیں کہ رائج نظام کو پانچ سال تک چلانے کے لئے اصولاً یہ ایک اختیارات کی سند ہوتی ہے۔

قرآن مجید نے صرف طاغوت ہی نہیں "اولیاء الطاغوت" کا بھی ذکر کیا ہے کیونکہ طاغوت کو جب تک طاغوتی منصب پر فائز نہ کیا جائے وہ رب بن ہی نہیں سکتا۔ چنانچہ طاغوت اپنے تقرر کے لئے اولیاء الطاغوت کا محتاج ہوتا ہے۔ اب بتایئے اگر اس ملک کے طاغوت کا چناؤ لوگوں کے ووٹ نہیں کرتے تو اور کیا چیز ہے جو طاغوت کے تقرر کی رسم پوری کرتی ہے؟

طاغوت کے انتخابات کی صورت میں باطل کی یہ ہمنوائی تو بہت بڑی بات ہے اللہ نے تو ظالمین کی جانب تھوڑے سے جھکاؤ اور میلان ہی کی وجہ سے جہنم کی وعید سنائی ہے

{ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ }

"اور دیکھو ظالموں کی طرف ہر گز جھکنا ورنہ تمہیں آگ چھولے گی"۔(ھود:۱۱۳)

ذرا شیخ الاسلام محمد بن عبد الوہابؒ سے اس جھکاؤ کی تفسیر بھی سن لیجئے:

"ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: {لَاتَرْكَنُوْا} سے مراد "میلان بھی نہ رکھو"۔

عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں مراد ہے:

"تم ان کی بات نہ مانو' ان سے محبت اور لگاؤ نہ رکھو' نہ انہیں (مسلمانوں کے) امور سونپو مثلاً کسی فاسق فاجر کو کوئی عہد سونپ دیا جائے"۔

امام سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

"جو ظالموں کے ظلم کے لئے دوات بنائے یا قلم تراش دے یا انہیں کاغذ پکڑا دے وہ بھی اس آیت کی وعید میں آتا ہے"۔(مجموعہ التوحید ۱۱۶)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے کہ:

"منافق کو صاحب' جناب تک بھی نہ کہو کیونکہ اگر وہ تمہارا صاحب ہے تو تم نے اپنے رب کو ناراض کر لیا"۔ (مجموعہ التوحید از محمد بن عبد الوہاب ص۱۱۸ تا ۱۱۹)

شرک میں معاونت تو خیر بڑی بات ہے سود جو صرف ایک گناہ ہے اسلام نے اس کے لئے جو راستے بند کئے ہیں ذرا ان پر ایک نظر ڈال لیجئے۔ عموماً خیال کیا جاتا ہے کہ صرف سود کھانا حرام ہے مگر رسول اللہ ﷺ کا فرمان سنئے:

((عن جابر قال لعن رسول اللہ ﷺ اکل الربا وموکله وکاتبه وشاهدیه وقال هم سواء))

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے لعنت کی سود کھانے والے پر 'کھلانے والے پر 'سودی کھاتہ لکھنے والے پر اور سودی معاملے کے دونوں گواہوں پر اور فرمایا: یہ سب ایک برابر ہیں''۔(صحیح مسلم)

آج کے فقیہوں کی نظر خوردبین کیوں نہیں دیکھتی کہ کبھی ایسا ہوا ہے جو سود کی چٹی بھرنے والا ''مجبور'' نہ ہو اور بخوشی پیٹ کاٹنے کے لئے تیار ہو جاتا ہو۔ پھر کھاتہ لکھنے والے اور راہ چلتے گواہ بن جانے والے کس طرح سود سے پیٹ بھرنے والے کے برابر کے مجرم ہو سکتے ہیں؟ اور کیا گواہ یہ نہ سوچ لیتے ہوں گے کہ وہ گواہی بھی نہ دیں تو دوسرے تو دے ہی دیں گے مگر یہ تو کیا اس کے علاوہ کسی اور طریقہ سے بھی اگر اللہ کے اس ایک حکم کی نافرمانی میں کم یا زیادہ معاونت کی جائے اسی طرح حرام اور پھٹکار کی مستحق ہو گی۔ چنانچہ امام نوویؒ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

''یہ حدیث باطل کی مدد واعانت کے حرام ہونے کی دلیل ہے''۔

اسی طرح شراب ایسے صرف ایک گناہ کے ضمن میں رسول اللہ ﷺ نے اس کے نچوڑنے 'بنانے 'خریدنے' بیچنے اور پینے پلانے والوں سمیت دس آدمیوں پر پھٹکار بھیجی ہے۔

''عن انس بن مالك رضى الله عنه، قال لعن رسول الله ﷺ فى الخمر عشرة عاصرها ومعتصرها والمعصورة له وحاملها والمحمولة له وبائعها والمبيوعة له وساقيها والمستقاة حتى عد عشرة من هذا الضرب''

''حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کی وجہ سے دس آدمیوں پر لعنت فرمائی۔ شراب نچوڑنے والا، نچڑوانے والا اور جس کے لئے نچوڑی جائے اور اٹھا کر لے جانے والا اور جس کے لئے اٹھائی جائے اور فروخت کرنے والا اور جس کے لئے فروخت کیا جائے اور پلانے والا اور جس کے لئے پلائی جائے۔ اسی قسم کے دس افراد شمار کئے''۔(صحیح سنن ابن ماجہ للالبانی ص ۲۴۳)

اگر گناہ کی اس ایک بات میں مددگار بننے پر ایسی وعید ہے تو پھر شرک کے نظام کو بنانے یا چلانے میں جو معاونت ہوتی ہے اس کس قدر لعنت برستی ہوگی؟

یہ جان لینے کے بعد اگر کسی میں اللہ کے سامنے ایسی جرات کرنے کا برتہ ہو تو وہ بڑے شوق سے ''چھوٹے کفر'' کا انتخاب کر سکتا ہے۔ مزید جراءت ہو تو اللہ کی مخلوق کو بھی فتویٰ دے کے ساتھ لگا سکتا ہے۔

ووٹ کفر بالطاغوت کے عقیدہ کے منافی ہے

غیر اللہ کے انکار کے لئے طاغوت کی ہمنوائی ترک کر دینا تو ضروری ہے ہی' جیسا کہ پچھلے نکتے میں واضح کیا گیا ہے' مگر یہ غیر اللہ کے انکار کی صرف ایک ہی شق ہے۔ اب اس کی دوسری شق ہے کہ اس سے بڑھ کر طاغوت سے کفر اور مخاصمت بھی کی جائے۔

{وقد امروا ان یکفروا به}
''جبکہ ان کو طاغوت سے کفر کرنے کا حکم دیا گیا تھا''۔(النساء:٦٠)

سو یہ کہنا انتہائی مضحکہ خیز ہے کہ زبان سے تو طاغوت کے ساتھ کفر ہو مگر عملاً اسے منتخب تک کر لیا جائے تو اس میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔ اہل سنت کے ہاں ایمان قول اور عمل کا نام ہے اور ایمان سے عمل کو خارج کر دینا مرجئہ کا عقیدہ ہے لہٰذا کفر بالطاغوت دل' زبان اور عمل ہر لحاظ سے فرض ہوگا۔ یہ ایک ایسی دلیل ہے کہ اصول اہل سنت سے واقف انسان اس کا انکار ہی نہیں کر سکتا۔

اب اگر طاغوت سے کفر کا مذکورہ بالا مطلب سمجھتے ہیں تو بتائیے کفر بالطاغوت اور انتخاب طاغوت بیک وقت کیونکر جمع ہو سکتے ہیں؟

((من تشبہ بقوم فھو منھم))

انتخابات کے اس جاہلی ناٹک میں عملی شرکت اس حدیث کی رو سے دوبنیادوں پر ناجائز قرار پاتی ہے ۔ایک یہ کہ یہ جاہلی عمل مسلمانوں میں نہ تھا بلکہ کفار اور یہود ونصاریٰ سے نہ صرف آیا ہے بلکہ ابھی تک انہی کی تقلید میں یہاں چلتا ہے اس وجہ سے یہ یہود ونصاریٰ کی مشابہت ہے۔پھر یہاں کے جاہل اس کام کو پورے قومی، وطنی اور جاہلی اہتمام سے بجالاتے ہیں اس وجہ سے یہاں کے اہل باطل اور فساق میں مشابہت ہوتی ہے۔

رہا یہ مسئلہ کہ تشبہ صرف نیت کرنے سے ہوتا ہے تو عرض ہے کہ نیت سے تشبہ کا گناہ دوچند ضرور ہوجاتا ہے مگر صرف عمل سے بھی اس حدیث کی رو سے ممنوع ہے بلکہ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایسے مسلمانوں کو یہود ونصاریٰ کے جس تشبہ سے روکا گیا تھا وہ عملی ہی تھا ورنہ عمداًاور نیت کے ساتھ تشبہ کرنے کی تو ویسے ہی صحابہ رضی اللہ عنہم سے توقع نہ تھی۔

اہل جاہلیت کی مخالفت کرنا واجب ہے

اسلام نے صرف اتنا ہی نہیں کہا کہ یہود ونصاریٰ اور فساق وفجار کی مشابہت ترک کردی جائے بلکہ اس سے بڑھ کر یہ بھی واجب قرار دیا ہے کہ قصداًان کی مخالفت کی جائے اور جیسے وہ کرتے ہوں س عمداًاس کے برعکس کیا جائے۔یہ مسئلہ بہت معروف ہے اور گنجائش نہ ہونے کی سبب اس کی تفصیل یہاں ممکن نہیں۔

مسلمان ہر نماز کی ہر رکعت میں انبیاء وصالحین اور صدیقین وشہداء کا راستہ پانے کی دعا کرتا ہے اور مغضوب علیہم (یہود)اور ضالین (نصاریٰ) کے راستے سے پناہ مانگتا ہے۔اہل جاہلیت کے راستے سے یہ نفرت وپناہ جوئی اعتقادی تو ہے ہی عملی بھی ہوتی ہے۔امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

''ظاہری عمل میں (غیر مسلموں کے)) خلاف کرنا (دونوں ملتوں کے) اس امتیاز کو نمایاں کرتا ہے جو انسان کو اللہ کے غضب اور ضلال کے اسباب سے محفوظ رکھتا ہے اور اہل ہدایت ورضوان سے عقیدت بڑھاتا ہے پھر اللہ نے کامیابی کی مستحق اپنی جماعت اور اپنے بدبخت دشمنوں کے مابین موالات پر جو حرمت کی ابدی لکیر پھیر دی ہے اسے زندہ کرتا ہے۔'' (اقتضاء الصراط المستقیم ص ۱۱)

معصیت اور عذاب کی جگہوں سے دور رہنا فرض ہے

امام ابن قیم رحمہ اللہ مسجد ضرار کے واقعہ سے استنباط کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''انہی احکام میں یہ بھی شامل ہے کہ معصیت کی ان جگہوں کو جلا دیا جائے جہاں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی ہوتی ہو 'اس میں گرانا بھی آتا ہے 'جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے مسجد ضرار کو جلایا تھا جبکہ یہ مسجد تھی 'اس میں باقاعدہ نماز ادا کی جاتی تھی 'اللہ کا نام لیا جاتا تھا لیکن وجہ یہ تھی کہ اس کا مقصد تاسیس مسلمانوں کو ضرر پہنچانا اور تفرقہ وانتشار پیدا کرنا تھا' پھر وہ منافقین کی پناہ گاہ بھی تھی' اب جو چیز بھی اس طرح کی ہوگی خلیفہ کا فرض بنتا ہے کہ وہ اسے ختم کر دے چاہے تو مسمار کر دے یا نذر آتش کر دے اور چاہے تو اس کی ہیئت بگاڑ کے یا تبدیل کر کے 'جس سے اس کا مقصد فوت ہو جائے 'باقی رکھ لے ۔اب مسجد ضرار کا یہ حکم ہے تو شرک کے وہ اڈے تو ایسا حشر کئے جانے کے زیادہ قابل ہیں جس کے مجاور اپنے پیشواؤں کی ربوبیت کی ہی دعوت دیتے ہیں''۔ (زاد المعاد ۳-۵۷۱)

اندازہ کر لیجئے شرک کے اڈوں کی یہ بات امام ابن قیمؒ کے دور کی ہے۔ آج شرکیہ اڈے جو چہار سو پھیلے ہوئے ہیں اور حاکمیت میں اللہ کے ساتھ شرک کے مہا اڈے (پارلیمنٹ) کو ایک نظر برداشت کرنا کیونکر روا ہو سکتا ہے؟ ایسے معصیت کے کام اور جگہیں جہاں اللہ کا عذاب آسکتا ہو ایک صاحب عقیدہ مسلمان کے لئے نیک نیتی سے بھی کیوں نہ ہو' وہاں جانا ہی درست نہیں۔

امام نوویؒ صحیح مسلم کی اس حدیث کا ذکر کرنے کے بعد جس میں کعبہ پر چڑھائی کرنے والے لشکر کی تباہی کی پیشین گوئی ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہ اس میں وہ لوگ بھی مارے جائیں گے جو ان کے جرم میں کسی طرح بھی شریک نہ ہوں گے بلکہ صرف اس وقت ان کے ساتھ اس جگہ موجود ہوں گے 'فرماتے ہیں

''من کثر سواد قوم جری علیه حکمه فی ظاهر عقوبات الدنیا''

''اس میں اہل ظلم سے کوسوں دور رہنے اور دیگر باغیوں کی ہم نشینی سے خبر دار رہنے کا حکم دیا ہے تاکہ جب ان پر عذاب آئے تو آدمی محفوظ رہے''۔(شرح النووی لصحیح مسلم ۷:۱۸)

''جو شخص کسی قوم کی کثرت اور رونق بڑھاتا ہے دنیا کی ظاہری عقوبات میں اس پر انہی کے حکم کا اطلاق ہوتا ہے'' (شرح نووی صحیح مسلم ۷:۱۸)

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اسی ضمن میں اللہ تعالیٰ کا اپنے رسول کو مسجد ضرار کے بارے میں وہ حکم آتا ہے ''لا تقم فیه ابدا'' کہ اے نبی! تم اس میں کھڑے تک نہ ہونا'' کیونکہ وہ عذاب کی جگہوں میں آتی تھی۔ جس پر کہ ''علی شفا حرف هار فانهار فی نار جهنم'' کے لفظ دلالت کرتے ہیں۔

اب جب شریعت نے ایسی جگہ تک جانے میں کفار کے ساتھ شرکت سے منع فرمایا ہے جہاں ان پر عذاب نازل ہو چکا ہو تو ان کے ان اعمال ہی میں شرکت کے بارے میں کیا خیال ہے جن کے کرنے کی بنا پر وہ آئندہ عذاب کے مستحق ہیں؟ اگر یہ کہا جائے کہ یہ عمل جو وہ کرتے ہیں اس میں ان کی مشابہت مطلوب نہ ہو تو وہ حرام نہ ہو گا اور ہمارا مقصد ان سے تشبہ نہیں' پھر اسی طرح اگر ان کے پیچھے چلنا مقصود نہ ہو تو صرف اس جگہ چلے جانے میں کوئی معصیت نہیں جبکہ ہمارا مقصد اس میں بھی ان کی مشابہت کرنا نہیں تو (بات یہ ہے کہ) ان جگہوں پر چلے جانے کی بہ نسبت ان جگہوں پہ سرزد ہونے والے کام میں شرکت عذاب کی زیادہ مستحق ہے کیونکہ ان کے وہ تمام کام جو قرون اولیٰ کے مسلمانوں کے کام نہیں یا تو کفر

ہیں یا معصیت یا شعار معصیت یا کفر و معصیت کا پیش خیمہ اور یا پھر معصیت تک پہنچانے والے ہوں گے۔ میرا نہیں خیال کہ ان تمام باتوں میں کسی کو اختلاف ہو سکتا ہے' پھر اگر اس میں کوئی اختلاف کرلے تو بھی اس بارے میں تو اختلاف ممکن ہی نہیں کہ ان امور میں کفار کی مخالفت (برعکس کام) کرنا افضل اور کفر و معصیت کے کاموں میں ان کی مخالفت ایسے فرض سے قریب تر ہے"۔ (اقتضاء الصراط المستقیم:۸۰:۷۹)

سد الذرائع

اسلام نے برا کام ہی ممنوع قرار نہیں دیا اس کی طرف جانے والے سب راستے اور دروازے بھی بند کر دیئے ہیں۔ جس طرح نماز ایسی نیکی کے کام کے لئے اسلامی معاشرے میں ہونے والے تمام انتظامات واجبات اور مستحبات میں شمار ہوتے ہیں اسی طرح برائی کی راہ ہموار کرنے والے تمام مقدمات اور انتظامات بھی ممنوع ہیں۔ چنانچہ جہاں یہ فقہی قاعدہ ہے کہ "ما لم یتم الواجب الا به فهو واجب" وہ چیز جس کے بغیر فرض کی ادائیگی ناممکن ہو تو خود بھی فرض ہوتی ہے "وہاں یہ بھی ہے" مادی الی الحرام فھو حرام" "جو چیز حرام کا سبب بنتی ہو وہ بھی حرام ہوتی ہے" اس بنا پر یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ طاغوت کو منتخب کرنا صحیح اس کا منتخب ہونا غلط ہے جبکہ یہ ایک ایک ہی سکے دو رخ ہیں۔

طاغوت کا انتخاب تو بہت بڑی بات ہے، فقہائے اسلام نے تو اس اصول (سد الذرائع) کی رو سے انگور 'جو کہ خود بھی حلال ہے اور اس کی خرید و فروخت بھی' ایسے شخص کو فروخت تک کرنا حرام کرنا قرار دیا ہے جو اس سے شراب بناتا ہو۔ اسی طرح ایک بدکار انسان کو اسلحہ کی فروخت بھی ممنوع ہے۔ پھر فتنہ کے وقت بھی اسلحہ کی فروخت ممنوع ہو جاتی ہے جبکہ فی نفسہٖ اس کو رکھنا یا بیچنا حلال ہے۔ اس باب میں علماء اسلام کی تصنیفات کھنگال لیجئے کہیں ایسی گنجائش نہیں ملتی کہ جب پتہ ہو کہ شراب بنانے والا ہزار جگہوں سے انگور خرید سکتا ہے میں فروخت بھی نہ کروں تو دوسرے کر دیں گے۔ یہ سوچ کر اسے بیچ دیا جائے کہ شراب بننے سے تو اب رک نہیں سکتی 'کیوں نہ اس سودے کے نتائج کو اپنے حق میں کر لیا جائے؟ ووٹ کو صرف ایک پرچی سمجھنے والے کیا نہیں دیکھتے کہ مذکورہ بالا سبھی چیزیں حلال تھیں مگر

حرام مقصد کی وجہ سے خود بھی ممنوع ہو گئیں؟ جبکہ حرام مقصد بھی دینے والے کا نہیں صرف لینے والے کا تھا۔

{ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا }

"رحمن کے بندے وہ ہیں جو باطل اور فریب کے تماشائی نہیں بنتے اور کسی بے ہودہ ولغو چیز پر ان کا گزر (بھی) ہو جائے تو (اک معززانہ شان بے نیازی سے) گزر جاتے ہیں"۔(الفرقان:۷۲)

اس آیت کی تفسیر میں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"یہ مشرکین کے جشن اور عیدوں کے بارے میں ہے"۔

عکرمہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"یہ ایک کھیل تھی جو جاہلیت کے زمانے میں کھیلی جاتی تھی"۔

ضحاک رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"مراد ہے شرک کی بات"۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"جب اللہ تعالیٰ نے اس (زور ولغو) کا نہ دیکھنا ہی قابل ستائش بتایا ہے، جو کہ صرف اتنا ہے کہ ایسی جگہ پر جا کے کچھ سن یا دیکھ لیا جائے، پھر خالی دیکھنے کی بات تو رہی ایک طرف اس بارے میں کیا خیال ہے کہ اس سے بڑھ کر ایسا عمل ہی کر لیا جائے جو کہ بجائے خود عمل زور میں آتا ہے؟" (اقتضاء الصراط المستقیم:۱۷۸)

روم اور ایران کی جنگ

کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے روم وایران کی جنگ میں روم کی حمایت کی تھی اس لئے ہم بھی انتخابات میں چھوٹے کفر کی حمایت کرنے کے مجاز ہیں۔ یہ شبہ دو غلط فہمیوں پر مبنی ہے:
(۱)اول تو یہ ثابت نہیں کیا جاسکتا کہ رسول اکرم ﷺ نے رومیوں کی کسی طرح کی حمایت کی تھی 'حدیث کی کسی روایت میں یہ آیا ہو کہ آپ e نے رومیوں کی کسی طرح کی مدد فرمائی تھی یا زبان کی حد تک حمایت کا اعلان فرمایا تھا؟ ایسی کسی بھی بات کا دعویٰ کیا جاسکتا ہے نہ ثبوت فراہم ہو سکتا ہے۔ واقعہ صرف اتنا ہے کہ

ایرانیوں کی فتح پر قریش خوش ہوتے تھے اور رومیوں کی فتح پر مسلمان 'علمی امانت سے کام لیا جائے تو اس سے بڑے کافر کی شکست پر خوش ہونے کا جواز ہے۔ رہا کسی کفر کا ہاتھ بٹانا' ساتھ دینا یا زبان کی حد تک ہی تائید وحمایت کرنا تو ایسے کسی بھی واقعہ کا اگر اللہ کے رسول ﷺ پر دعویٰ کیا جاتا ہے تو وہ آپ e پر بہتان ہے اور اگر ایسا دعویٰ نہیں کیا جاتا تو پھر سرے سے مسئلہ ہی نہیں بنتا۔

یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ وہ خوشی جس کا قرآن مجید میں ذکر آیا ہے (یومئذ یفرح المومنون) مفسرین کی ایک جماعت کے نزدیک وہ رومیوں کی فتح کے بارے میں نہیں بلکہ غزوہ بدر کی فتح کی پیشین گوئی ہے۔ تاہم اگر رومیوں کی فتح کے بارے میں بھی ہو تو اس سے صرف خوشی کا جواز نکلتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ وضاحت بھی فائدے سے خالی نہیں کہ حضرت ابو بکر t نے جو شرط بدی تھی وہ بھی رومیوں کے لئے جذباتی ہونے کی بنا پر نہیں بلکہ قرآن اور رسول اکرم ﷺ کی پیشین گوئی کی حقانیت کی وجہ سے تھی کہ کافر روم کی فتح ناممکن قرار دیتا تھا۔

(۲) دوسری غلط فہمی ووٹ اور میڈیٹ کا مطلب نہ سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ یہ فرض کر لینے کے بعد کہ رسول اکرم ﷺ نے رومیوں کی تائید کی تھی ووٹ کو بھی ویسی ہی تائید سمجھ کے جائز کر لیا جاتا ہے۔ سو نہ پہلا مقدمہ درست ہوتا ہے اور نہ دوسرا۔ جبکہ ووٹ ایک جاہلی نظام میں اس کے شہریوں کی

شرکت اور خود طاغوتوں ہی کا انتخاب ہوتا ہے۔اس سلسلے میں اس بات کی ابتداء میں ووٹ کا مطلب دوبارہ دیکھ لیا جائے۔

چھوٹا کفر اور کمتر برائی

کفر چھوٹا ہو یا بڑا جب اس کا مطلب معبود برحق کی بغاوت ہے تو اسے اپنی نمائندگی کا حق تفویض کرنا تو بہت ہی بڑی بات ہے ہمارے دین کی تعلیم یہ ہے کہ نہ صرف اس سے براءت کی جائے بلکہ اس پر تیشے چلانے کے لئے بھی تیار رہا جائے۔ کفر بالطاغوت کے ضمن میں ہم نے وضاحت کی ہے کہ چونکہ ایمان سے عمل خارج نہیں اس لئے ہر قسم کے طاغوت سے اعتقاداً، قولاً اور عملاً کفر کرنا فرض ہے۔ چھوٹے کفر کا انتخاب جائز قرار دینے والے علماء واساتذہ کرام سے حد درجہ احترام کے ساتھ درخواست ہے کہ اس سلسلے میں چین بھارت یار یچھ کتے کی لڑائی کی بجائے شرعی دلیل سے مستفید فرمائیں۔

یہ مسئلہ تو سرے سے زیر بحث ہی نہیں کہ ایک کفر بہ نسبت دوسرا بدتر ہو سکتا ہے یا یہ کہ جائز طریقے سے ایک کفر سے دوسرے کو مروایا جاسکتا ہے یا نہیں۔ دلیل تو صرف اس بات کی چاہئے کہ ایسے کسی مقصد کے لئے باطل نظام کے تحت کفر کو منتخب کرنا، اپنی نمائندگی کا حق تفویض کرنا اور اللہ کے ساتھ شرکت کے منصب پر تقرر کیلئے سند دینا بھی جائز ہو جاتا ہے۔ اسی موخر الذکر مسئلہ پر کوئی جواز کی دلیل پیش کی جائے تو بحث فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ رہا اول الذکر سوال تو اس پر بحث ہی کس نے کی ہے تا آنکہ جواب یا دلیل دینے کی نوبت آئے؟

جہاں تک اخف الضررین (کمتر برائی) کے مسئلہ کا تعلق ہے تو دراصل یہ مصالح اور مفاسد کی ترجیح کی بنیاد پر ہی ہوتا ہے اس بارے میں درخواست ہے کہ گزشتہ باب میں مصلحت پر ہماری گفتگو اچھی طرح پڑھ لی جائے۔

رہی یہ بات کہ کفر کو تشریع مالم یاذن بہ اللہ کا حق نہ دے کہ ہم بڑے کفر کی راہ ہموار کر رہے ہیں تو سوال یہ ہے کہ دنیا کب چھوٹے اور بڑے کفروں سے خالی رہی ہے؟ پھر یہ اصول کس فقیہ نے استنباط

کیا ہے کہ جب بھی کبھی دو بد معاشوں کی طبیعت جنگ و جدل کے لئے کسمسائے تو وارثان نبوت پر فرض ہو جاتا ہے کہ اپنا پورا وزن کمتر بد معاش کے پلڑے میں ڈال دیں؟ ذرا اس اصول کو دنیا کے فسادات میں ''اسلامی کردار'' ادا کرنے کیلئے لاگو کیجئے آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ آپ کس دلدل میں پھنس گئے ہیں ۔باطل کا بالکلیہ انکار اور طاغوت سے کفر جو اللہ نے فرض کیا ہے اس سے عہدہ بر آں ہونے کے لئے ایسے وقت کے انتظار کی آخر کیا دلیل ہے 'جب جہاں بھر کے چھوٹے بڑے کفر سائز میں ایک سے ہو جائیں گے 'اور تاوقتیکہ ایسا نہ ہو باطل اور کفر کا بالکلیہ انکار معلق رہے گا!؟

جمہوریت کی اسپیئر پارٹ اسمگلنگ

ایک ''فقہی'' نکتہ یہ اٹھایا جاتا ہے کہ ووٹ کو باقی نظام سے الگ کر کے دیکھنا چاہئے کیونکہ جب اس میں اصل برائی قانون سازی ایسا شرک ہے تو صرف اسی کو برا اور غلط کہنا چاہئے جبکہ ووٹ بہر حال اس میں نہیں آتا۔

کسی ملک کے کسٹم قوانین سے کھیلنے کیلئے عموماً مشین کو الگ الگ پرزوں کی صورت میں اسمگل کر لیا جاتا ہے۔سو جمہوریت کو بھی داخل اسلام کرنے کیلئے یہ تدبیر کی جاتی ہے آپ نے ووٹ حلال کر دیا دوسرے نے امیدواری اور ممبری جائز کر دی تیسرا ذرا اس سے زیادہ بے تکلف ہو گیا تو وزارت ایک بدعنوان آدمی سے بچا کر اپنے پاس رکھ لی۔دلیل سب ہی کے ہاتھ کہیں نہ کہیں سے لگ جائے گی 'آخر جمہوریت کے جوڑ کھول دیئے تو اب اس کی ہر چیز الگ الگ حیثیت میں دیکھی جائے گی۔حرام یہ تب ہو گی جب پوری ہو اور پوری جمہوریت کو دیکھنے سے ممانعت کر دی جائے گی۔

(ا)جہاں تک ووٹ کو معمولی سمجھنے کا تعلق ہے اور خاص طور پر یہ کہنا کہ ایک ہمارے ووٹ سے تو اسمبلی قائم نہیں ہوتی تو عرض یہ ہے کہ فتویٰ سب کے لئے ہوتا ہے اور سب کے ووٹوں سے ہی اسمبلی وجود میں آتی ہے۔اگر ہر آدمی کے لئے اس بنا پر ووٹ حلال کیا جائے کہ اس کے ووٹ سے کوئی فرق نہیں پڑے گا تو ایسے تفقہ کی داد دینی چاہئے کہ اسمبلی بھی تشکیل پا گئی اور کسی ایک فرد کا گناہ تک بھی

لازم نہ آیا۔ آخر افراد کے مجموعہ کے مینڈیٹ سے ہی تو اسمبلی وجود میں آتی ہے۔ یہ فقاہت بالکل ایسی ہی ہے کہ شراب چونکہ نشہ آوری کی بناپر منع ہے اس لئے اس کی صرف وہ مقدار حرام ہوگی جو نشہ کردے، رہی اس سے کم مقدار تو اس پر کوئی قدغن نہیں۔ جبکہ رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق:

((ما اسکر کثیرۃ فقلیله حرام))

"جس چیز کی کثرت نشہ لائے اس کی تھوڑی سی مقدار بھی حرام ہے"(صحیح سنن ابن ماجہ للالبانی)

(۲) رہی یہ بات کہ اللہ کی شریک اسمبلی بننا غلط ہے اسے ووٹ دینے میں کوئی حرج نہیں تو سوال یہ ہے کہ ووٹ تفریح طبع کے لئے تو بہر حال نہیں ڈالے جاتے۔ آخر اسمبلی کے قیام کے علاوہ ووٹ کا کیا مقصد ہے؟

(۳) گذشتہ ابواب میں ہم نے اس بات کی خاصی وضاحت کرنے کی کوشش کی ہے کہ قانون سازی وتشریع کا حق صرف استعمال کرنا نہیں بلکہ اسے رکھنا ہی شرک ہے۔ اب جب اسمبلی قانون سازی نہ کرتے ہوئے بھی طاغوت ہوتی ہے اور ووٹ کا مقصد اس اسمبلی کی تاسیس کے علاوہ کچھ بھی نہیں تو ووٹ کو الگ کرکے دیکھنے میں آخر کونسی فقاہت ہے؟

(۴) پھر کوئی آدمی اس بات سے بھی انکار نہیں کرسکتا کہ اس نظام شرک میں ایک عام شہری کی عملی طور پر موثر ہونے والی شرکت کے علاوہ کچھ ہی ہے نہیں۔ پانچ سال تک چاہے آپ مخالفت میں بولتے رہیں یا حمایت میں ایک عام آدمی کی حیثیت سے اس میں آپ کا عملی کردار ان پانچ سالوں میں صرف ایک دن ایک خاص لمحے کے لئے ہی ہوتا ہے۔ اس سے زیادہ آپ کچھ کرہی نہیں سکتے جسے حرام یا حلال کہا جائے۔ اب اس میں جو زیادہ سے زیادہ عملی کردار ممکن ہے اس میں تو آپ اور عقیدہ توحید سے جاہل آدمی ایک برابر ہوگئے پھر باقی کیا بچا جس سے پرہیز کیا جائے؟

عوام کی جہالت

کہا جاتا ہے کہ اس نظام کی حقیقت کے بیان میں جو تم خامہ فرسائی کرتے ہو اور اس میں ووٹ کی حیثیت بتاتے ہو کون شخص یہ سوچ کر اس میں شرکت کرتا ہے کہ وہ طاغوت کا انتخاب کر رہا ہے؟ یہ بات تو ان کے ذہن میں ہوتی تک نہیں۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ اگر لوگ نہیں جانتے تب ہی تو ہم ان کے سامنے اس نظام باطل کی حقیقت آشکارا کرتے اور انہیں اس میں شرکت سے روکتے ہیں۔ اگر آپ بھی اسے شر و باطل سمجھتے ہیں تو خود بھی آگے بڑھ کر:

{اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ وَاجۡتَنِبُوا الطَّاغُوۡتَ}
”اللہ ہی کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو“ (النحل:۳٦)

ایسی دعوت کی سنت انبیاء پر عمل کا بیڑا اٹھائیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ حق اور ناحق کے مسئلے میں کسی کا علم یا لاعلمی خود اس کیلئے قابل عذر ہونے کی حد تک تو زیر بحث ہو سکتی ہے اس سے حلال و حرام تبدیل نہیں ہوا کرتے بلکہ اس صورت میں بیان حق ناگزیر تر ہو جاتا ہے۔

پھر تیسری بات یہ ہے عوام الناس کسی حکم کو اطلاق تو زیر بحث ہی نہیں لیکن اگر ایسی لاعلمی یا لاپرواہی حجت بھی ہو جایا کرے تو دنیا میں کون سی برائی برائی رہ جائے گی؟ ووٹ دینے کا مسئلہ تو پھر چھوٹا ہو گا یہ جو مزارات پر انسانوں کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ شرک بواح کرتے نظر آتے ہیں ان میں ایسے کتنے ہوں گے جو اپنے فعل کا پورا مطلب جانتے ہیں؟ ہندوستان کے وہ ”مسلمان“ جو تاج برطانیہ کیلئے پہلی اور دوسری جنگ عظیم میں اپنے خون کے نذرانے پیش کرتے رہے ہیں وہ کس بصیرت کی بناء پر شیطان کی راہ میں

مرتے رہے ہیں؟ عوام الناس کا سمجھنا یا نہ سمجھنا اگر حق وباطل میں تمیز کی کسوٹی تسلیم کر لیا جائے تو پھر اللہ کی طرف سے آئی کتاب کا کوئی اور ہی کام تجویز کرنا پڑے گا۔

اسمبلی میں کوئی اچھا آدمی نہیں رہے گا

اگرچہ ہمیں اندازہ ہے کہ عام لوگوں پر ہماری دعوت کا کتنا اثر ہو سکتا ہے تاہم اگر دین خالص کی بصیرت کے حاملین کی اتنی تعداد ہو جائے جو انتخابات کے نتائج پر اس حد تک اثر انداز ہو سکے کہ ان کے ووٹ نہ دینے سے اسمبلی متاثر ہو جاتی ہو تو وہ دن اس معاشرے کی خوش بختی کا ہو گا، کہ ایسے دن کیلئے تو چشم فلک بھی ترستی ہے۔ اہل توحید کا عقیدہ صرف ووٹ نہ دینے کا سبق ہی نہیں دیتا انبیاء کی سنت میں معاشرے کے اندر حق اور باطل کی کشمکش بھی تو کھڑی کرتا ہے۔ اس کشمکش کے لئے باطل کے چہرے سے اسلامی ملمع کاری کی تہیں کھرچنا خاص طور پر ضروری ہوتا ہے۔

جہاں تک اسمبلی میں "اچھا" آدمی نہ رہنے کا سوال ہے تو ایک بات تو یہ ہے کہ اسمبلی میں جانیوالا آدمی اچھا ہوتا کہاں ہے؟ پھر اگر اس پر بات نہ کی جائے تو بھی اسمبلی کے حسن وجمال کی فکر تو اسے لاحق ہو جو اس پر ایمان رکھتا ہو اور اسکی زیبائش کی خاطر اس میں کچھ دیندار بھی باقی رہنا ضروری خیال کرتا ہو۔[1]

---

[1] بقول مولانا مودودی:

"اکثر یہ اندیشہ پیش کیا جاتا ہے کہ اگر ہم اسمبلیوں سے پرہیز کریں تو ان پر غیر مسلم قابض ہو کر نظام حکومت سے تنہا مالک ومتصرف بن جائیں گے اور اگر نظام باطل کے کل پرزے ہم نہ بنیں تو دوسرے بن جائیں گے اور اس طرح زندگی کے سارے کاروبار پر قابض ہو کر وہ ہماری ہستی ہی کو ختم کر دیں گے، حتیٰ کہ اسلام کا نام لینے والے باقی ہی نہ رہیں گے کہ تم ان سے خطاب کر سکو۔ لیکن واقعہ یہ ہے ک یہ اندیشے جتنے ہولناک ہیں اس سے زیادہ خام خیالی کے نمونے ہیں اگر ہم نے کہا ہوتا کہ صرف ایک منفی پالیسی اختیار کر کے مسلمان زندگی کا سارا کاروبار چھوڑ دیں اور گوشوں میں جا بیٹھیں تو یہ اندیشے ضرور کسی حقیقت پر مبنی ہوتے ... لیکن ہم اس نفی کے ساتھ ساتھ ایک اثبات بھی تو پیش کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ مسلمان اس نظام کے ساتھ سازگاری کرنے کی بجائے دنیا میں نظام حق قائم کرنے کے لئے منظم سعی شروع کر دیں اور دوسری قوموں کے ساتھ اپنے دنیوی مفاد کیلئے کشمکش اور مزاحمت کرنے کی بجائے ان کے

ہمارے ووٹ نہ دینے سے کیا ہو جائے گا

اس کا مختصر جواب اگرچہ یہ بھی دیا جاسکتا ہے کہ آپ کے ووٹ ڈالنے سے بھی کیا ہو جائے گا ‘مگر ایسے موقعہ پر مومنانہ اظہار بے نیازی ہی دین کا تقاضا ہے۔ اسلام کیلئے سب سے زیادہ نا قابل برداشت امر تو یہی ہے کہ باطل کی عمارت پر حق کا پینٹ کر دیا جائے یا غلاظت کے ڈھیر پر اسلام کا ورق سجایا جائے۔ اگر اس نا قابل برداشت امر کی راہ روکنے میں آپ کوئی کردار ادا کرنے کی پوزیشن میں ہیں تو تردد کس بات کا؟

اسلام عرش سے نازل ہونے والا بابرکت وباعزت دین اور اصولی عقیدہ ہے۔ پوری خلقت اللہ رب العزت کیلئے آمادہ اطاعت ہو جائے یا نافرمانی پر تل جائے اسلام کی صحت پر تو اس کا کیا اثر ہو گا اس کا معمولی سے معمولی حکم بھی اپنی جگہ سے نہیں ہٹایا جاسکتا۔

اس کے لئے جائز وناجائز کا تعین زمین پر بسنے والے کر ہی نہیں سکتے۔ یہ تو انسانوں کی اپنی آزمائش کیلئے آیا ہے۔ سو جاہلیت کے نہ ماننے کے ڈر سے اس کے پیچھے لائن میں لگ جانے کے لئے اپنی عافیت کی فکر اسے کبھی نہیں ہوئی۔

{إِنِّيٓ أَخَافُ إِنۡ عَصَيۡتُ رَبِّي عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيمٍ}

”اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں“۔(یونس ۱۵)

سامنے وہ دین حق پیش کریں جس کی پیروی میں تمام انسانوں کی فلاح ہے اور قرآن کے ذریعہ سے ‘سیرت رسول ﷺ کے ذریعہ سے اور اخلاق اسلامی کے ذریعہ سے دنیا میں فکری ‘اخلاقی ‘معاشی اور تمدنی اور سیاسی انقلاب برپا کرنے کی کوشش کریں“ ۔(تحریک آزادی ہند اور مسلمان حصہ دوم ص ۲۳۰ تا ۲۳۱)

اس پر ایمان لانے والوں کو بھی اپنے عقیدہ کی عظمت وبے نیازی پر ایسا یقین ہوتا ہے کہ دریاؤں کے رخ بدلنے اور پہاڑوں کے دل چیرنے کے عزم لے کر معاشرے میں اترتے ہیں۔ پھر اپنے دین کی حقانیت' اپنے ایمان کی پختگی اور اپنے رب کی توفیق سے بسا اوقات اس انہونی کو بھی ہونی کر دیتے ہیں اور اپنے عزم کو ایک زندہ ومحسوس اور جیتی جاگتی حقیقت کا روپ بھی دے دیا کرتے ہیں۔ ایسا نہ بھی ہو سکے تو انہیں ملال ان نتائج کے عدم حصول کا نہیں ہوتا:

{ فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ }

"پس آپ ڈٹے رہیے اس بات پر جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ لوگ جو آپ کے ساتھ توبہ کر چکے ہیں" (ھود:۱۱۲)

ایسے حکم کی تعمیل میں کوتاہی کی فکر پریشان کرتی ہے۔ اس لئے پوری ایمانی بصیرت کے ساتھ جاہلیت کی اس ملک گیر رسم میں شرکت سے صاف انکار کر کے انسانوں کے زمینی معیاروں کو طمانچہ رسید کیا جا سکے تو کسی کیلئے چاہے کچھ بھی نہ ہو ان کے لئے تو یہ ایک سعادت ہے۔ مگر اس کی قدر صرف آگ سے بچنے کی فکر رکھنے والوں کو ہی ہو سکتی ہے۔

پہلے متبادل دیجئے

اگر آپ اس نظام کو باطل تسلیم نہیں کرتے تو اور بات ہے لیکن اسے باطل تسلیم کر کے متبادل لانے کا چیلنج دینا یہی معنی رکھتا ہے کہ کفر اور باطل کا متبادل نہیں ہوا کرتا۔ متبادل کا پیشگی تقاضا گویا ایسے ہی ہے کہ تا آنکہ یہ پیش نہ کیا جائے "ہم ایمان لانے کے نہیں"۔ دین برحق کو اپنانے کے لئے باطل کو چھوڑ دینا ہی تو باطل کا متبادل ہے. آپ جو یہ حل دوسروں سے طلب فرما رہے ہیں' وہ تو خود آپ کے پاس ہے۔[1]

[1] متبادل کے سلسلے میں مولانا مودودی کا جواب:

وہ دیندار حضرات جو لاجواب کر دینے والے انداز میں جمہوریت کا متبادل طلب فرماتے ہیں خود انہی نے سود اور اس جیسے بے شمار خبائث کا کونسا ''متبادل'' پیش کر دیا ہے جو انہیں ختم کرنے کے صبح وشام مطالبے کیا کرتے ہیں؟

اسلام سے حل پیش کرنے کے مطالبہ کا مذاق تو نیا نہیں تشویشناک بات یہ ہے کہ اس جاہلی مطالبے میں اچھے خاصے معقول لوگ بھی شامل ہو جاتے ہیں۔ دنیا کے نظام ایک دوسرے کے متبادل ہوں تو ہوا کریں مالک الملک کے دین کو متبادل مان لینے سے زیادہ اور اس کی کیا اہانت ہو گی؟ سو جہانوں کے رب سے متبادل نہیں طلب کیا جاتا بلکہ پورے ادب کے ساتھ اس سے یہ سوال کیا جاتا ہے کہ جہنم کے عذاب سے بچنے کے لئے ہمارا فرض کیا ہے؟ سارا فرق ''متبادل'' اور۔''فرض'' دریافت کرنے میں مضمر ہے۔ اسلامی متبادل کا مطالبہ تو دین برحق کے ساتھ محض دل لگی ہے'ہاں جو اپنا فرض دریافت کرنے کے لئے اسلام کی چوکھٹ پر آتا ہے اللہ اسے خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا۔

دراصل ایسا مطالبہ کرنے والے حضرات کی خواہش ہے کہ معاشرے کا یہ ڈھب تو جوں کا توں رہے اس پر جو شیطان مسلط ہیں ان پر بھی ہاتھ ڈالا جائے'اس کے شب وروز بھی یونہی رہیں'شغل میلے بھی چلتے رہیں'کوئی بھی بڑی تبدیلی بھی نہ کرنی پڑے'اس میں موجود باطل عقائد اور افکار پر بھی تیشے نہ چلیں

''میرا خیال ہے کہ آپ حضرات ایک ایسی پیچیدگی میں پڑ گئے ہیں جس کا کوئی حل شاید آپ نہ پاسکیں اور وہ پیچیدگی یہ ہے کہ ایک طرف تو اس پوری مسلمان قوم کو ''مسلمان'' کی حیثیت سے لے رہے ہیں جس کے ننانوے فی صد افراد اسلام سے جاہل'اور پچانوے فیصدی منحرف اور نوے فیصدی انحراف پر مصر ہیں یعنی وہ خود اسلام کے طریقہ پر چلنا نہیں چاہتے اور نہ اس منشاء کو پورا کرنا چاہتے ہیں جس کے لئے ان کو مسلمان بنایا گیا ہے۔ دوسری طرف آپ کے حالات کے اس پورے مجموعہ کو جو اس وقت عملاً قائم ہے'تھوڑی ترمیم کے بعد قبول کر لیتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ حالات تو یہی رہیں اور پھر ان کے اندر کسی اسلامی اسکیم کے نفاذ کی گنجائش نکل آئے یہی چیز آپ کے لئے بڑی پیچیدگی پیدا کرتی ہے اور اسی وجہ سے میرا خیال یہ ہے کہ جن مسائل سے آپ حضرات تعرض کر رہے ہیں ان کا کوئی حل آپ کبھی نہ پاسکیں گے''۔(تحریک آزادی ہند اور مسلمان حصہ دوم ص ۲۳۳)

'اس کے تہذیب وتمدن کو بھی مسخ نہ کرنا پڑے 'نظام تعلیم بھی ویسے کا ویسا رہے اس کے معیاروں کو بھی ختم نہ کیا جائے 'اس کی قدروں کو بھی پامال نہ کیا جائے اور اس کی شکل وصورت پر بھی کوئی آنچ نہ آنے پائے... غرض یہ سب کچھ رہتے ہوئے اگر کوئی اسلامی حل پیش کر دے تا منہ مانگا انعام حاصل کر سکتا ہے آخر یہ سوال کیوں نہیں کیا جاتا کہ دوزخ کے کنارے پر یہ ایستادہ عمارت زمین بوس کیونکر ہو؟ اسلام کی فطرت سے ناواقف کیا جانیں کہ جاہلی نظام میں اس کا سمانا تو درکنار 'ایمان اور تقویٰ کی عمارت کے لئے تو شرک کا ملبہ تک کام میں نہیں آیا کرتا اور اللہ کے دین کی اقامت ایسی بنیاد اٹھانے کے لئے ایک ایک فرد کو پاک صاف کر کے جاہلیت کے اندھیروں سے ہدایت کے نور میں لایا جاتا ہے ۔طاغوت کے اس ڈھانچے کو ختم کرنے کی بجائے اسے اسلامی لباس کا ضرورت مند سمجھنے والے ہزار سال تک بھی صحرا نوردی کا شوق پورا کرنا چاہیں تو نہ کر سکیں گے۔

رہی یہ بات اس فرض کی بجاآوری کیونکر ہو تو سوال یہ ہے کہ رسولوں کی بعثت کے بعد کوئی حجت تو باقی نہیں رہی اب وہ لوگ کہاں ہیں جو اللہ کی غیر مشروط اطاعت و بندگی کیلئے کتاب اللہ سے اپنا فرض دریافت کریں اور اسے ادا کرنے کے لئے ہر وہ قیمت چکانا اپنے لئے باعث سعادت خیال کریں جس کا دین ان سے تقاضا کرتا ہو؟ اسلامائزیشن کے ڈھونگ نے اچھے بھلوں کے ذہن سے یہ حقیقت بھی اوجھل کر دی ہے کہ اسلام سے معجزوں کے مطالبے تو ہر دور میں ہوتے رہے ہیں مگر اسلام نے خود کسی کے مطالبہ کا پابند نہیں کیا۔ہاں اپنا مطالبہ پورا کرنے کی شرط ہر ایک پر عائد کی ہے جسے ایمان 'اسلام 'اطاعت: فرمانبرداری خود سپردگی اور غلامی وبندگی ایسے الفاظ سے موسوم کیا جاتا ہے۔اب جو لوگ اپنی عبودیت کا ایسا اظہار کر دیں کہ اسلام ہمارے تقاضوں کا غلام نہیں بلکہ ہم اس کے اشاروں پر چلنے کے پابند ہیں تو ایسے لوگوں کے لئے متبادل کا مسئلہ کبھی پیش ہی نہیں آیا.

{ وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ كَيْفَ يَهْدِي اللَّهُ قَوْمًا كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ وَشَهِدُوا أَنَّ الرَّسُولَ حَقٌّ وَجَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَاللَّهُ لا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ }

اس فرمان برداری (اسلام) کے سوا جو شخص کوئی اور طریقہ اختیار کرنا چاہے اس کا وہ طریقہ ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اور آخرت میں وہ ناکام ونامراد رہے گا۔ کیسے ہو سکتا ہے کہ اللہ ان لوگوں کو ہدایت بخشے جنہوں نے نعمت ایمان پالینے کے بعد پھر کفر اختیار کیا حالانکہ وہ خود اس بات پر گواہی دے چکے ہیں کہ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم حق پر ہے اور ان کے پاس روشن نشانیاں بھی آچکی ہیں۔ اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔ (آل عمران:۸۶-۸۵)

اب یا تو اس حقیقت ایمان سے واقف انسان زمام کار کے مالک ہوں مگر جب ایسا نہیں تو ان کا فرض یہی ہے کہ باطل کے انکار اور اللہ پر اس انداز کے ایمان پر جمے رہیں' دوسروں کو بھی اس کی طرف دعوت دیتے رہیں' اولوالعزم رسولوں کی پیروی میں پوری جوانمردی سے اپنے رب کی بڑائی بیان کرتے رہیں 'انتہائے سعی وکاوش صرف آخرت کو جانیں اور اللہ کی رحمت پر یقین رکھیں جو صرف محسنین کا حق ہے۔

اسْتَعِينُوا بِاللَّهِ وَاصْبِرُوا إِنَّ الأَرْضَ لِلَّهِ يُورِثُهَا مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ }

"اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو' زمین اللہ کی ہے' اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اس کا وارث بنادیتا ہے اور اخرو کامیابی انہیں کیلئے ہے جو اس سے ڈرتے ہوئے کام کریں۔"
(الاعراف:۱۲۸)

☆☆☆☆☆

پاک سرزمین کا نظام

کون نہیں جانتا کہ ملک میں رائج قانون قرآن کی محکم آیات سے نہیں بلکہ انگریزی قانون کی کالی کتابوں سے لیا جاتا ہے؟ ایسا بھی نہیں کہ یہ بات آئین پاکستان سے متصادم ہو اور سب کی سب عدالتیں اس حاکم اعلیٰ والی آئینی شق کے خلاف چل رہی ہوں جیسا کہ فریب دیا جاتا ہے کہ دستور تو اسلامی ہے گڑبڑ صرف اس کے نافذ کرنے والے کرتے ہیں۔ اس کے برعکس دستور کی دفعہ 268(1) کی عین یہی منشا ہے کہ قانون کتاب اللہ کی بجائے انگریزی دور کے صحیفوں سے لیا جائے گا...

جتنا بھی فریب دیا جاتا رہے مگر اس بات سے کون لاعلم ہے کہ عدلیہ'مقننہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اور افراد اسی قانون پر عملدرآمد کا حلف اٹھاتے اور اسی سے وفاداری کا عہد کرتے ہیں۔ قانون دان آپ کو یہی بتائیں گے کہ دستور پاکستان 'اللہ کے حاکم اعلیٰ ہونے کا یہ مطلب کہیں نہیں لیتا کہ اس کی اتاری ہوئی آیات کو قانون کا درجہ حاصل ہے۔ یہ ویسا ہی ہے کہ اللہ "الہ" تو ہے مگر اس کو بندگی کرانے کا حق نہیں! چنانچہ دستور میں مذکور یہ "حاکمیت اعلیٰ" کسی قانونی اطاعت اور آئینی فرمانبرداری کو مستلزم {لازمی} نہیں {کرتی ہے}۔ نہ یہ حاکم اعلیٰ والی شق غیر اللہ کے قانون کو باطل اور غیر اللہ کی بندگی کو حرام {کرتی ہے}۔ سو ملکی آئین میں اللہ حاکم اعلیٰ ضرور ہے مگر سیاست اور قانون کے ایوانوں میں امر و نہی اور تحلیل و تحریم} حلال و حرام { کا اختیار اسے نہیں بلکہ اس ملک کے قانون ساز خداؤں} ارکانِ پارلیمنٹ { کو ہے۔ رہا حاکم اعلیٰ تو اس کا حکم نہ تو پولیس کے لئے ہے نہ فوج کے لئے 'نہ عدالتیں اس کے قانون اور اس کے نازل کردہ حلال و حرام پر فیصلے دینے کی دستوراً پابند ہیں نہ شعبہ ہائے زندگی کو چلانے کے والے سرکاری اداروں پر اس کی آیات اور اس کے رسول کے فرمان کے سامنے سمعنا واطعنا کہنے کی کوئی آئینی پابندی ہے اور نہ تعلیمی اور نشریاتی شعبوں میں شرک والحاد کے سبق دینے پر کوئی قدغن۔ اس تمام تر شرک اور بغاوت کی کھلی آئینی چھٹی کے باوجود اللہ تعالیٰ اس آئین کی رو سے "حاکم اعلیٰ" ہے!

لا الٰہ کے دیس میں، کشورِ حسین میں
المیہ ہی المیہ، پاک سرزمین پر

دور تک اندھیرے ہیں، یاس کے بسیرے ہیں
گھات میں لٹیرے ہیں، غاصبوں ڈیرے ہیں

کیسی رات چھاگئی صبح آفرین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

اہل زر کا راج ہے، جبر و تخت و تاج ہے
ظلم کا سماج ہے، روگ لاعلاج ہے

ظلم کا یہ سلسلہ داغ ہے جبین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

خوف ہے ہراس ہے، تشنگی ہے پیاس ہے
چھت ہے نہ لباس ہے، چور چور آس ہے

ہائے لٹ گیا یقین مرکز یقین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

منتشر خیال ہے، خواب پائے مال ہے
روگ پُر ملال ہے، غم سے یوں نڈھال ہے

گر پڑی ہو جیسے چھت، زیریں چھت مکین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

دربدر جوان ہے، قوم کی جو آن ہے
کل کے پاسبان ہے، ذہن بد گمان ہے

بند آرزو کے در ہو گئے ذہین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

شہر یا گوٹھ ہے ، نظریوں کی اوٹھ ہے
نیتوں میں کھوٹ ہے ٹھوکریں ہے چوٹ ہے

رہزنیں کا ہو گمان اپنی ہم نشین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

بھیڑیئے ہیں روبرو، بہہ رہا ہے خو بہ خو
اپنا خوں جوں بجوں، تین زن چہار سو

سب کے سب جھپٹ پڑے آج اہل دین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر

سامراجیوں کی جنگ پورا ملک خون ورنگ
عقل رہ گئی ہے دنگ حکمران کی امنگ

جان و دل نثار ہے آج ایک لعین پر
المیہ ہی المیہ پاک سرزمین پر